# فہرست مضامین


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | مقدمہ ۔ مولانا محمد منظور نعمانی | ۱۱ |
| ۲ | دیباچہ طبع دوم مولانا سید ابوالحسن علی ندوی | ۲۷ |
| | **پہلا باب (۱)** خاندان، طفولیت، تعلیم اور سفر | ۳۱ |
| ۳ | خاندان | ۳۱ |
| ۴ | آپ کے دادا اور چچا صاحبان | ۳۲ |
| ۵ | مولانا محمد احسن | ۳۳ |
| ۶ | مولانا کلیم اللہ | ۳۴ |
| ۷ | مولانا محمد یسین | ۳۵ |
| ۸ | آپ کے والد حافظ احمد صاحب | ۳۵ |
| ۹ | ولادت وطفولیت | ۳۸ |
| ۱۰ | ابتدائی تعلیم | ۴۰ |
| ۱۱ | تحصیل علم کیلئے ہندستان کا سفر | ۴۱ |
| ۱۲ | سہارن پور | ۴۲ |
| ۱۳ | پانی پت | ۴۳ |
| ۱۴ | رام پور | ۴۵ |
| ۱۵ | والد صاحب کی آمد اور رامپور کی جفاکشانہ طالب علمی | ۴۷ |
| ۱۶ | دہلی | ۴۹ |
| ۱۷ | استغنا اور احتیاط | ۵۱ |
| ۱۸ | مختلف مقامات پر تعلیم کا سلسلہ | ۵۱ |
| ۱۹ | بریلی | ۵۲ |
| ۲۰ | ملازمت | ۵۲ |
| | **دوسرا باب (۲)** بےچینی اور روحانی انجذاب، مرشد کا انتخاب، اور رائے پور کی حاضری | ۵۴ |
| ۲۱ | بےچینی اور طلب | ۵۴ |
| ۲۲ | وجدانی یقین اور شرح صدر | ۵۵ |
| ۲۳ | انجذاب الی اللہ | ۵۷ |
| ۲۴ | حضرت شاہ عبدالرحیمؒ کے قدموں میں | ۵۸ |
| ۲۵ | رائے پور میں | ۵۹ |
| ۲۶ | ذکر کی تلقین اور مکان کی واپسی | ۵۹ |
| ۲۷ | رائے پور کا عزم اور قادیان کا سفر | ۶۰ |
| ۲۸ | دوبارہ رائے پور میں | ۶۲ |
| | **تیسرا باب (۳)** رائپور کا قیام، مجاہدہ و ریاضت، تربیت و تکمیل | ۶۴ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۹ | رائے پور کا مجاہدہ | ۶۴ |
| ۳۰ | ذکر کا انہماک | ۶۷ |
| ۳۱ | شیخ سے تعلق ومحبت، خدمت و فنائیت | ۶۸ |
| ۳۲ | رائے پور کی مشغولیت | ۶۹ |
| ۳۳ | گنتھلہ کا قیام | ۶۹ |
| ۳۴ | قرب واختصاص | ۷۰ |
| ۳۵ | اصلاح وتکمیل حال | ۷۱ |
| ۳۶ | سفر حج | ۷۱ |
| ۳۷ | حضرت رائپوری کا مرض وفات | ۷۳ |
| ۳۸ | غائیت اتحاد | ۷۵ |
| ۳۹ | اپنے بعد کا انتظام | ۷۵ |
| | **چوتھا باب (۴)** حضرت رائپوری کی وفات، رائپور کا قیام، نئی خانقاہ | ۷۸ |
| ۴۰ | حضرت رائپوریؒ کی وفات | ۷۸ |
| ۴۱ | رائے پور کا قیام | ۷۹ |
| ۴۲ | حضرت سہارنپوری کی توثیق | ۸۰ |
| ۴۳ | نئی خانقاہ کی بنیاد | ۸۰ |
| ۴۴ | نئی خانقاہ کی تعمیر | ۸۱ |
| ۴۵ | ابتدائی قیام کا انتظام | ۸۲ |
| ۴۶ | ترک سفر کا تہیہ | ۸۴ |
| ۴۷ | دوسرا حج | ۸۴ |
| | **پانچواں باب (۵)** اخلاص ومحبت اور اخلاق و تربیت کا ایک مرکز | ۸۷ |
| ۴۸ | زندگی اور مختلف طبقات کا وسیع مطالعہ وتجربہ | ۸۷ |
| ۴۹ | باہر کا انتشار اندر کے انتشار کا نتیجہ | ۸۸ |
| ۵۰ | قلب کا خلا اور بگاڑ | ۸۹ |
| ۵۱ | اخلاص کی کمی اور اخلاق کا فساد | ۹۰ |
| ۵۲ | اخلاص واخلاق کی جہانگیری اور کیمیاگری | ۹۲ |
| ۵۳ | جماعت کا وجود افراد پر اور اجتماعی اصلاح انفرادی اصلاح پر موقوف ہے | ۹۷ |
| ۵۴ | مخلص کے لئے خدا کی توفیق | ۹۸ |
| ۵۵ | اجتماعی اور متعدی کام کی اہلیت و صلاحیت | ۱۰۰ |
| ۵۶ | قلوب ونفوس کی تربیت کا ایک مرکز | ۱۰۰ |
| ۵۷ | عمومی بیعت اور اسکے اثرات | ۱۰۱ |

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۵۸ | خصوصی استفادہ و اصلاح | ۱۰۵ |
| | چھٹا باب (۶) رائے پور کے شب و روز | ۱۰۷ |
| ۵۹ | انسانیت کی صحت گاہیں | ۱۰۷ |
| ۶۰ | رائے پور کی خانقاہ | ۱۰۸ |
| ۶۱ | رائے پور کا نظام الاوقات | ۱۱۰ |
| ۶۲ | کتابوں کی خواندگی کا سلسلہ | ۱۱۷ |
| ۶۳ | ڈاک | ۱۲۰ |
| ۶۴ | بیعت کا سلسلہ | ۱۲۰ |
| ۶۵ | ختم خواجگان | ۱۲۰ |
| ۶۶ | رائے پور کی فضا | ۱۲۱ |
| ۶۷ | رائے پور کا رمضان | ۱۲۳ |
| | ساتواں باب (۷) سفر، اصلاحی و تبلیغی دور | ۱۲۶ |
| ۶۸ | مشرقی پنجاب کے دورے رجوع و | ۱۲۶ |
| | استفادہ | ۱۲۶ |
| ۶۹ | مغربی پنجاب | ۱۳۹ |
| ۷۰ | ضلع سہارنپور کے دورے | ۱۴۱ |
| | آٹھواں باب (۸) سیاسی رجحان، ملک کی تقسیم، فسادات | ۱۴۴ |

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| | آبادی کا تبادلہ اور حضرت کے دلی جذبات و تاثرات | |
| ۷۱ | حضرت کا سیاسی مسلک و ذوق | ۱۴۴ |
| ۷۲ | تقسیم سے اختلاف | ۱۴۵ |
| ۷۳ | تقسیم کے کمزور و مضر پہلو | ۱۴۶ |
| ۷۴ | مولانا مدنیؒ کی تائید | ۱۴۸ |
| ۷۵ | تقسیم کا نفاذ اور اسکے نتائج | ۱۴۹ |
| ۷۶ | دل کا زخم | ۱۵۰ |
| ۷۷ | نقصان کی تلافی اور اصلاح حال کی صورت | ۱۵۲ |
| ۷۸ | مسلمانوں کو جمانے اور تھامنے کا عظیم الشان کام | ۱۵۴ |
| ۷۹ | تائید غیبی اور حضرت کا جذبۂ تشکر | ۱۵۹ |
| ۸۰ | کارنامہ کی عظمت | ۱۶۳ |
| | نواں باب (۹) یوپی اور دہلی کے سفر، مشرقی پاکستان کا ایک سفر اور آخری سفر حج | ۱۶۵ |
| ۸۱ | یوپی کے سفر | ۱۶۵ |
| ۸۲ | لکھنؤ کے سفر | ۱۶۶ |
| ۸۳ | بریلی، رام پور، مراد آباد | ۱۷۰ |


Marfat.com

| نمبرشمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۸۴ | دہلی کا قیام | ۱۷۱ |
| ۸۵ | مشرقی پاکستان کا ایک سفر | ۱۷۳ |
| ۸۶ | آخری سفرِ حج | ۱۷۵ |
| | **دسواں باب (۱۰)** پاکستان کے سفر | ۱۸۳ |
| ۸۷ | پاکستان میں آپ کے ارادتمند | ۱۸۳ |
| ۸۸ | ناقابلِ شکست رشتہ | ۱۸۴ |
| ۸۹ | پاکستان کے سفر | ۱۸۵ |
| ۹۰ | تقسیم کے بعد پہلا سفر | ۱۸۵ |
| ۹۱ | مولانا عبداللہ صاحب فاروقی کا مکان | ۱۸۶ |
| ۹۲ | صوفی عبدالحمید کی کوٹھی | ۱۸۷ |
| ۹۳ | ڈھڈیاں | ۱۹۰ |
| ۹۴ | پاکستان کے رمضان | ۱۹۱ |
| ۹۵ | قیامِ پاکستان میں دو اضافے | ۱۹۱ |
| ۹۶ | کوٹھی حاجی متین احمد صاحب | ۱۹۴ |
| ۹۷ | لائل پور | ۱۹۶ |
| ۹۸ | آمدورفت کا منظر | ۱۹۷ |
| | **گیارہواں باب (۱۱)** علالت، پاکستان کا آخری سفر اور سفرِ آخرت | ۱۹۹ |

| نمبرشمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۹۹ | علالت کا سلسلہ | ۱۹۹ |
| ۱۰۰ | ڈاکٹر برکت علی مرحوم | ۲۰۰ |
| ۱۰۱ | بے نظیر خدمت | ۲۰۱ |
| ۱۰۲ | دوسرے معالج | ۲۰۲ |
| ۱۰۳ | رائے پور کا آخری قیام | ۲۰۳ |
| ۱۰۴ | آخری رمضان اور آخری سفرِ پاکستان | ۲۰۴ |
| ۱۰۵ | مولانا حافظ عبدالعزیز صاحب کے خانقاہ میں قیام کا فیصلہ | ۲۰۴ |
| ۱۰۶ | پاکستان کے سفر کی اطلاع اور آنے والوں کا ہجوم | ۲۰۶ |
| ۱۰۷ | سفر کا التوا | ۲۰۹ |
| ۱۰۸ | دوبارہ پاکستان کا قصد | ۲۱۰ |
| ۱۰۹ | پاکستان کا سفر | ۲۱۰ |
| ۱۱۰ | لاہور کا قیام اور زندگی کے آخری ایام | ۲۱۱ |
| ۱۱۱ | تعلق و شفقت میں اضافہ | ۲۱۲ |
| ۱۱۲ | مواعظ کا دور اور اس پر رقت | ۲۱۲ |
| ۱۱۳ | صلحائے وقت سے تعلق و محبت | ۲۱۳ |
| ۱۱۴ | رقت و شوق کا غلبہ | ۲۱۵ |
| ۱۱۵ | طالبین کی نگرانی اور پرداخت | ۲۱۶ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۱۶ | تبلیغ واصلاح کا جذبہ | ۲۱۶ |
| ۱۱۷ | علالت کے اشتداد کے بعد افاقہ | ۲۱۷ |
| ۱۱۸ | مسلمانوں کے حالات کی فکر | ۲۱۸ |
| ۱۱۹ | ہندستان کی واپسی کی خواہش اور رائے پور کا تقاضہ | ۲۱۹ |
| ۱۲۰ | علالت کا دوبارہ اشتداد اور مستقل غشی | ۲۲۰ |
| ۱۲۱ | تشویش وفکرمندی | ۲۲۱ |
| ۱۲۲ | ختم اور دعائے صحت | ۲۲۲ |
| ۱۲۳ | طبی جدوجہد | ۲۲۲ |
| ۱۲۴ | ماحول کی سکینت | ۲۲۴ |
| ۱۲۵ | آخری دن | ۲۲۴ |
| ۱۲۶ | وفات | ۲۲۵ |
| ۱۲۷ | مدفن کا انتخاب | ۲۲۶ |
| ۱۲۸ | نماز جنازہ | ۲۲۸ |
| ۱۲۹ | لائل پور | ۲۲۸ |
| ۱۳۰ | سرگودھا | ۲۲۸ |
| ۱۳۱ | تدفین | ۲۲۹ |
| ۱۳۲ | حلیہ | ۲۳۰ |

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| | **بارھواں باب (۱۲)** باطنی کیفیات اور نمایاں صفات | ۲۳۲ |
| ۱۳۳ | محبت وشوق | ۲۳۲ |
| ۱۳۴ | قرآن مجید سے شغف اور اس کی تلاوت کا انداز | ۲۳۷ |
| ۱۳۵ | محبت رسولؐ | ۲۳۸ |
| ۱۳۶ | صحابہ کرام سے تعلق ومحبت | ۲۴۰ |
| ۱۳۷ | اپنے شیخ اور اکابر سے تعلق | ۲۴۲ |
| ۱۳۸ | بےنفسی وفنائیت | ۲۴۶ |
| ۱۳۹ | زہد وتوکل اور بذل وسخا | ۲۵۱ |
| ۱۴۰ | مقبولیت ومحبوبیت | ۲۵۸ |
| ۱۴۱ | محبت وشفقت | ۲۵۹ |
| ۱۴۲ | نومسلموں سے خصوصی تعلق اور شفقت | ۲۶۶ |
| ۱۴۳ | حقیقت پسندی اور حالات زمانہ سے باخبری | ۲۷۷ |
| ۱۴۴ | اسلام کی فکرمندی اور مسلمانوں کے لئے دلسوزی | ۲۸۶ |
| | **تیرھواں باب (۱۳)** خاموش دینی خدمات، تحریکوں کی سرپرستی ورہنمائی اور کارکنوں کی ہمت افزائی | ۲۸۹ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۴۵ | پس پردہ رہنمائی و سلسلہ جنبانی | ۲۸۹ |
| ۱۴۶ | تحریک احرار | ۲۹۰ |
| ۱۴۷ | تحریک قادیانیت کی تردید اور اس کا مقابلہ | ۲۹۴ |
| | **چودھواں باب (۱۴)** حضرت رائپوری اور ان کے معاصرین | ۳۰۳ |
| ۱۴۸ | معاصرت کی نزاکت | ۳۰۳ |
| ۱۴۹ | مشترک احترام و اعتماد | ۳۰۴ |
| ۱۵۰ | حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ | ۳۰۵ |
| ۱۵۱ | حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنیؒ | ۳۰۵ |
| ۱۵۲ | حضرت مولانا محمد الیاس صاحب کاندھلویؒ | ۳۰۷ |
| ۱۵۳ | شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب مدظلہ | ۳۱۱ |
| ۱۵۴ | حضرت مولانا احمد علی صاحب لاہوریؒ | ۳۱۴ |
| ۱۵۵ | دوسرے شیوخ و اکابر | ۳۱۶ |
| | **پندرھواں باب (۱۵)** سلوک و معرفت | ۳۱۹ |

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۵۶ | سلسلۂ طریقت | ۳۱۹ |
| ۱۵۷ | مقام تحقیق و اجتہاد | ۳۲۲ |
| ۱۵۸ | مقصود کار | ۳۲۳ |
| ۱۵۹ | ذکر و سلوک کی ضرورت | ۳۲۴ |
| ۱۶۰ | صحبت و محبت کی تاثیر | ۳۲۷ |
| ۱۶۱ | حقیقت ذکر | ۳۲۸ |
| ۱۶۲ | تربیت و تعلیم میں اجتہاد | ۳۲۹ |
| ۱۶۳ | انوار و کیفیات کی عدم اہمیت | ۳۳۲ |
| ۱۶۴ | سالک کی ترقی اور محمود و اطمینان بخش کیفیت | ۳۳۵ |
| ۱۶۵ | دوام ذکر و سعی مسلسل | ۳۳۶ |
| ۱۶۶ | اپنی سعی و محنت کی ضرورت | ۳۳۸ |
| ۱۶۷ | سالک کی ترقی اور احساس نسبت کا فقدان | ۳۴۰ |
| ۱۶۸ | تصوف دینی کاموں کی حیات و قوت کا ذریعہ | ۳۴۱ |
| ۱۶۹ | صحبت کی تاثیر اور قوت نسبت اور اشراف علی الخواطر | ۳۴۲ |


Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمداً وسلاماً

# مقدمہ

★ ——— مولانا محمد منظور نعمانی

حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے کشکول "تفہیمات الٰہیہ" کی پہلی ہی تفہیم میں ہے:-

"انبیاء علیہم السلام جن چیزوں کی اہمیت اور خصوصیت سے دعوت دیتے ہیں وہ بنیادی طور پر تین ہی چیزیں ہیں۔

ایک مبدأ و معاد وغیرہ سے متعلق عقائد کی تصحیح ——— اس شعبہ کو علماء عقائد و اصول نے سنبھال لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مساعی کو مشکور فرمائے اور جزائے خیر دے۔

دوسرے عبادات و معاملات اور معاشرت وغیرہ انسانی اعمال کی صحیح صورتوں کی تعلیم اور حلال و حرام کا بیان ——— اس شعبہ کی کفالت فقہائے اُمت نے اپنے ذمہ لی ہے اور اس میں انھوں نے امت کی پوری رہنمائی اور رہبری کی ہے۔

Marfat.com

تیسرے اخلاص و احسان (یعنی ہر عمل خالص لوجہ اللہ اور اس دھیان کے ساتھ کرنا کہ میرا مالک مجھے اور میرے عمل کو دیکھ رہا ہے ــــــ اور یہ تیسری چیز دین و شریعت کے مقاصد میں سب سے زیادہ دقیق اور عمیق ہے اور پورے نظام دینی میں اس کی حیثیت وہ ہے جو جسم میں روح کی، اور الفاظ کے مقابلہ میں معنی کی ــــــ اور اس شعبہ کی ذمہ داری صوفیائے کرام رضوان اللہ علیہم نے لی ہے وہ خود راہ یاب ہیں اور دوسروں کی رہنمائی کرتے ہیں، خود سیراب ہیں اور دوسروں کو سیراب کرتے ہیں، وہ بڑے بانصیب اور انتہائی سعادت مند ہیں۔"

(تفہیمات آلہیہ ص۱۲-۱۳ ملخصاً)

اللہ تعالےٰ نے اپنے جن بندوں کو دینی فہم اور کتاب و سنت کے علم کا کوئی حصہ عطا فرمایا ہے وہ یقیناً محسوس کریں گے کہ چند سطروں کی اس مختصر سی عبارت میں شاہ صاحبؒ نے انبیاء علیہم السلام کی دعوت اور ان کے لائے ہوئے نظام دینی کا نہایت جامع خلاصہ پیش کر دیا ہے اور آخر میں تصوف اور صوفیاء کے بارے میں جو فرمایا ہے اس سے تصوف کی حقیقت و غایت اور صوفیاء کرام کا کام و مقام پوری طرح سامنے آجاتا ہے۔ واقعہ یہی ہے کہ تصوف ــــــ جیسا کہ شاہ صاحبؒ نے فرمایا ہے ــــــ دین و شریعت کی روح اور اس کا جوہر ہے اور صوفیائے کرام ہی اس دولت کے حامل و امین ہیں اور جس طرح جسم کبھی روح سے بے نیاز نہیں رہ سکتا، اسی طرح امت مسلمہ اپنے دینی وجود میں کبھی تصوف اور صوفیائے ربانی سے بے نیاز نہیں ہو سکتی۔

امت کو جس طرح ہر دور میں ان علماء اور فقہاء کی ضرورت ہے جو فاسد عقائد اور گمراہانہ خیالات سے امت کی حفاظت کرتے ہوئے عقائد حقہ کی تعلیم دیتے رہیں اور زندگی کے مختلف شعبوں عبادات،

معاملات، معاشرت وغیرہ کے متعلق اللہ و رسول کے احکام امت کو بتاتے اور حلال و حرام کے بارے میں انکی رہنمائی کرتے رہیں اسی طرح امت کی یہ بھی ایک دائمی ضرورت ہے کہ اس میں ایسے اصحاب ارشاد ربانیین پیدا ہوتے رہیں جن کی فکر و توجہ کا خاص نشانہ اور موضوع قلوب کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ وہ ربط و تعلق ہو جس کو کتاب و سنت کی زبان میں اخلاص و احسان کہا جاتا ہے ——

اللہ تعالیٰ نے دین کی حفاظت کا جو تکوینی انتظام فرمایا ہے اس میں کتاب و سنت کی علمی و کتابی حفاظت کے ساتھ امت میں ایسے علماء و فقہاء اور صوفیائے ربانیین کا مسلسل وجود بھی شامل ہے اور امت کی گذشتہ ساڑھے تیرہ سو سال کی دینی تاریخ کی شکل میں وہ ہمارے سامنے موجود بھی ہے اور یہ محفوظ تاریخ بھی اس خداوندی انتظام کے سلسلہ کی ایک مستقل کڑی ہے۔

اللہ تعالیٰ کی حکمت بالغہ اور اس کی صفت رحمت و ربوبیت نے جب ہمارے اس دور میں بھی (جو بلاشبہ الحاد و مادیت اور خدا فراموشی کا دور ہے) دین کو زندہ و محفوظ رکھنے کا فیصلہ فرمایا تو اس کے حامل و محافظ بھی پیدا فرمائے۔ آج کے بحر ظلمات میں علماء حق اور صوفیاء ربانیین کا وجود —— خواہ ان کی تعداد کتنی ہی کم ہو —— اللہ تعالیٰ کی حکمت و مشیت کے اسی فیصلہ کا نتیجہ ہے اور یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ جب تک دین کو اس دنیا میں زندہ باقی رکھنا چاہے گا اس کے خاص حاملین و محافظین بھی پیدا ہوتے رہیں گے۔

یہ کتاب جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے ہمارے اس دور کے ایک صاحب ارشاد ربانی شیخ مرشدنا حضرت شاہ عبدالقادر رائپوری قدس سرہ کا تذکرہ ہے، حضرتؒ کے حالات اور سوانح تو انشاء اللہ آپ اصل کتاب میں پڑھیں گے، یہ ناچیز جس کو مقدمہ لکھنے کا شرف حاصل ہو رہا ہے، اصل کتاب سے پہلے حضرت کی شخصیت کے اجمالی تعارف کیلئے اپنے

Marfat.com

چند تجربات اور احساسات وتأثرات حضرتؒ کے بارہ میں عرض کردینا مناسب سمجھتا ہے امید ہے کہ جو ناظرین صاحب سوانح قدس سرہ کی شخصیت سے پہلے سے واقف نہیں ہیں، وہ راقم سطور کے یہ احساسات پڑھ کر کتاب کی اہمیت کو زیادہ محسوس کریں گے، پھر انشاء اللہ کتاب کا مطالعہ ان کے لئے زیادہ فائدہ مند ہوگا۔

سب سے پہلے وہی تجربہ اور واقعہ ذکر کرتا ہوں جو خود میری زندگی میں موڑ کا سبب بنا اور جس کے نتیجہ میں حضرتؒ سے اور اس سلسلہ سے وابستگی نصیب ہوئی۔

اس عاجز کی زندگی میں ایک مختصر سا عرصہ ایسا بھی گزرا ہے جب دل میں تصوف اور اہل تصوف کے بارہ میں کچھ اُسی قسم کے شکوک وشبہات پیدا ہو گئے تھے جو ہمارے اس زمانہ کے بہت سے لکھے پڑھوں میں پیدا ہو جاتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کا یہ فضل رہا کہ اس سلسلہ کے جن اکابر اور صاحب ارشاد مشائخ سے میں واقف تھا (اپنے خیال میں ان کو ایک علمی اور اجتہادی غلطی میں مبتلا سمجھنے کے باوجود) دل سے ان کا ادب کرتا تھا اور ان کو اپنے جیسوں سے ہزاروں درجہ بہتر اللہ کا مخلص ومقبول بندہ جانتا تھا ـــــ اپنے اسی حال اور اسی دور میں ۱۹۴۲ء میں، میں سخت بیمار پڑا، پھر اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا اور صحت ہو گئی لیکن اس بیماری کا پیدا کیا ہوا غیر معمولی ضعف بہت دنوں تک باقی رہا، میرے معالجین نے مجھے مشورہ دیا کہ کچھ دن میں کسی ایسی جگہ قیام کروں جہاں کی آب وہوا بھی صحت بخش ہو اور مجھے زیادہ سے زیادہ آرام اور سکون مل سکتا ہو ـــــ میں دو تین سال پہلے (۱۹۳۹ء میں) رائے پور کی خانقاہ ایک دفعہ دیکھ چکا تھا (اس حاضری کا ذکر انشاء اللہ آگے آئے گا) مجھے یہ جگہ سکون اور آب وہوا کے لحاظ سے بہت پسند آئی تھی، اس وقت صرف ایک دن اور دو رات قیام رہا تھا اور اگرچہ خانقاہی مشاغل سے اپنی طبیعت کو

اس وقت بھی کوئی خاص مناسبت نہیں تھی، لیکن صاحب خانقاہ (قدس سرہٗ) کی عنایت، شفقت اور مزاجی وفکری مناسبت نے اپنا گرویدہ بنالیا تھا ـــــ معالجین کے مشورہ کے مطابق جب میں نے کہیں جانے کے بارہ میں سوچا تو رائے پور کی خانقاہ ہی کا فیصلہ کیا اور چلا گیا، وہاں پہنچ کر مخصوص خانقاہی مشاغل دیکھ دیکھ کے دل میں اعتراضات اور سوالات ابھرنے شروع ہوئے، پہلے ان کو دباکر خاموش رہنے کی کوشش کی لیکن اس میں کامیاب نہ ہوسکا اور موقع پاکر حضرت ممدوح کی خدمت میں عرض کردیا، یقین تھا کہ حضرت میرے سوالات اور اشکالات کا جواب دیکر مجھے مطمئن کرنے کی کوشش ضرور فرمائیں گے، (مجھے یہ بات اس وقت بھی معلوم تھی کہ حضرت صرف صاحب خانقاہ درویش اور عارف ہی نہیں ہیں بلکہ عالم فاضل بھی ہیں اور ایک مدت تک درس تدریس کا مشغلہ بھی رہا ہے) لیکن حضرت نے ایک لفظ بھی اس سلسلہ میں نہیں فرمایا بلکہ اس کے برعکس اعتراف وانکسار اور پسپائی وخودشکنی کا ایسا رویہ اختیار فرمایا کہ اگر اللہ کی توفیق شامل حال نہ ہو تو میں اس جاہلانہ زعم میں مبتلا ہوسکتا تھا کہ حضرت بھی میرے اشکالات کا جواب نہ دے سکے ـــــ میں نے دو نشستوں میں دو دفعہ حضرتؒ کے سامنے اپنے اشکالات عرض کئے اور حضرتؒ نے دونوں دفعہ یہی رویہ اختیار فرمایا اور جواب اور دفاع میں ایک لفظ بھی نہیں فرمایا، میرے لئے حضرت کا یہ رویہ اتنا حیرت انگیز تھا کہ میں اس کی وجہ سوچنے پر مجبور ہوگیا جب میں نے اس بارہ میں غور کیا اور خود اپنے باطن کا جائزہ لیا تو محسوس ہوا کہ میری اس گفتگو کا محرک مخلصانہ طلب نہیں ہے بلکہ میری حیثیت ایک "مدعی" اور "معترض" کی ہے اور یہ حضرت کی بلند مقامی ہے کہ بجائے یہ فرمانے کے کہ "معترضوں اور مدعیوں کو جواب دینا ہمارا طریقہ نہیں ہے" خودشکنی اور پسپائی کا یہ طریقہ اختیار فرمارہے ہیں ـــــ اس کے بعد حق کے ایک طالب اور جویا کی حیثیت سے میں نے خود بھی

حضرتؒ کے اوصاف وکمالات اور سوانح حیات آپ اصل کتاب میں پڑھیں گے اپنے یہ چند احساسات تو راقم سطور نے جیسا کہ عرض کیا صرف اس لئے یہاں ذکر کئے کہ جو ناظرین حضرت قدس سرہٗ کی شخصیت سے پہلے سے بالکل واقف نہیں ہیں وہ بھی حضرتؒ کے بارہ میں مقدمہ سے اتنا جان لیں جس سے وہ کتاب کی اہمیت کو سمجھ سکیں اور پھر اس کے مطالعہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکیں۔

اب مجھے درمیان سے ہٹ کر ناظرین کو جلدی موقع دینا چاہیئے کہ وہ اصل کتاب کا مطالعہ کریں لیکن محترم ناظرین سے میں اتنی اجازت اور چاہوں گا کہ مصنفِ کتاب رفیق محترم مولانا علی ندوی اور صاحبِ سوانح مرشدنا حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری قدس سرہٗ کے تعلق کے بارہ میں بھی ان کو کچھ بتا دوں، مقدمہ نگار کی حیثیت سے یہ میرا فریضہ ہے اور چونکہ اس تعلق میں شروع سے آخر تک میری اور مولانا علی کی رفاقت رہی ہے بلکہ ایک طرح سے میں ہی انکے اس تعلق کا ذریعہ بنا ہوں، اس لئے اس کی تاریخ غالباً میں ہی سب سے زیادہ جانتا ہوں۔

۲۴۔۲۵ سال پہلے کی بات ہے ۱۹۳۹ء کا غالباً دسمبر کا مہینہ تھا کہ ایک نیم سیاسی اور نیم دینی مقصد کیلئے تین ہم خیال دوستوں نے ایک سفر شروع کیا، دو تو ہم دونوں ہی تھے یعنی مولانا علی اور راقم سطور اور تیسرے رفیق ہمارے دوست حاجی عبدالواحد صاحب (ایم اے) تھے اس سفر ہی میں ہم تینوں پہلی مرتبہ رائے پور کی خانقاہ میں حاضر ہوئے میں اگرچہ رائپور پہلی دفعہ اس سفر ہی میں حاضر ہوا تھا لیکن اپنے بعض سفروں میں حضرت قدس سرہ کی زیارت بعض دوسرے مقامات پر اس سے پہلے بھی کر چکا تھا اور اپنے محترم اور عنایت فرما مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی مرحوم سے حضرتؒ کے بارے میں بہت کچھ سنے ہوئے تھا، اس لئے حضرتؒ سے اچھی خاصی واقفیت اور عقیدت تھی اور چونکہ "الفرقان" شروع ہی سے حضرت کی خدمت میں جاتا تھا اور حضرت اس کو دلچسپی سے ملاحظہ فرماتے تھے، اس لئے حضرت بھی اس عاجز سے کچھ واقف تھے، لیکن ہمارے ان دونوں رفیقوں

Marfat.com

کی حضرتؒ کی خدمت میں بھی یہ پہلی ہی حاضری تھی اور یہ حضرتؒ سے واقف بھی نہیں تھے اسلئے اس سفر کے پروگرام میں رائپور میری ہی تحریک سے شامل کیا گیا تھا۔

ہمارے اس چھوٹے سے سہ نفری قافلہ کا قیام رائے پور کی خانقاہ میں صرف دو راتیں اور ایک دن رہا، اس تھوڑے سے وقت میں ہم نے حضرت کو جو کچھ جانا اور سمجھا (جو دراصل بہت ہی ناقص جاننا تھا) اس سے ہم تینوں کے دل میں حضرت کی محبت کا بیج پڑ گیا، جو حسب استعداد نشو ونما پاتا رہا، یہ اوپر عرض کیا جا چکا ہے کہ ہم نے یہ سفر ایک نیم سیاسی نیم دینی مقصد سے کیا تھا، اس سفر کا کوئی تعلق اس مقصد سے نہیں تھا جس کیلئے عام طور پر خانقاہوں میں اور صاحب ارشاد مشائخ کی خدمت میں اللہ کے بندے حاضر ہوتے ہیں ___ لیکن بالآخر اسی سفر کا یہ نتیجہ بھی ہوا کہ ہم تینوں نے الگ الگ اپنے اپنے مقدر وقت پر حضرت ہی کی حلقہ بگوشی کا فیصلہ کیا ___ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ۔

اس کے بعد میں اس حقیقت اور واقعہ کا اظہار بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ اگرچہ یہ ناچیز ہی مولانا علی کے رائے پور جانے اور حضرت سے تعلق قائم ہونے کا اول ذریعہ بنا اور حضرتؒ سے بیعت کا شرف بھی پہلے ناچیز ہی کو حاصل ہوا، لیکن موصوف کی ان کی خداداد صفات اور خصوصیات کی وجہ سے جن کی اللہ کے ہاں اور اس کے مقبول بندوں کے ہاں بھی زیادہ قدر و قیمت ہے حضرتؒ کے ہاں محبوبیت کا جو مقام ان کو حاصل ہوا وہ اس ناچیز کے لئے موجب مسرت ہونے کے باوجود ہمیشہ رشک وغبطہ کا باعث بھی بنا رہا۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ۔

اس موقع پر یہ ظاہر کر دینا بھی مناسب ہو گا کہ مولانا علی کی اس محبوبیت میں ان کی جن خصوصیات کو دخل تھا ان میں سے ایک یہ بھی تھی کہ اللہ کے مقبول بندوں کی سوانح نگاری اور تذکرہ نویسی ان کا خاص محبوب شغل ہے اور اللہ تعالیٰ نے انھیں اسکی خاص صلاحیت بخشی ہے (۱) سب سے پہلے انھوں نے اپنی بالکل نو عمری میں "سیرت سید احمد شہیدؒ" لکھی جس نے اب سے پچیس ۲۵ سال

21677

Marfat.com

پہلے جب اس برصغیر میں وہ سیاسی انقلاب شروع ہو رہا تھا جو ۱۹۴۷ء میں مکمل ہوا، یہاں کے مسلمانوں پر ایک خاص اثر ڈالا ــــ اسکے بعد انھوں نے حضرت مولانا محمد الیاس رحمۃ اللہ علیہ کی سوانح لکھی، پھر تاریخ دعوت وعزیمت" کا سلسلہ شروع کیا جو اُمت کی پوری تاریخ کے خاص اصحاب دعوت و عزیمت مجددین ومصلحین کا یقین آفریں اور حیات بخش تذکرہ ہے، اسکی تین جلدیں چھپ کر شائع بھی ہو چکی ہیں، اس درمیان میں انھوں نے حضرت مولانا فضل رحمٰن صاحب گنج مرادآبادیؒ کا تذکرہ بھی لکھا ــــ حضرت قدس سرہ کو مولانا علی کی ان سوانحی تصانیف کا اتنا اشتیاق رہتا تھا کہ دعوت وعزیمت کے کچھ حصے اور حضرت گنج مرادآبادیؒ کا تذکرہ حضرتؒ نے چھپنے سے بھی پہلے مسودہ ہی منگوا کر سنا، دعوت وعزیمت کی تیسری جلد (جو حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ، حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ اور حضرت مخدوم شرف الدین یحییٰ منیری رحمۃ اللہ علیہم کے تذکرہ پر مشتمل ہے اور حضرتؒ کے وصال کے بعد اسی سال چھپی ہے) حضرتؒ کی حیات میں اسکی تصنیف بھی مکمل نہیں ہوئی تھی، اس کا جس قدر حصہ لکھا جا چکا تھا حضرتؒ نے تقاضا فرما کر وہی منگوا کر سنا اور مولانا علی کو تاکید فرمائی کہ وہ اس سلسلہ کو جلدی پورا کرنے کی کوشش کریں ــــ الغرض حضرت کے ہاں مولانا علی کی محبوبیت میں ان کی سوانح نگاری کو بھی خاص دخل تھا اور حضرتؒ کو ان کی ان کتابوں کے سننے سے بڑی روحانی مسرت ہوتی تھی اور اس کی وجہ بھی ظاہر ہے۔

دراصل بزرگوں اور دینی شخصیتوں کی سیرت نگاری مولانا علی کی آبائی اور موروثی سعادت ہے، ان کے دادا (مولانا حکیم سید فخرالدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ) فارسی کے ایک جلیل القدر مورخ اور ادیب تھے جن کے رواں قلم کی یادگار "مہر جہانتاب" (قلمی) (فارسی) انسائیکلوپیڈیا جس کی صرف پہلی جلد فلسکیپ سائز کے تیرہ سو صفحات پر تمام ہوئی ہے) اور "سیرۃ السادات" اور "تذکرۂ علمیہ" جیسی کتابیں ہیں، اور ان کے والد بزرگوار مولانا سید عبدالحی صاحب رحمۃ اللہ علیہ ہندستان

کے ابن خلکان اور ابن الندیم تھے جو "نزہتہ الخواطر جیسی عظیم کتاب کے مصنف ہیں جو ہندستان کے مشاہیر اعیان علماء و مشائخ و اہلِ علم و مصنفین کا آٹھ جلدوں میں مبسوط تذکرہ ہے اس کی سات جلدیں دائرۃ المعارف حیدر آباد سے شائع ہو چکی ہیں[1] ــــــ مولانا علی کی سوانح نگاری اور تذکرہ نویسی میں اس نسلی اور موروثی ذوق و مناسبت کے ساتھ کچھ عناصر اور بھی شامل ہو گئے ہیں، جن میں سے بعض کا تعلق علم و مطالعہ سے ہے اور بعض کا روح و قلب کی کیفیات سے۔

بہر حال اس خصوصیت کی بنا پر ان کا قدرتی حق تھا اور حضرت قدس سرہٗ کے حلقۂ عقیدت اور پوری ملت کا ان پر حق تھا کہ وہ اپنے روحانی مربی اور مرشد قدس سرہٗ کی سوانح لکھیں ــــــ گزشتہ سال ربیع الاول میں جب حضرت کا لاہور میں وصال ہوا تو مولانا علی وہیں تھے، قدرتی طور پر اس وقت سوانح کا مسئلہ بھی اٹھا اور انھوں نے ذمہ داری لے لی لیکن بڑا اشکال یہ تھا کہ حضرت قدس سرہٗ کے ہاں احوال کا اتنا اخفا اور نفی اور فنائیت کا اتنا غلبہ تھا کہ اپنے متعلق کچھ فرمانے کی عادت ہی نہ تھی، اس لئے خطرہ تھا کہ شاید بہت سی وہ باتیں اور بہت سے وہ احوال کسی ذریعہ سے بھی معلوم نہ ہو سکیں گے جن کے بغیر اللہ کے کسی مقبول اور صاحبِ ارشاد بندہ کی سوانح مکمل ہی نہیں ہو سکتی۔ لیکن مصنف کی طرف سے سیرت کا اعلان ہوتے ہی حضرت کے خواص، متعلقین اور متوسلین نے حضرت کے بارہ میں اپنے جو متفرق معلومات لکھ کر بھیجے ان کے سامنے آنے کے بعد اندازہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ اپنے ایسے مخلص بندوں کے احوال کی حفاظت کے خاص انتظامات فرماتا ہے ــــــ ان سب حضرات کو اللہ تعالیٰ بہتر سے بہتر جزا دے جنھوں نے اس سوانح کے مواد فراہم کرنے میں مؤلف کی مدد کی، اگر ان کو یہ تعاون حاصل

---

[1] آٹھویں جلد جو معاصرین کے خیالات پر مشتمل ہے زیر طبع ہے، پاکستان کے محکمۂ اوقاف نے کتاب کی اہمیت و افادیت کے پیش نظر اس کا اردو ترجمہ شائع کرنے کا سلسلہ شروع کیا ہے۔

نہ ہوتا تو سوانح کسی طرح مکمل نہ ہو سکتی، ناظرین ملاحظہ فرمائیں گے کہ پوری کتاب کے خواص متوسلین و متعلقین کے بھیجے ہوئے مواد ہی سے مرتب ہوئی ہے۔

سب سے بڑی مدد اور رہنمائی اس سوانح کی تیاری میں مؤلف کو حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا مدظلہ سے حاصل ہوئی، حضرت قدس سرہ کے بہت سے احوال و کوائف کے علاوہ اہم واقعات کی تاریخیں حضرت ممدوح ہی سے حاصل ہو سکیں، نیز مسودہ کی تکمیل کے بعد حضرت شیخ نے اس کو حرفاً حرفاً سنا اور جا بجا مشورے دیئے جن کی بنا پر مسودہ میں آخری اصلاح اور ترمیم ہوئی

آٹھویں باب میں حضرت کے سیاسی رجحان کا ذکر کیا گیا ہے اور اس کے ذیل میں تقسیم ہند کے بارے میں حضرت کی رائے کا بھی ذکر آیا ہے۔ بلاشبہ یہ بڑا ہی نازک مسئلہ تھا اور مصالح کے تقاضے متضاد تھے لیکن دیانت کا تقاضا تھا کہ جو کچھ معلوم ہے کسی مصلحت کی رعایت کے بغیر بلا کم و کاست اسکو کاغذ کی امانت بنا دیا جائے۔ اس لئے یہی کیا گیا اور اس کی بھی پوری کوشش کی گئی کہ مصنف کی اپنی رائے اور اپنے ذوق کا بھی کوئی سایہ اس پر نہ پڑنے پائے۔

مقدمہ نگار نے ناظرین کا بہت وقت لے لیا لیکن وہ سامنے سے ہٹا جاتا ہے، کتاب آپ کے ہاتھ میں ہے اب اسے پڑھیں اور اس مقصد سے پڑھیں جس مقصد سے اللہ والوں کے حالات پڑھنے چاہئیں۔

اے اللہ اس کتاب سے ناظرین کو وہ نفع پہنچا جس کے لئے اور جس کی امید پر یہ لکھی گئی ہے اور اس کو قبول فرما!

محمد منظور نعمانی عفا اللہ عنہ
۲۱ رجمادی الاولی ۱۳۸۳ھ
لکھنؤ

Marfat.com

# دیباچہ

## طبع دوم

الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفی، اما بعد

ناچیز مصنف کتاب اس توفیق وسعادت پر اللہ تبارک وتعالیٰ کا ہزار زبان سے ثناخواں وشکر گزار ہے کہ اس سوانح کی دوسری اشاعت اور نئے ایڈیشن کی نوبت آگئی پہلا ایڈیشن ایک سال کے اندر اندر ختم ہوگیا تھا اور کتاب کے قدردانوں اور شائقین کی فرمائشیں جاری تھیں، لیکن نظر ثانی میں تاخیر ہوئی اور مختلف مشکلات کی بناء پر طباعت میں مزید تاخیر ہوئی، لیکن اس تاخیر میں خدا کی بڑی مصلحت تھی۔

کتاب کی تصنیف کا آغاز بڑی بے سروسامانی اور اشتباہ کی حالت میں ہوا تھا لیکن اللہ تعالےٰ نے اس کام میں جس طرح مدد فرمائی اور جس طرح اس کا مواد مہیا ہوتا چلا گیا وہ اس بات کی دلیل تھی کہ اللہ تعالےٰ اپنے مقبول بندوں کے حالات کی حفاظت کا کس کس طرح سامان فرماتا ہے، اس سلسلہ میں سب سے بیش قیمت مدد اور رہنمائی حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب دامت برکاتہٗ سے حاصل ہوئی ان کے بعد مخدوم زادگان گرامی مولانا عبدالجلیل صاحب مولانا حافظ عبدالوحید صاحب اور ان دوسرے خدام خاص سے جنھوں نے اپنے معلومات قلم بند کرکے

Marfat.com

بھیجے اور خطوط و ملفوظات کا جتنا ذخیرہ ان کے پاس محفوظ تھا بے تکلف پیش کر دیا۔ ان معاونین و محسنین کا اپنی اپنی جگہ کتاب میں حوالہ دیا گیا ہے، ملفوظات و محفوظات کے سلسلہ میں مولوی علی احمد صاحب مرحوم کی بیاض و روزنامچوں سے بڑی مدد ملی رحمہ اللہ تعالیٰ وغفرلہ اسی طرح صوفی محمد حسین صاحب ایم اے نے بڑا ایثار کیا کہ زیر تجویز سوانح کا جتنا مواد اکٹھا کر چکے تھے اور جتنا ذخیرہ انکے پاس موجود تھا، وہ انھوں نے بے کم و کاست عنایت فرمادیا اور ویؤثرون علی انفسہم کا مظاہرہ کیا جزاہ اللہ تعالیٰ خیراً

اس سلسلہ کی سب سے زیادہ قابل ذکر اور قابل شکر خدمت محب مکرم چودھری بشیر احمد خان صاحب نے انجام دی، انھوں نے کتاب کا ایک ایک لفظ غور سے پڑھا اور اس پر اس طرح غور کیا جیسے کسی قانونی دستاویز پر غور کیا جاتا ہے، جہاں جہاں ان کو شبہ ہوا حضرت کے خواص سے رجوع کیا اور ان کی رائے اور تحقیق معلوم کی، ممتاز خلفاء اور قدیم رفقاء سے مراسلت کی ناموں اور لفظوں کی تصحیح کی پھر سب سے بڑا کام یہ کیا کہ مولانا عبداللہ صاحب دھرم کوٹی مرحوم کو ان کی وفات سے چند روز پہلے جب وہ لاہور میں مقیم تھے کتاب پڑھکر سنائی اور اس کے مندرجات کی اصلاح و تحقیق کی، خاندان اور نسب کے بارے میں متعلقہ اشخاص سے خط و کتابت اور کھڈ والوں سے مراسلت کی پھر ساری کتاب کا ایک مفصل صحت نامہ اور صفحہ وار یادداشت مرتب کر کے بھیجی، یہ قیمتی مواد میری غیر موجودگی میں وصول ہوا تھا، اور عرصہ تک گم شدہ رہا یہ بھی تائید الٰہی تھی کہ جب اسکی دستیابی سے بالکل مایوسی ہو گئی تھی وہ مل گیا اور اس سے استفادہ کی پوری توفیق ہوئی، چودھری صاحب نے اس تعلق و اہتمام کا پورا ثبوت دیا جو ایک مسترشد اور منتسب کو اپنے عالی مقام شیخ کے حالات کی حفاظت و اشاعت اور تصحیح و تحقیق کے سلسلہ میں ہونا چاہیئے وہ اپنی جانکاہی اور دیدہ ریزی کیلئے نہ صرف مصنف بلکہ حضرت کے تمام منتسبین و خدام کے شکریہ اور دعا کے مستحق ہیں، شکر اللہ مساعیہ وتقبل عملہ

Marfat.com

سراب سے زائد نہیں۔ یہی مشائخ سلف اور مصلحین امت کی تعلیمات کا خلاصہ تھا اور یہی اس سیرت کا عطر و جوہر اور دعوت و پیغام ہے۔

آخر میں عزیز سعید مولوی نثار الحق ندوی کا بھی شکریہ ادا کرنا ضروری ہے جنھوں نے اپنی سعادت اور حضرت کے ساتھ تعلق کی بناء پر پہلے ایڈیشن کا بھی پورا مسودہ اپنے قلم سے لکھا، مصنف کے لئے اپنی نظر کی کمزوری کی بناء پر خود لکھنا دشوار تھا اس لئے تقریباً ساری کتاب املا کرانی پڑی، دوسری اشاعت کے موقع پر بھی ترمیم و اضافہ اور نظر ثانی کے کام میں انھوں نے وقت صرف کیا اور محنت کی۔ بارک اللہ لہ۔

**ابوالحسن علی**

دائرہ شاہ علم اللہ رحمۃ اللہ علیہ

۲۸ جمادی الآخرہ ۱۳۸۵ھ سنہ ہجری

مطابق ۲۴ اکتوبر ۱۹۶۵ء بروز یکشنبہ

Marfat.com

اس خاندان کے پہلے نامور شخص مولوی عبدالرحیم صاحب تھے جو شاہان مغلیہ کے دور میں تھے، ان کو کسی بزرگ نے بشارت دی تھی کہ سات پشت تک تمہاری اولاد میں حفظ قرآن کی دولت اور علم رہے گا۔

مولوی عبدالرحیم صاحب کے تین فرزند تھے (۱) مولانا محمد اکرم (۲) مولانا محمد حسن (۳) مولانا محمد محسن، مولانا محمد اکرم، حضرت مولانا عبدالقادر صاحبؒ کے حقیقی دادا ہیں، یہ تینوں علاتی بھائی تھے، مولانا محمد حسن علیانی تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا میں آکر آباد ہوئے مولانا محمد محسن مکھڈ شریف ضلع کیمبل پور میں پڑھنے کیلئے گئے، یہ اس نواح میں ایک بڑا علمی اور روحانی مرکز تھا، چشتیہ، نظامیہ، سلیمانیہ سلسلہ کی ایک بڑی خانقاہ وہاں موجود تھی، اس وقت مولانا محمد علی[1] سجادہ نشین تھے، جو حضرت خواجہ سلیمان تونسویؒ کے خلفاء میں سے تھے مولانا محمد محسن آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے ان کے ساتھ ان کے فرزند مولانا محمد صاحب بھی تھے مولانا محمد علی نے مولانا محمد محسن کو قرآن شریف کا مدرس بنا دیا اور فرزند ارجمند کو طالبعلموں میں داخل کر لیا۔

## آپ کے دادا اور چچا صاحبان

مولانا[2] محمد اکرم خاندانی وطن تھوہا محرم خاں ہی میں رہے، آپ کے دونوں علاتی بھائیوں نے یہ طے کر رکھا تھا کہ ہم دونوں تعلیم میں مشغول رہیں اور

(۱) مولانا محمد علی صاحب کے حالات کیلئے ملاحظہ ہو تاریخ مشائخ چشت از پروفیسر خلیق احمد نظامی (۲) خاندانی روایت ہے کہ بعد میں مولانا محمد صاحب کا عقد مولانا زین الدین صاحب کی دختر سے ہو گیا جنکو حضرت خواجہ سلیمان تونسویؒ نے خلیفہ محمد عابدؒ کا جانشین بنایا تھا خلیفہ محمد عابد جی حضرت مولانا محمد علی صاحب کے شاگرد و خلیفہ تھے، مکھڈ کے موجودہ سجادہ نشینوں کے شجرہ میں صوفی میاں محمد صاحب کا نام آتا ہے جنکے صاحبزادہ مولوی غلام محی الدین احمد صاحب بعد میں سجادہ نشین ہوئے، میاں محمد صاحب کے والد کا نام حافظ محمد محسن صاحب ہی لکھا ہوا ہے لیکن شجرہ میں انکے والد کا نام بجائے مولوی عبدالرحیم صاحب کے (جو حضرت رائپوری کے جد امجد ہیں) مولوی محمد ابراہیم صاحب درج ہے اور انکے والد صاحب کا نام اللہ نور تحریر ہے اس خاندان کا سلسلہ نسب سیدنا علی مرتضیٰ تک پہونچایا گیا ہے (شجرہ مرسلہ مولوی احمد الدین صاحب سجادہ نشین سابق) اس خاندان کا انتساب پنجاب کی مشہور و سربرآوردہ اعوان برادری سے ہے،
مکھڈ کے اس شجرہ کی بنیاد پر یہ بات کسی قدر مشتبہ ہو جاتی ہے کہ مولانا محمد محسن صاحب وہی ہیں جنکا تذکرہ سوانح میں آیا ہے اور وہ حضرت کے حقیقی دادا کے علاتی بھائی تھے۔ یا کوئی دوسری شخصیت ہیں؟ اور ان کے اجداد میں بھی اختلاف ہے اسلئے خاندان کے متعلق روایت ہی معتبر و قابل ترجیح معلوم ہوتی ہے جسکو سوانح میں دیا گیا ہے

Marfat.com

محمد اکرم گھر میں مال اور مویشیوں کی نگرانی کریں، وہاں سے تین کوس پر ایک درس[1] تھا، وہاں ایک عالم تھے، آپ رات کو ان سے پڑھنے جایا کرتے تھے، رات کو پڑھتے تھے اور صبح کو آجایا کرتے تھے، یہ سلسلہ ان کے والد اور بھائی کی لاعلمی میں جاری رہا، وہ سمجھتے رہے کہ یہ بالکل جاہل ہیں، ایک مرتبہ وہاں کسی مسئلہ پر مجلس مناظرہ قائم ہوئی، مولوی محمد اکرم بھی شامل تھے، کسی سلسلہ میں وہ بھی بولے یا کوئی حوالہ دیا، اس وقت انھوں نے منھ پر کپڑا ڈال رکھا تھا، والد نے ان کی آواز سے پہچانا کہ یہ مولوی محمد اکرم ہیں، سب کو بڑی حیرت ہوئی کہ اگر یہ محمد اکرم ہیں تو یہ کیسے بول رہے ہیں، انھوں نے تو کچھ پڑھا پڑھایا نہیں، اٹھ کر تحقیق کی تو وہی تھے، والد نے گلے لگالیا، پوچھنے پر انھوں نے تفصیل بیان کی، تلاگنگ کے علاقہ میں ان کے کشف کرامات مشہور ہیں۔

مولانا محمد اکرم کے چار صاحبزادے تھے (۱) مولانا محمد احسن (۲) مولانا کلیم اللہ عرف ٹوپی والا (۳) مولانا محمد یٰسین (۴) سب سے چھوٹے حضرت مولانا عبدالقادر صاحبؒ کے والد حافظ احمد صاحب تھے۔

**مولانا محمد احسن**

مولانا محمد احسن بڑے عالم، جید حافظ اور عابد شخص تھے، آپ کا معمول یومیہ ختم قرآن کا تھا، قبرستان میں چھپ کر سو رکعتیں نفل پڑھ لیتے، اس زمانہ میں مطابع کا عام رواج نہیں تھا، بڑی بڑی ضخیم کتابیں اپنے ہاتھ سے نقل کرتے، ہر وقت کتابت اور نقل کا مشغلہ رہتا تھا جب اس سے تھکتے تو نوافل شروع کر دیتے تھے، کتابوں کے جمع کرنے کا اتنا شوق تھا کہ اپنے مکانات سات سات روپئے پر فروخت کر کے کتابیں خرید

(۱) پنجاب اور صوبۂ سرحد کی اصطلاح میں جہاں کوئی عالم بیٹھ کر درس دینا شروع کر دیتے تھے اور طلباء جمع ہو جاتے تھے اس کو درس کہتے ہیں۔

Marfat.com

کرو، ٹوپی پہنا کرو، اس سے ٹوپی والے مشہور ہوئے۔ حضرت مولانا عبدالقادر صاحب فرماتے تھے کہ میں نے اپنے بچپن میں دیکھا ہے ان کے پاس بہت ہندو مرد عورت تعویذ لینے آتے تھے لیکن وہ ان کو سر اٹھا کر نہیں دیکھتے تھے۔

مولانا کلیم اللہ بخاری شریف کھول کر وعظ فرماتے تھے جب وعظ ہوتا عشاء کے بعد شروع کرتے صبح تک سلسلہ جاری رہتا، اس پہاڑی علاقہ میں بکثرت انکے مرید تھے، آپ کو اپنے بھتیجے حضرت مولانا عبدالقادر صاحب سے بڑی محبت تھی اپنی اولاد سے زیادہ محبت کرتے تھے بزرگوں کے پاس لے جاتے اور دعا کراتے، آپ کے صاحبزادے مولوی سعید اللہ تھے[1]، یہ بھی بڑے عالم تھے۔

۹۱-۱۸۹۰ء (۱۳۰۸ھ) میں مولانا کلیم اللہ کی وفات ہوئی[2]۔

## مولانا محمد یٰسین

مولانا محمد یٰسین عالم اور مدرس تھے، ہمیشہ درس کا معمول رہتا تھا، اکثر حدیث پڑھایا کرتے تھے، ساٹھ ساٹھ ستر ستر طالب علم رہا کرتے تھے، مسجد میں درس ہوتا تھا، خود یا حاجی احمد صاحب سارے گاؤں سے آٹا اکٹھا کر کے گھر میں روٹی پکواتے، طالب علموں کو کھلا کر پھر پڑھانے بیٹھتے اور شام تک پڑھاتے رہتے۔

حضرت مولانا عبدالقادر صاحب کی شادی انھیں کی صاحبزادی فاطمہ بی بی سے ہوئی، دوسری صاحبزادی حضرت کے دوسرے بھائی حافظ عبدالعزیز صاحب کے گھر میں تھیں۔

## آپ کے والد حافظ احمد صاحب

حافظ احمد صاحب کی خالہ ڈھڈیاں[3] بیاہی ہوئی

(۱) مولوی سعید اللہ کے بیٹے میاں امام الدین تھے جن کے صاحبزادے مولوی عبدالرحمن، حافظ فضل الٰہیؒ اور عبدالسلام ہیں۔ (۲) مسودہ صوفی محمد حسین ایم۔ اے۔ (۳) اس گاؤں کو بالآخر حضرت مولانا عبدالقادر صاحب کا مولد اور وطن بننے کا شرف حاصل ہوا، پرانا گاؤں جہلم نے دریا برد کر دیا، موجودہ ڈھڈیاں اس سے کچھ فاصلہ پر جانب جنوب آباد ہے۔

Marfat.com

تھیں، ان کے اولاد نہ تھی، انھوں نے اپنے شوہر کو جن کا نام بھی احمد تھا بھیجا کہ بھانجہ کو لے آئیں اور وہ انکو بیٹے کی طرح رکھیں، باپ نے عذر کیا، جب ان کی طرف سے زیادہ اصرار ہوا تو منظور فرمالیا لیکن بد دعا دی کہ تم میرے بچہ کو زمین کی وجہ سے علم سے محروم رکھتے ہو، اللہ تعالیٰ تمہاری زمین کو دریا برد کر دے[1]۔

حافظ احمد صاحب قرآن مجید حفظ کر کے آئے تھے تحصیل علم کی نوبت نہ آئی، تلاگنگ کا علاقہ حفظ قرآن میں دور دور مشہور تھا، بکثرت حفاظ ہوتے تھے اس لئے اس کو "اعوان قاری" کا علاقہ کہتے تھے[2] حافظ احمد صاحب نے جو کچھ زمین پائی وہ سب بھائیوں میں مشترک رکھی، خود محنت کرتے تھے اور غلہ سب بھائیوں میں تقسیم فرمادیتے تھے، بڑے معاملہ فہم تھے، قوت فیصلہ بہت تھی، لوگوں کو آپ پر بڑا اعتماد تھا، اپنے معاملات میں آپ کو اکثر حکم اور ثالث بناتے تھے، جسمانی طور پر بڑے قوی تھے، اخیر عمر تک خود ہل چلاتے تھے۔

آپ قرآن مجید کے جیّد حافظ تھے، تلاوت میں بڑا انہماک تھا، ہر وقت قرآن مجید کی تلاوت میں مشغول رہتے تھے، اپنی زمین پر جاتے تو فرماتے کہ پانچ پارے پڑھ لیتا ہوں، تلاوت میں ترتیل کا بڑا اہتمام تھا، کھیت کے چاروں طرف شاگرد پڑھتے رہتے تھے، جہاں فارغ ہوتے ان کا سبق سُن لیتے، کند ذہن سے کند ذہن طالب علم کے ساتھ محنت کرتے تھے، بڑی تعداد میں حافظ تیار کر دیے، صبح صادق کے ساتھ فجر کی نماز شروع فرمادیتے، قرأت اتنی طویل ہوتی تھی کہ لوگ اذان سن کر اٹھتے اور تیاری کر کے نماز میں شریک ہوجاتے

(۱) دریائے جہلم میں دو مرتبہ ایسا سیلاب آیا کہ اس سے ڈھڈیاں دریا برد ہوگیا اور نئی جگہ آباد ہوا۔

(۲) اس علاقہ میں "اعوان" کے نام کی ایک بڑی برادری اور قوم آباد ہے، اس برادری کے بہت سے افراد اب بھی حکومت پاکستان میں بڑے بڑے عہدوں پر ہیں۔

Marfat.com

بعض مرتبہ اندیشہ ہوتا کہ سورج تو نہیں نکل آیا۔

قرآن مجید کے حفظ میں ایسی پختگی اور اطمینان تھا کہ آپ کے لقمہ دینے سے بڑے بڑے حافظوں کی سالہا سال کی غلطیاں نکلیں، جب آپ نے اپنے صاحبزادے حضرت مولانا عبدالقادر صاحب کی تلاش کیلئے ہندستان کا سفر کیا (جس کا حال اپنی جگہ پر آئے گا) تو امرت سر کے ایک دیہات میں رات کو ایک مسجد میں قیام کیا، امام صاحب نے فجر کی نماز میں ایک جگہ غلط پڑھا، حافظ صاحب نے لقمہ دیا، امام صاحب نے لقمہ قبول نہیں کیا۔ دو تین مرتبہ ایسا ہوا، بالآخر انھوں نے لقمہ لیا۔ نماز کے بعد انھوں نے دریافت کیا کہ مجھے لقمہ کس نے دیا؟ آپ نے کہا میں نے۔ انھوں نے کہا تم کون ہو؟ کہا مسافر! کہا تم نے لقمہ غلط دیا۔ فرمایا نہیں صحیح دیا! آخر قرآن مجید لایا گیا، اس میں ویسا ہی چھپا ہوا تھا جیسا امام صاحب نے پڑھا، فرمایا یہ غلط ہے، دوسرا قرآن شریف منگواؤ، بالآخر غلطی نکلی، امام صاحب نے کہا تمہارا بڑا احسان ہے ساٹھ برس سے میں غلط پڑھ رہا تھا، پھر انھوں نے اونٹ دیا اور کہا جہاں تک چاہو لیجاؤ، حافظ صاحب نے تیس چالیس میل لے جاکر واپس بھیج دیا، اس سفر میں آپ نے چالیس قرآن مجید ختم کئے۔

حافظ احمد صاحب کی پہلی شادی ڈھکواں میں ہوئی جو ڈھڈیاں سے چار میل کے فاصلہ پر ضلع سرگودھا میں ہے ان سے ایک صاحبزادی ہوئیں، کوئی اولاد نرینہ نہیں ہوئی، ساٹھ برس کی عمر تک دوسری شادی نہیں کی، حافظ صاحب کے ایک شاگرد خاص حافظ روشن دین کی روایت ہے جو اس بستی میں مشہور ہے کہ حافظ صاحب کو دیکھ کر ایک مجذوب بزرگ نے کہا تم شادی کرو، میں تمھاری پشت میں ایک ایسا نور دیکھتا ہوں جس سے ایک عالم منور ہوگا، چنانچہ آپ نے موضع للیانی ضلع سرگودھا کے ایک معزز زمیندار خاندان

Marfat.com

فرمادیا، آپ نے ڈھڈیاں پہونچ کر گاؤں سے باہر ایک مسجد میں کسی ایک "اسم" کا ذکر شروع کیا، اس زمانہ کی حلاوت ولذت، یکسوئی، ماسوی اللہ سے انقطاع اور اللہ تعالےٰ کے افضال والطاف کو ہمیشہ بڑی لذت سے یاد فرماتے تھے، فرماتے تھے کہ جو بات اس زمانہ میں حاصل ہوئی، پھر حاصل نہیں ہوئی، فرماتے تھے کہ دیکھا جو کچھ دیکھا، پایا جو کچھ پایا، وہیں نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔

## رائے پور کا عزم اور قادیان کا سفر

ڈھڈیاں سے فارغ ہوکر رائپور کا عزم کیا تو واپسی کے لئے کرایہ نہ تھا اور گھر میں بھی نہ تھا، آپ کے بھائی عبدالعزیز صاحب مرحوم کے پاس ایک بکری تھی اسی کو فروخت کرکے وہ روپئے حضرت کو دیے فرمایا کہ ہم نے تو نیت کرلی تھی کہ پیدل ہی رائے پور جائیں گے مگر بھائی نے احسان کیا اور ہم جلد ہی رائے پور پہونچ گئے۔

رائے پور کا قصد فرمایا تو آپ کے چچازاد بھائی مولوی سعید اللہ صاحب کے بیٹے مولوی امام الدین نے جو بیمار تھے فرمائش کی کہ راستہ میں ہمیں حکیم نورالدین صاحب کو دکھاتے چلو، والد صاحب کے شاگرد حافظ روشن دین ساتھ تھے، آپ کے ایک ساتھی مولوی صدیق صاحب نے جو اہل حدیث تھے اور آپ کے ساتھ دہلی میں اکٹھے رہے تھے، حکیم صاحب سے آپ کا ذکر کیا تھا اور تعارف کرایا تھا کہ آپ کے استادوں کے خاندان میں سے ہیں، حکیم نورالدین صاحب نے لکھا بھی تھا کہ تم یہاں ایک مرتبہ مرزا صاحب کے پاس آجاؤ، غرض آپ قادیان گئے اور سات آٹھ روز حکیم صاحب ہی کے مہمان رہے ایک مرتبہ راقم سطور کے اس سوال پر کہ حکیم صاحب مخلص تھے؟ آپ نے قادیان کے سفر کا تذکرہ کرتے ہوئے تفصیل سے اس کا قصہ سنایا، ارشاد فرمایا:-

# تیسرا باب (۳)

## رائے پور کا قیام، مجاہدہ و ریاضت، تربیت و تکمیل

صدق و اخلاص و درستی باید و عمر دراز
تا قرین حق شود صاحبقرا سنے در قرن (حکیم سنائیؒ)

### رائے پور کا مجاہدہ

رائپور کے قیام میں آپ نے اس عالی ہمتی، جفاکشی اور مجاہدے سے کام لیا، جنکے واقعات اب صرف اولیائے متقدمین کے تذکروں اور تاریخوں میں ملتے ہیں اور جو انھیں لوگوں کا حصہ ہے جنکی استعداد و جوہر نہایت عالی، عزم و ارادہ نہایت قوی، اور طلب نہایت صادق ہوتی ہے جنکے خمیر میں روز ازل سے عشق کا مادہ ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کو انھیں اس راہ کے اعلیٰ ترین مقامات اور کمالات پر پہنچا کر ان سے ہدایت اور تربیت خلق کا کام لینا ہوتا ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ میں رائے پور پہنچ کر سارا دن باغ میں پھرتا رہا کہ میں کس درخت کے پتے کھا کر گزارہ کر سکتا ہوں، آپ نے بعض اوقات کسی درخت کا نام بھی لیا کہ اس کو منتخب کیا تھا، کبھی آپ کی باتوں سے یہ بھی معلوم ہوتا کہ آپ نے توت کے پتے کھائے ہیں، فرماتے تھے کہ الحمدللہ اسکی بہت کم نوبت آئی کیونکہ حضرت نے اپنے خادم میاں جی معزالدین سے فرما دیا تھا کہ ان کے کھانے وغیرہ کا خیال رکھنا۔

رائے پور کا وہ دور بڑے مجاہدے اور جفاکشی کا تھا اور یہ سب ان لوگوں کی تکمیل حال کے لئے تھا، جن کی ترقی و پختگی اللہ تعالیٰ کو منظور تھی، لنگر کی روٹی اتنی موٹی اور کچی ہوتی تھی کہ بغیر پانی یا چھاچھ کے حلق سے نہیں اترتی تھی، اخیر زمانہ میں اکثر فرماتے تھے کہ یہ ریاح کا مرض اور ضعف معدہ اسی وقت سے ہے، فرماتے تھے کہ ایک روز روٹی جلی ہوئی تھی، حاجی جانی مطبخ کے مہتمم تھے، میں نے کہا حاجی جی روٹی جلی ہوئی ہے، کہا کہ اچھا کل جلی ہوئی نہ ہوگی، اگلے روز ایک طرف جلی ہوئی، اور دوسری طرف کچی تھی۔ حاجی جانی سے جب دوسری مرتبہ کہا کہ روٹی کچی ہے تو حاجی صاحب نے کہا کہ میاں اگر روٹی کھانے آیا ہے تو کہیں اور چلا جا، مجھے ڈر ہوا کہ کہیں یہ حضرت سے نہ کہہ دیں، میں نے اپنے کو بڑی ملامت کی اور دل میں کہا ارے آیا تو ہے تو اپنے نفع کی خاطر اور پھر نخرے کرتا ہے، اور یہ عہد کیا کہ آئندہ کبھی کچھ نہیں کہوں گا، پھر کبھی کوئی شکایت نہیں کی، چودہ[۱۴] سال تک کبھی باسی کبھی کچی، کبھی سوکھی روٹی کھائی اور نام نہیں لیا، مولانا محمد منظور صاحب نعمانی نے خود حضرت کے حوالہ سے لکھا ہے:۔

"فرماتے تھے کہ مسلسل دس سال ایسے گزرے ہیں کہ ہم لوگوں کو جو طالبین کی حیثیت سے خانقاہ میں رہتے تھے، ایک دن میں صرف ایک روٹی ٹکیٔ کی ملتی تھی اور وہ بھی درمیان سے بالکل کچی ہوتی تھی، جو صاحب پکانے والے تھے انھیں اس سے کوئی دلچسپی نہیں تھی کہ روٹی سکی یا نہیں سکی، سالن یا دال ترکاری کا کوئی سوال ہی نہیں تھا، گاؤں سے کسی دن چھاچھ آجاتی تو کھانے پینے کے لحاظ سے ہم خانقاہ والوں کے لئے گویا وہ عید کا دن ہوتا، فرماتے تھے اس علاقہ کے

(یو۔پی) ہمارے ساتھی تو وہی ایک روٹی آدھی آدھی کرکے دونوں وقت کھاتے تھے، لیکن میں پنجاب کا رہنے والا تھا اس لئے ایک ہی وقت میں کھالیتا تھا اور دوسرے وقت بس اللہ کا نام ؛

فرمایا کہ سوکھی روٹی کھانے کی وجہ سے میرے پیٹ میں درد رہنے لگا اور گڑگڑاہٹ ہوتی تھی، خیال آیا کہ حضرت سے عرض کرونگا کہ خادم سے فرمادیا جائے کہ روٹی اچھی طرح سینک دیا کرے، پھر خیال آیا کہ اگر حضرت نے فرمایا کہ مولوی صاحب جہاں پکی روٹی ملتی ہو وہاں چلے جاؤ تو پھر کیا ہوگا، خود بخود دل میں خیال آیا تو سونٹھ پیس کر استعمال کی استعمال کے بعد جب ایک مرتبہ استنجے گیا، تو ایک بڑا سا جونک ایسا کیڑا نکلا، میرا خیال ہوا کہ شاید آنت باہر آگئی ہے مگر دیکھا تو کیڑا تھا، اس وقت ڈر گیا بعد میں مفردات میں دیکھا تو معلوم ہوا کہ سونٹھ کی ایسی ہی خاصیت ہے، حضرت رحمۃ اللہ علیہ کبھی شفقتاً اپنے دسترخوان پر جب کبھی حضرت شیخ الہندؒ یا حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری تشریف لاتے تو بلاتے کہ تم بھی کھانا کھالو، میں اپنے وقت پر جو کچھ مجھے باسی مل جاتا تھا کھالیتا تھا اور سختی سے معذرت کرتا تھا حضرت شدت سے اصرار کرتے اور فرماتے کہ مولانا میں آپ کے نفع کیلئے کہہ رہا ہوں حضرت کی تعمیل ارشاد میں ان حضرات کے ساتھ بیٹھ کر کچھ کھالیتا، اسی طرح جب چائے کی پتی بچ جاتی میں اس کو سکھالیتا، جو گڑ رکھے رکھے پرانا اور خراب ہوجاتا میں اس کا شربت پکا کر اس کا شیرہ چائے میں ڈال کر اس سے روٹی کھالیتا تاکہ جلدی لیٹ جاؤں، اور حضرت کے اٹھنے سے پہلے ایک بجے حاضر ہوجاؤں۔

رہائش کے لئے حافظ یوسف علی صاحب کے چھپر میں جہاں ان کی گھوڑی بندھتی تھی ان کی اجازت سے ایک طرف صاف کرکے اس پر اپنا بستر لگادیا، ایک

Marfat.com

# چوتھا باب (۴)

## حضرت رائپوری کی وفات، رائے پور کا قیام، نئی خانقاہ

ہوا ہے گو تند و تیز لیکن چراغ اپنا جلا رہا ہے
وہ مرد درویش جسکو حق نے دیے ہیں انداز خسروانہ
(اقبالؔ)

**حضرت رائپوری کی وفات** | حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحبؒ کے مرض کا اشتداد ہوا تو آپ شاہ زاہد حسن صاحب(۱) کے اصرار سے انکے موضع بیلوں میں جہاں کی آب ہوا بہت عمدہ اور صحت بخش سمجھی جاتی تھی اور اس خیال سے کہ سڑک کے قرب کی وجہ سے ڈاکٹروں کی آمد و رفت میں سہولت ہوگی منتقل ہو گئے، یہاں شاہ صاحب کی

(۱) شاہ زاہد حسن صاحب بہٹ کے شرفا و رؤسا کے ایک قدیم خاندان کے فرد تھے، جس کے مورث اعلٰے سلطان بہلول لودھی کے عہد میں تشریف لائے تھے، شاہ عبداللہ صاحب حضرت بہاء الحق سہروردی کی اولاد میں تھے، شاہ زاہد حسن صاحب باوجود امارت و ریاست کے حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے بڑا خادمانہ و عاشقانہ تعلق رکھتے تھے، حضرت کو بھی ان سے نہایت خصوصیت تھی، بیلوں میں جب انکی کوٹھی میں مقیم تھے تو فرمادیا تھا کہ یا تو تم اپنا دفتر یہیں منگوالو یا ایسی تیز سواری اپنے پاس رکھو کہ میں جس وقت بلاؤں فوراً پہنچ جاؤ، انھوں نے اپنا دفتر وہیں منگوا لیا، حضرت مولانا عبدالقادر صاحبؒ فرماتے تھے کہ انکے ساتھ انتقال کے وقت ایسا واقعہ پیش آیا جس کو القائے نسبت سے تعبیر کرتے ہیں، حضرت کی وفات کے بعد حضرت مولانا عبدالقادر صاحبؒ سے خصوصی تعلق اور محبت تھی اور حضرت کو بھی ان سے نہایت درجہ خصوصیت تھی، ۵ رجمادی الثانیہ ۱۳۵۶ھ (۳ راگست ۱۹۳۷ء) میں انتقال کیا، دو فرزند چھوڑے، شاہ محمد سعید، شاہ محمد مسعود، شاہ محمد سعید صاحب کا ۱۹۶۲ء میں کراچی میں انتقال ہو گیا، شاہ محمد مسعود صاحب اپنے والد کی یادگار ہیں، حضرت کو ان سے خصوصی تعلق و شفقت تھی، اطال اللہ بقاہ،

# پانچواں باب (۵)

## اخلاص و محبت اور اخلاق و تربیت کا ایک مرکز

درو نہا تیرہ شد باشد کہ از غیب چراغے بر کند خلوت نشینے
نہ حافظ را حضور از ورد قرآں نہ دانشمند را علم الیقینے

### زندگی اور مختلف طبقات کا وسیع مطالعہ و تجربہ

حکمت الٰہی نے حضرت مولانا عبدالقادر صاحبؒ کی تعلیم و تربیت کا اس طرح انتظام کیا تھا کہ انکی شعوری زندگی کا معتدبہ اور طویل حصّہ مختلف ماحول اور مسلمانوں کی مختلف العقائد مذہبی جماعتوں اور طبقوں میں گزرا تھا، انھوں نے ایک ایسے دینی ماحول میں آنکھ کھولی اور ہوش سنبھالا جو زمانۂ حاضر کے اثرات اور جدید تعلیم کے خیالات سے دور تھا، مگر کبھی کبھی کسی روزن سے باہر کی آزاد خیالی کے جھونکے آجاتے تھے اور ان کی سلیم لیکن حساس و ذہین طبیعت کی سطح پر تموّج پیدا کر دیتے تھے پھر حکمت الٰہی (جسکی مصلحتوں کو کوئی نہیں جانتا) آپ کو قادیان لے گئی(۱) جو اس وقت ایک ایسی نئی تحریک اور دعوت کا مرکز تھا جو نئی بنیادوں پر ایک نئی ملت کی تاسیس کر رہی تھی اور جس کو جمہور اہل اسلام اور سواد اعظم سے بنیادی اختلاف تھا اور وہ

(۱) یہ سفر اپنے چچا زاد بھائی کے علاج کے سلسلہ میں اور ان کی خواہش پر تھا (ملاحظہ ہو ص ۴۶)

Marfat.com

ذہنی طور پر بے چین اور باغی عناصر کا ملجا و ماویٰ بنا ہوا تھا، وہاں انھوں نے اس تحریک کے بانی (مرزا صاحب) اور اس کے سب سے بڑے ترجمان اور وکیل (حکیم نورالدین صاحب) سے ملاقات کی اور اس نئی دینی ریاست اور پیشوائی کے اندرونی حالات دیکھے، پھر ہندستان کے مختلف دینی و علمی مرکزوں اور مشہور درسگاہوں میں رہ کر علماء کی حریفانہ کشمکش، جذبۂ رقابت، تکفیر و تفسیق کے مشغلے، اہل علم کا علمی پندار اور نخوت، اساتذہ کا معقولات میں توغل، مصلحین میں اپنی اصلاح، نفسانی امراض اور اخلاق رذیلہ کے علاج و استیصال سے غفلت کے مناظر اور نمونے دیکھے۔

اس دوران میں مسلمانوں کی اصلاح و ترقی کی کئی تحریکیں پیدا ہوئیں لیکن آندھی پانی کی طرح آئیں اور آندھی پانی کی طرح نکل گئیں، ان تحریکوں کے قائدین اور کارکنوں میں جذبات کی افسردگی، اخلاق کی پستی، تعلقات کی خرابی اور اپنی اصلاح نہ ہونے کے مفاسد اپنی آنکھوں سے دیکھے اور ان تحریکوں کے شاندار آغاز کے ساتھ ان کا حسرتناک انجام بھی مشاہدہ فرمایا۔

## باہر کا انتشار اندر کے انتشار کا نتیجہ

رائے پور کے زمانۂ قیام میں تحریک خلافت کا عروج بھی دیکھا جو جدید ہندوستان کی سب سے عظیم، سب سے ہمہ گیر اور سب سے طاقتور، نیم دینی، نیم سیاسی تحریک تھی اس تحریک کو بہت قریب سے دیکھنے کا موقع ملا بلکہ اس کے راز ہائے سربستہ اور اس کے منصوبوں سے واقفیت کا موقع بھی ملا۔ پھر حضرت نے (شیخ الہند کی وفات کے بعد) اس تحریک کا زوال، اس کے قائدین اور کارکنوں میں انتشار، مخصوص حضرات کو چھوڑ کر تحریک کے رہنماؤں میں اخلاص و تربیت کی کمی، رضاکاروں اور کارکنوں

Marfat.com

میں نظم و اطاعت کا فقدان، عوام میں اعتماد و انقیاد کی اور منتظمین و ذمہ داروں میں امانت و دیانت کی کمی محسوس فرمائی اور اس کے شکوے سنے اور آپ کی حقیقت رس طبیعت نے نتیجہ نکال لیا اور اس کو ذہن کے امانت خانہ میں محفوظ کر لیا کہ باہر کا انتشار اندر کے انتشار اور خلا کا نتیجہ ہے۔

صفیں کج، دل پریشاں، سجدہ بے ذوق
کہ جذبِ اندروں باقی نہیں ہے

## قلب کا خلا اور بگاڑ

آپ نے یہ بھی محسوس کر لیا کہ عوام میں انتشار و اضطراب قیادت کی کمزوری کی وجہ سے ہے اور قیادت کی کمزوری، قائدین کی عدم تربیت اور سوزِ دروں کی کمی کی وجہ سے ہے، عوام کا قلب قائد ہیں لیکن خود قائدین کا قلب اپنی جگہ سے ہٹا ہوا اور ایمان و یقین اور عشق و سوز کے بجائے حُبِّ دنیا اور حُبِّ جاہ سے بھرا ہوا ہے۔

میرِ سپاہ ناسزا، لشکریاں شکستہ صف

اپنے وطن پنجاب میں مشائخ اور اہل خانقاہ کو دیکھا کہ انھوں نے بھی (الاماشاء اللہ) متاعِ درد اور دوائے دل تقسیم کرنے کے بجائے اپنی مشیخت کی دکانیں سجا رکھی ہیں اب وہاں بھی اصلاح و تربیت نفس اور اخلاص و للّٰہیت کی دولت ملنے کے بجائے نفس کو غذا اور عقل بہانہ جو کو دنیا طلبی کا حیلہ اور سند ملتی ہے۔

واعظین و مقررین کی شیوہ بیانی اور فصاحت و بلاغت بھی سنی اور مصنفین اور اہل قلم کے ہاں معلومات کی فراوانی اور انشاء پردازی کا زور بھی دیکھا لیکن یہاں بھی اخلاص کی کمی، عمل کی کوتاہی اور درد و سوز کے فقدان کی وجہ سے ان کے ذریعہ سے

Marfat.com

عوام کی بہت کم اصلاح اور انقلاب حال ہوتا دیکھا، چودھویں صدی کے وسط کا یہ زمانہ ہندستان میں دینی خطابت کے انتہائی عروج و ترقی کا دور ہے، لیکن زندگی کا کاروانِ سست جس خواب گراں میں مدہوش یا جس غلط رخ پر رواں دواں تھا اس میں کوئی تغیر نہیں، کچھ عرصہ کی بات ہے کہ حضرت جگر مرادآبادی مرحوم نے حضرت کو اپنی ایک غزل سنائی، جب وہ غزل کے اس شعر تک پہونچے تو حضرت نے بڑی تحسین فرمائی، یہ ہندستان کے واعظانہ حلقہ کی صحیح تصویر ہے۔

واعظ کا ہر اک ارشاد بجا، تقریر بہت دلچسپ مگر
آنکھوں میں سرورِ عشق نہیں، چہرے پہ یقیں کا نور نہیں

## اخلاص کی کمی اور اخلاق کا فساد

مسلمانوں کے حالات کے اس وسیع مطالعہ اور اپنی زندگی کے اس طویل تجربہ نے آپکو اس نتیجہ پر پہنچا دیا اور آپ کا یہ یقین اور عقیدہ بن گیا کہ مسلمانوں کی پوری زندگی اور اسکے مختلف شعبوں کے فساد کا اصل سبب اخلاص کی کمی اور اخلاق کا بگاڑ ہے، اور وقت کا سب سے بڑا ضروری کام اخلاص و اخلاق کا پیدا کرنا ہے اور اس کا سب سے مؤثر ذریعہ محبت ہے اور اس کا ذریعہ ذکر و صحبت ہے۔

اس اخلاص اور محبت سے ہر دینی کام اور ہر اصلاحی کوشش میں جان پڑتی ہے اور وہ زندہ اور طاقتور بنتا ہے، اسی سے عبادات میں روحانیت، علم میں نورانیت تعلیم و تدریس میں برکت و قوت، وعظ و ارشاد میں تاثیر، تبلیغ و دعوت میں قبولیت و قوت، تصنیف و تالیف میں اثر و مقبولیت، سیاسی و تنظیمی کوششوں میں کامیابی و نتیجہ خیزی، تعلقات میں استواری، جماعتوں میں اتحاد، افراد میں ایثار و محبت پیدا

ہوتی ہے، غرض پوری زندگی کی چول اپنی جگہ آجاتی ہے اور ہر طرح کا ضعف وانتشار ختم ہوجاتا ہے۔ الا ان فی الجسد مضغۃ اذا صلحت صلح الجسد کلہ واذا فسدت فسد الجسد کلہ الا وھی القلب(1)۔

اسی طرح اخلاق کی درستی کے بغیر کوئی انفرادی زندگی متوازن اور کامیاب اور کوئی اجتماعی کوشش بارآور اور نتیجہ خیز نہیں ہوسکتی، آپ کے نزدیک ذکر و شغل صحبت مشائخ اور مجاہدات و ریاضات کا بڑا مقصد اور ثمرہ اخلاق کی اصلاح، صفات رذیلہ کا ازالہ اور صحیح معنیٰ میں تزکیۂ نفس ہے، محض ذکر اذکار کافی نہیں، اخلاق کی اصلاح ضروری ہے۔ ایک روز ایک صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے جو ایک موقع پر مغلوب الغضب ہوگئے تھے فرمایا:۔

"اصلاح کے لئے فقط ذکر کافی نہیں، اخلاق کی درستگی کرنا چاہیے اور مشائخ سے اخلاق ذمیمہ کا علاج کرانا چاہیے، اسی واسطے زندہ مشائخ سے بیعت ہوتے ہیں کہ وہ اخلاق کی اصلاح کرتے ہیں، مثلاً غصہ ہے، یہ بہت برا مرض ہے، حدیثوں میں اس کی بہت مذمت فرمائی گئی ہے لیکن جب تک شیخ سے علاج نہیں ہوتا یہ مرض نہیں جاتا۔"(2)

لطائف ستہ کے انوار و آثار کا ذکر کرتے ہوئے ایک روز فرمایا:۔

(1) حدیث صحیح (ترجمہ) یاد رکھو! انسان کے جسم میں ایک مضغۂ گوشت ہے، اگر وہ صحیح ہوجائے تو سارے جسم کا نظام صحیح ہوجاتا ہے اور اگر وہ بگڑ جائے تو سارے جسم کا نظام بگڑ جاتا ہے، وہ انسان کا دل ہے۔"

(۲) ملفوظات (قلمی) مرتبہ مولانا علی احمد صاحب مرحوم مجلس ۲۴ رمضان ۱۳۷۶ھ (۲۴ اپریل ۱۹۵۷ء) بمقام لائل پور خالصہ کالج۔

Marfat.com

"ان لطائف کے جاری ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ قلب حرکت کرے یا انوار نظر آئیں بلکہ ان کے جاری ہونے کے معنی یہ ہیں کہ ان کے علوم منکشف ہو جائیں، مثلاً قلب کا جاری ہونا یہ ہے کہ ہر وقت اللہ تعالیٰ کی طرف خیال رہے، دل سے دنیا اور ہر چیز کی قیمت نکل جائے، اسی طرح لطیفۂ نفس جاری ہونے کے معنی یہ ہیں کہ رذائل و صفات رذیلہ نکل جائیں اور صفات حمیدہ پیدا ہو جائیں، اور انکساری و عاجزی پیدا ہو جائے، اپنے آپ کو سب سے حقیر سمجھیں، جب یہ حالت ہو تو سمجھے کہ کچھ چل پڑا ہے اسی طرح دوسرے لطائف، اس میں انوار کا نظر آنا کوئی ضروری نہیں، یہ تو محنت و ریاضت سے غیر مسلموں کو بھی حاصل ہو جاتے ہیں۔"(۱)

## اخلاص و اخلاق کی جہانگیری اور کیمیاگری

حضرت کے سامنے سب سے پہلے صحابۂ کرامؓ کی زندگی اور ان کے کارنامے تھے، جنکے اخلاص و اخلاق کی بدولت اسلام نصف صدی کے اندر نصف دنیا میں پھیل گیا اور ہر طرف خدا طلبی اور آخرت کوشی کی ہوا چل گئی، حضرت نے انکے حالات کا بڑے غور سے مطالعہ کیا تھا اور اپنی مجالس میں بار بار ان کے اخلاص و ایثار کے تذکرے فرماتے تھے۔

دور آخر میں آپ نے حضرت سید احمد شہیدؒ کی تحریک اور انکی جماعت کی تاریخ کا بڑے ذوق و شوق سے مطالعہ فرمایا، فرماتے تھے کہ ان کے حالات پڑھ کر معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس دور میں صحابۂ کرام کا نمونہ تھے، وہی رضائے الٰہی کی دھن، وہی شہادت کا شوق وہی دنیا سے بے رغبتی وہی ایثار و محبت اور قربانی کا جذبہ

(۱) ملفوظ بتاریخ ۶ رجادی الثانیہ ۱۳۷۶ھ (۸ جنوری ۱۹۵۷ء) بمقام کوٹھی صوفی عبدالحمید صاحب (بیاض مولوی علی احمد صاحب مرحوم)

Marfat.com

پھر آپ نے اپنے شیخ حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے خادم حضرت خاں صاحب عبدالرحمٰن خاں (۱) کی تبلیغ و صحبت کے اثرات دیکھے کہ کس طرح وہ دشمن کو دوست، پتھر کو موم اور غافلوں اور فاسقوں کو تہجد گزار اور تقوے شعار بنا لیتے تھے، یہ سب ان کے اخلاص اور سوزِ دروں کا نتیجہ تھا۔

---

(۱) خاں صاحب عبدالرحمٰن خاں تھانہ بھون کے رہنے والے تھے، استعداد نہایت عالی اور نسبت عشقیہ جذبیہ تھی، ابتداء میں کرایہ پر بیل گاڑی چلاتے تھے، ایک لطیفۂ غیبی اور ہادیٔ مطلق کی رہبری سے بیعت وسلوک کی طرف توجہ اور حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحبؒ کی طرف نشان دہی ہوئی بیعت ہوئے اور آثار و احوال عزیبہ کا ورود ہوا۔ حضرت فرماتے تھے کہ پہلے مجھے خیال ہوتا تھا کہ شاید لوگوں نے پہلے بزرگوں کے حالات وکمالات لکھنے میں مبالغہ سے کام لیا ہے لیکن جب میں نے میاں صاحب (عبدالرحمٰن خاں صاحب) سے ان کے حالات سنے اور اپنی آنکھوں سے دیکھے تو یقین ہوا کہ واقعی پرانے بزرگوں کے حالات بھی جو لوگوں نے لکھے ہیں درست ہوں گے، فرمایا کہ میں اور مولانا اللہ بخش صاحب اور میاں صاحب ایک مرتبہ ایک تقریب میں جمع تھے، وہاں ایک موقع پر ہم نے اصرار کیا کہ آپ اپنی بیعت کا واقعہ سنائیں، انھوں نے واقعہ سنانا شروع کیا، بیعت کا واقعہ سناتے سناتے رونا شروع کر دیا ہم نے دیکھا کہ خون کے آنسو جاری ہیں اور کرتا رنگین ہو رہا ہے۔ ہم بڑے گھبرائے، ہم نے خود کرتا دھویا حضرت ان کی تاثیر و فیض صحبت کے واقعات اکثر سنایا کرتے تھے، برابر دورہ اور تبلیغ فرماتے، مدارس قائم کرتے اور حضرت شاہ عبدالرحیم صاحبؒ کی خدمت میں روداد پیش کرتے، بڑے بڑے متکبر و فرعون طبیعت رئیسوں کی انکی صحبت میں قلب ماہیت ہو جاتی تھی، فرماتے تھے جس روز انکی وفات کی اطلاع رائے پور آئی ہے حضرت پر سارے دن عجیب اثر و کیف رہا، یہ بھی فرمایا کہ ہمیں امید تھی کہ اگر ایسے صاحب تاثیر اور قوی النسبت لوگ زندہ رہ جائیں تو مخلوق خدا کو بڑا فیض پہونچے اور اسلام کو ترقی ہو۔

Marfat.com

ان اہل دل بزرگوں اور دردمندوں کے واقعات بھی آپ کے سامنے تھے جن کی زبان سے نکلے ہوئے الفاظ بجلی کا اثر اور جن کی صحبت کیمیا اور پارس کی تاثیر رکھتی تھی، پنجاب کے ایک باخدا عالم مولانا غلام رسول صاحب(1) کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:۔

"بڑے عاشق تھے، ع دلا غافل نہ ہو یک دم، یہ انھیں کے اشعار ہیں، پنجابی تھے، ان کی اردو بھی ایسی ہی ہے، رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے عشق میں انکے بڑے دردناک اشعار ہیں، صحبت میں یہ اثر تھا کہ جو ایک دفعہ پاس بیٹھ جاتا، ساری عمر اس کی تہجد بھی ناغہ نہ ہوتی چہ جائیکہ (فرض) نماز، ہندوؤں میں جہاں وعظ کر دیتے سب کے سب مسلمان ہو جاتے، ایک دفعہ استنجے کے لئے ہاتھ میں ڈھیلا لئے کھڑے تھے، کچھ ہندو عورتیں قضائے حاجت کیلئے بستی کے باہر جنگل کو جا رہی تھیں، ڈھیلا زور سے زمین پر پھینکا اور فرمایا اِلَّا اللّٰہُ وہ سب ہندو عورتیں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھنے لگیں اور گھر تک پڑھتی گئیں اور مسلمان ہو گئیں، ایک شخص مسجد میں مکان کے اوپر سے کوڑا پھینک دیا تھا، ایک دفعہ لوگوں نے مولانا سے کہا کہ فلاں شخص ہمیشہ مسجد میں مکان کے اوپر سے کوڑا پھینکتا ہے، فرمایا کہ اب کی پھینکے تو مجھے دکھانا، دکھایا بھی، آپ نے فرمایا کب تک پھینکتا رہے گا؟ وہ وہیں سے نیچے کود پڑا اور تائب ہوا، جو ہندو یا عیسائی ایک دفعہ وعظ سن لیتا تھا مسلمان ہو جاتا تھا، اسواسطے انگریزوں نے زبان بندی کر دی

(1) قلعہ میہان سنگھ ضلع گجرانوالہ پنجاب کے رہنے والے تھے، بڑے عالم محدث اور صاحب تاثیر تھے، پہلے مولانا نظام الدین بگوی سے تعلیم حاصل کی، پھر دہلی آکر سید نذیر حسین صاحبؒ کے درس حدیث میں شرکت کی، حضرت مولانا عبداللہ صاحب غزنوی رفیق درس تھے، وعظ و تذکیر میں ایسی تاثیر تھی کہ انگریزی حکومت نے وعظ کہنے اور بلا اجازت سفر کرنے کی ممانعت کر دی تھی، عامل بالحدیث اور صاحب تصنیف تھے، ۱۲۹۱ھ میں وفات پائی (نزہۃ الخواطر جلد ۸) و تاریخ اہل حدیث از مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹی۔

Marfat.com

تھی اور وعظ سے روک دیا تھا۔(۱)

اسی طرح کئی بار مولانا محمد صاحب فاروقی کے عشق و محبت اور درد و سوز اور انکی تاثیر اور انقلاب انگیز صحبت کے واقعات بیان فرمائے، ایک مرتبہ فرمایا :-

"مولانا عبداللہ صاحب کے والد مولانا محمد صاحب(۲) بڑے عاشق تھے، بہت

(۱) ملفوظات (قلمی) مرتبہ مولوی علی احمد صاحب مرحوم مجلس ۲۴ رجمادی الثانیہ ۱۳۷۶ھ (۲۶ رجنوری ۱۹۵۷ء) بمقام لاہور، کوٹھی صوفی عبدالحمید صاحب۔ (۲) مولانا محمد صاحبؒ کوٹلہ بادل خاں ضلع جالندھر کے رہنے والے تھے بڑے عالم تھے حضرت مولانا محمد مظہر صاحبؒ نانوتوی بانی مظاہر العلوم سہارنپور سے تلمذ تھا اور مولانا عبدالحق صاحب حقانی کے ہم سبق تھے، بڑی عاشقانہ اور دردمند طبیعت پائی تھی، ابتداء میں عشق مجازی میں گرفتار ہو گئے اور اسکی وجہ سے بڑی تکلیفیں برداشت کیں پھر جاذبۂ توفیق الٰہی نے محبوب حقیقی کی طلب عشق کی طرف متوجہ کیا، حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت ہو گئے، حضرت نے انکو ارشاد فرمایا تھا کہ آپ وعظ ہی کہتے پھریں یہی آپ کا وظیفہ ہے، مولانا وعظ کیلئے دیوانہ وار پھرتے تھے، آواز میں اللہ تعالیٰ نے اتنی کشش دی تھی کہ جو بھی آپ سے وعظ یا کوئی شعر سن لیتا گرویدہ ہو جاتا، اکثر وعظ سننے والے تہجد گزار ہو جاتے بڑے بڑے ڈاکو اور چور آپ کے ہاتھ پر تائب ہوئے۔

حضرت فرماتے تھے کہ جب ذکر کرنے بیٹھتے تو پہلے بڑے درد سے یہ شعر پڑھتے اور دل کھینچ لیتے،

ہزار بار بشویم دہن زمشک و گلاب ہنوز نام تو گفتن کمال بے ادبی است

پھر تھوڑا ذکر کرتے، پھر یہ شعر پڑھتے اور خوب روتے۔

مولانا مفتی فقیر اللہ صاحب مرحوم فرماتے تھے کہ ضلع لاہور میں میرا گزر ایک جھونپڑے کے پاس سے ہوا جو بالکل جنگل میں تھا، سنتا ہوں کہ کوئی عورت جھونپڑے کے اندر بیٹھی ذکر بالجہر کر رہی ہے مگر کچھ زیادہ جہر سے نہیں میں وہاں ٹھہر گیا، پوچھا کہ آپ لوگوں کو کس کی صحبت سے یہ بات حاصل ہوئی، انھوں نے کہا کہ یہاں سے ایک بزرگ سفید ریش گزرے تھے ان کا نام محمد تھا ہم ان سے بیعت ہو گئے ہماری مستورات بھی ذاکرہ اور تہجد گزار ہیں، حلال حرام پہچانتی ہیں، میں سمجھ گیا کہ یہ میرے استاد حضرت مولانا محمد صاحب فاروقی ہیں ۱۳۲۰ھ (۱۹۰۲ء) میں وفات پائی۔

Marfat.com

خوش الحان تھے۔ ایک بستی[1] میں تشریف لے گئے، لوگ پیر پرستی کے نیچے
گئے تھے، وہاں شعر کی ہیر[2] گائی جاتی تھی، مقدمہ کر کے گویا یقین آتے
کہ الفاظ پڑھے جاتے۔ آپ نے ان کو کھینچ لیا، لوگوں کے ... تھے پھر
... قرآن شریف پڑھ کر شروع کر دیا، اب بستی کی ... ہو گئی
فرماتے تھے کہ اب یوں بھی یہ بات ہے کہ ایک مولانا محمد ... ایک ...
... اور قرآن پڑھ کر ... اور لوگ پھر ذکر کریں، بس اس کا
... باقی ہے۔[3]

ان طرح ایک دوست محب مخلص ... مولانا احمد الدین[4] کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔
جس بستی سے گزر جاتے لوگ ایسا چمٹتے کہ دو، دو روز تک جانے نہ دیتے
ایک دفعہ تلکوہ شریف گئے، حالانکہ وہاں سب پیرزادے تھے، ایسے چمٹے
کہ پندرہ دن تک آنے نہیں دیا، پھر بڑی مشکل سے وہاں سے نکلے اور ان
لوگوں نے رو رو کر رخصت کیا۔

ایک دفعہ دیوبند میں بڑا جلسہ ہوا، بڑے بڑے علمائے کرام وہاں موجود
تھے، مولانا عاشق الٰہی صاحب میرٹھی نے ان کو کھڑا کر دیا، میں نے کہا جی
یہ بیچارے ایسے بڑے علماء حضرات کے سامنے کیا کہیں گے؟ مولانا نے

---

(۱) مولانا محمد ابراہیم صاحب اس بستی کا نام "سنگیاں" بتلاتے ہیں۔ (۲) پنجاب کی مشہور عاشقانہ و عارفانہ مثنوی (۳) ملفوظات قلمی مجلس ۲۴ رجمادی الثانیہ ۱۳۷۶ھ (۲۶ رجنوری ۱۹۵۷ء) بمقام لاہور، کوٹھی صوفی عبدالحمید صاحب (۴) حضرت کے رفیق درس مولانا فضل احمد صاحب کے بھتیجے، نہایت صاحب استعداد و صاحب صلاح تھے، جوانی میں انتقال ہو گیا۔

فرمایا کہ بعض بندے ایسے ہوتے ہیں کہ معمولی سے معلوم ہوتے ہیں اور اللہ تعالٰی ان سے بڑے بڑے کام لیتے ہیں، چنانچہ تین گھنٹے تک تقریر کی اور بڑا اثر ہوا۔(1)

حضرت تمام کامیاب اور انقلاب انگیز دینی تحریکوں اور اصلاحی کوششوں کو ان کے داعیوں اور قائدین کے اخلاص، عشق و محبت اور درد و سوز کا نتیجہ سمجھتے تھے "ہرچہ از دل خیزد بر دل ریزد" چنانچہ مرکز نظام الدین دہلی کی عالمگیر دینی دعوت اور اس کے محیر العقول اثرات و نتائج کو اس کے داعی حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ (جن کے اخلاص و مقبولیت عند اللہ کے حضرت بیحد معتقد تھے) کی اندرونی کیفیات، جذب دل سوز و دردمندی اور اخلاص و للٰہیت کا نتیجہ سمجھتے تھے۔(2)

## جماعت کا وجود افراد پر اور اجتماعی اصلاح انفرادی اصلاح پر موقوف ہے

حضرت کی نظر سے یہ بات مخفی نہ تھی کہ سب ایسے صاحب تاثیر اور صاحب نسبت نہیں ہو سکتے جیسے یہ حضرات تھے اور نہ دین کی خدمت اور وعظ و ارشاد کا فریضہ ان غیر اختیاری کیفیات پر منحصر ہے، مگر آپ کا یہ خیال ضرور تھا کہ جماعت کا وجود افراد پر اور اجتماعی اصلاح کا انفرادی اصلاح پر موقوف ہے اور مصلح سے پہلے صالح بننا ضروری ہے۔

---

(1) ملفوظات قلمی مجلس ۴ر جمادی الثانیہ ۱۳۷۶ھ (۲۶ر جنوری ۱۹۵۷ء)

(2) قائد کا اخلاص جب انتہائی مدارج پر پہونچ جاتا ہے تو وہ اپنے رفقاء اور پیرووں کی کثیر تعداد میں اخلاص و جذبہ عمل اور عشق کی کیفیت پیدا کر دیتا ہے جیسا کہ تبلیغی تحریک میں دیکھا جا رہا ہے، مگر پھر بھی حصول اخلاص و احسان کیلئے ذاتی جد و جہد کی ضرورت رہتی ہے۔

Marfat.com

## مخلص کیلئے خدا کی توفیق

نیز اس بات پر آپ کو بڑا وثوق تھا اور بکرات ومرات یہ بات فرمائی کہ انسان کو اخلاص وہمت کے ساتھ اپنی اصلاح اور ذکر الٰہی میں مشغول ہو جانا چاہیئے اور اپنی طرف سے اپنے لئے کچھ تجویز نہیں کرنا چاہیئے مربی مطلق اور مرشد حقیقی اس کے لئے جس کام کو مناسب سمجھے گا اس کام پر اس کو لگا دیگا اور اس کی طرف اس کی طبیعت میں میلان قوی اور اس کے ساتھ مناسبت تامہ پیدا کر دے گا اور پھر اس کام میں اس کی مدد فرمائے گا،

کہ خواجہ خود روش بندہ پروری داند

ایک بار اسی طرح کا سوال کیا گیا تو اس کے جواب میں ارشاد فرمایا:۔

"میرے خیال میں اصل مقصود تو ہر شخص کو اپنے نفس کی اصلاح ہے فرائض و واجبات وعبادات ادا کرتا رہے اور اللہ اللہ کرتا رہے، اگر اللہ تعالےٰ کو اس سے کوئی کام لینا مقصود ہوتا ہے تو خود ہی اسکی طبیعت کو اس طرف متوجہ کر دیتے ہیں، اور یا بطریق الہام یا بحکم شیخ اسکے کوئی کام سپرد کر دیا جاتا ہے، اس وقت اس کیلئے بہتر یہی ہوتا ہے کہ جو کام اسکے ذمہ لگایا گیا ہے اس کو انجام دے اور جب تک یہ نہ ہو اس وقت تک انفرادی طور پر اللہ اللہ کرتے رہنا اور عبادات ادا کرتے رہنا ہی اس کیلئے بہتر ہے اور اسی سے انشاء اللہ اسکی نجات ہو جائیگی۔"

"فرمایا دیکھو سرور کائنات صلے اللہ علیہ وسلم حالانکہ ازکی نفس ہیں مگر آپ کو بھی جبتک مامور من اللہ نہیں کیا گیا آپ غار حرا میں تشریف لے جا کر انفرادی طور پر اللہ کی عبادت ہی کرتے رہتے تھے، حالانکہ قوم کی بے اعتدالیاں بُت پرستی، ظلم اور تعدیاں بہت دیکھتے رہتے تھے مگر کسی سے تعرض نہیں کیا اور غاروں میں اکیلے جا کر خدا کی یاد میں لگے رہتے تھے لیکن آخر جب فرشتہ نازل ہوا

اور فرمایا بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَیْکَ تو آپؐ غار حرا کو چھوڑ کر کمر باندھ کر کھڑے ہو گئے اور اس فرض کو ادا کیا بہر حال دیگر حضرات کا جو خیال بھی ہو میں اسکے متعلق کچھ نہیں کہتا میرا تو یہی خیال ہے کہ پہلے انفرادی طور پر اپنی اصلاح کرنی چاہیئے اور اپنی ہی فکر کرنی چاہیئے، اللہ تعالیٰ کو اگر اس سے کوئی کام لینا منظور ہو گا تو خود اسکو اسکی طرف متوجہ کر دیں گے، پھر اس کیلئے وہی بہتر ہے اور تبلیغ میں بھی اپنی ہی اصلاح مقصود ہونی چاہیئے۔(1)

ایک دفعہ ذکر کی ترقی اور ذکر کی استقامت کا ذکر کرتے ہوئے اسی مضمون کو دوسرے عنوان سے ارشاد فرمایا:۔

"پوچھا گیا کہ ذکر کی آخر کوئی انتہا بھی ہے؟ فرمایا یہاں تک ذکر کرے کہ روح ذاکر ہو جائے، پوچھا گیا کہ روح کے ذاکر ہونے کے کیا معنی ہیں؟ فرمایا یہ کہ دھیان ہر وقت اسی کی طرف لگا رہے، خواہ دنیا کے کام کر رہا ہو، تجارت کرتا ہو، کھیتی کرتا ہو، مگر خیال ہر وقت اسی طرف رہے، جیسا کہ کسی کو سر کا درد یا پیٹ میں درد ہو تو اگرچہ باتیں بھی کرتا رہتا ہے کام بھی کرتا رہتا ہے لیکن خیال درد کی طرف رہتا ہے۔

پوچھا گیا کہ استقامت کے کیا معنی ہیں؟ فرمایا اس قدر پختگی حاصل ہو جائے کہ جب تک ذکر پورا نہ کرے سکون نہ ہو، بے چینی و بیقراری سی رہے اور جب ذکر پورا کرلے تو سکون واطمینان حاصل ہو جائے، طبیعت میں فرحت و سرور محسوس ہو، فرمایا جب اس درجہ پر پہونچ جائے تو اس کا تمام وجود ہی تبلیغ بن جاتا ہے اور اس سے پہلے مجاہدہ ہوتا ہے فرمایا یہاں پہونچ کر اللہ تعالیٰ کو جو کام اس سے لینا ہوتا ہے اسکی طرف اس کو متوجہ کر دیتے ہیں، تبلیغ یا تدریس یا تصنیف، جس کام کی طرف اسکی طبیعت کا رجحان

(1) ملفوظات (قلمی) ملفوظہ ۲۵؍رمضان ۱۳۷۳ھ (۲۸؍مئی ۱۹۵۴ء) بمقام گھوڑا گلی کوہ مری۔

Marfat.com

ہوتا ہے وہی خدمت اس سے لیتے ہیں بعض اوقات الہام کے ذریعہ سے حکم دیا جاتا ہے بعض اوقات شیخ حکم دیتا ہے اور کبھی خود بخود طبیعت متوجہ ہو جاتی ہے"[1]

اس اصلاح باطن اور اخلاص کی دولت کے حصول کے بعد اس کی دینی خدمتوں اور دینی و علمی اشغال کا عالم دوسرا ہوتا ہے۔ خود امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کا اظہار فرمایا ہے کہ حصول یقین و اخلاص کے بعد کے اور اسکے پیشتر کے مشاغل خدمات میں زمین و آسمان کا فرق تھا، پہلے وہ کام تقاضائے نفس یا ضابطہ کی تکمیل کیلئے کرتے تھے اب حکم الٰہی سے[2]۔

## اجتماعی اور متعدی کام کی اہلیت و صلاحیت

حضرت کا مقصود دینی مشاغل و خدمات سے چھڑانا اور اجتماعی زندگی اور جد و جہد سے نکال کر مستقل طور پر انفرادی اصلاح اور خلوت و عزلت میں بٹھانا نہیں تھا، آپ کا مقصود عوام میں انکے درجہ کا اخلاص تعلق باللہ اور شریعت کی پابندی پیدا کرنا اور خواص (علماء، مدرسین، مقررین، اہل قلم، اہل سیاست) میں انکے درجہ، انکے کام کی نزاکت و وسعت اور انکے ابتلاء اور فتنوں کے مواقع کے بقدر ان میں اخلاص تعلق مع اللہ اور ایمان و احتساب و تصحیح نیت کا ملکہ پیدا کرنا تھا، آپ خوب سمجھتے تھے کہ درد و اخلاص کے بعد انکے علم و ذہن کے جوہر زیادہ کھلیں گے اور ان کی تھوڑی کوششیں کہیں زیادہ بار آور ہوں گی۔

ذرا نم ہو تو یہ مٹی بہت زرخیز ہے ساقی

## قلوب و نفوس کی تربیت کا ایک مرکز

جیسا کہ آپ کا ارشاد گزر چکا ہے، اخلاص کیساتھ مدت تک اللہ کا نام لینے اسکے راستہ

(۱) ملفوظات قلمی، ملفوظ ۲۱ رمضان المبارک ۱۳۷۳ھ (۲۴ مئی ۱۹۵۴ء) بمقام گھوڑا گلی، کوہ مری۔

(۲) ملاحظہ ہو المنقذ من الضلال صہ ۱۵۳ و صہ ۱۵۴ طبع دمشق۔

میں اپنی ہستی کو فنا کرنے اور ایک صادق و مخلص بندہ کے ساتھ وابستہ رہنے اور اسکی اطاعت وانقیاد و خدمت کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے وقت کی ایک اہم ترین خدمت آپکے سپرد فرمائی اور بظاہر ایک گوشہ میں بٹھا کر قلوب و نفوس کی تربیت، حصول اخلاص و اصلاح اخلاق کی دعوت اور معرفت و یقین اور عشق و محبت کی دولت کو عام کرنے کا کام سپرد کیا کہ چراغ سے چراغ جلتا ہے اور درد و خلوص والوں سے درد و خلوص ملتا ہے۔

اخلاص عمل مانگ نیا گان کہن سے
شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدا را

## عمومی بیعت اور اسکے اثرات

آپ کے اخلاص، وسعت اخلاق، شفقت و محبت اور اپنے کام میں انہماک و یکسوئی کی وجہ سے بہت جلد رائپور کی خانقاہ مرجع خاص و عام بن گئی، سہارنپور کا ضلع خصوصیت کیساتھ اور دوآبہ عمومیت کے ساتھ بزرگوں کے ساتھ عقیدت رکھنے والا اور خدا کے نام کی چاشنی کا لذت آشنا ہے، رائپور کے اطراف اور کوہ شوالک کے دامن اور جمنا کے کنارے کے دونوں طرف کا علاقہ حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب قدس اللہ سرہٗ کے ساتھ بالعموم عقیدت و ارادت رکھتا تھا، جابجا ضلع میں، پہاڑ پر، کھادر کے علاقہ اور جمنا کی ترائی میں آپ کے خدام اور آپکے قائم کئے ہوئے مدارس و مکاتب پھیلے ہوئے تھے، حضرت کی وفات کے بعد یہ سب اہل ارادت و تعلق آپ سے مانوس اور متعلق ہوئے، پرانے خدام نے آنا جانا اور ذکر کرنا شروع کیا، ان کی ترغیب یا ان کی صحبت کے اثر سے نئے نئے لوگ بیعت کیلئے آنے لگے اور بڑی تعداد میں داخل سلسلہ ہونے لگے، آپ علماء و خواص کو بیعت کرنے میں جتنے محتاط اور متامل تھے، عوام کو اللہ کا نام سکھانے اور توبہ کرا دینے میں نہیں تھے، بعض مرتبہ فرمایا کہ یہ لوگ نہایت

عملوں کے سوا کچھ کام نہیں آئے گا، پڑھنے کیلئے تیسرے کلمہ استغفار و درود شریف کی ہدایت فرماتے تھے۔

یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ سب اقرار کرنے والے سو فیصدی اس پر قائم رہتے تھے اور سب کی زندگی میں انقلاب عظیم ہو جاتا تھا، لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں کہ دوسرے مقبول و مخلص مشائخ طریقت اور بزرگان دین کی طرح یہاں بھی بیعت ہونے والوں میں سیکڑوں خدا کے بندوں کو اس بیعت سے فائدہ پہونچا، بڑی تعداد شرک و بدعات سے تائب اور نماز کی پابند ہو گئی اور ان میں سے بہتوں کو اللہ کے ذکر کی توفیق اور اصلاح حال و ترقی کی سعادت نصیب ہوئی، لایحصیہم الا اللہ تعالیٰ۔

بعض مرتبہ ایک ناواقف شخص کو اس سلسلۂ بیعت اور اس کی وسعت و عمومیت کو دیکھ کر شبہ اور خلجان ہوتا کہ اس طرح بیعت سے پیشتر تحقیق و تفتیش اور بیعت بعد تعلیم و تربیت کے مستقل و قابل اطمینان انتظام کے بغیر آپ کیوں اس فراخ دلی اور فراخ دامانی کے ساتھ ہر کس و ناکس کو بیعت میں قبول فرما لیتے ہیں، اور اسکی افادیت کیا ہے؟ یہ شبہ مشائخ طریق کے طرز عمل کی بنا پر پہلے بھی ہوا ہے، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ کی زبان مبارک سے اس کا جواب اور اسکی وجہ سن لی جائے، قاضی ضیاء الدین برنی صاحب "تاریخ فیروز شاہی" کے دل میں یہی خطرہ گزرا تھا۔ حضرت خواجہ نے اپنی فراست اور نور باطن سے معلوم کر کے اس طرح تشفی فرمائی۔

"میں مرید کرنے میں کیوں زیادہ احتیاط سے کام نہیں لیتا اور اپنا اطمینان نہیں کرتا، ایک وجہ تو یہ ہے کہ میں علی سبیل التواتر سن رہا ہوں کہ بہت سے مرید ہونیوالے معصیت سے تائب ہو جاتے ہیں، نماز با جماعت ادا کرنے لگتے ہیں اور

# ساتواں باب (۷)

## سفر اور اصلاحی و تبلیغی دورے

ہمہ آہوانِ صحرا سر خود نہادہ برکف
بامید آں کہ روزے بشکار خواہی آمد

### مشرقی پنجاب کے دورے رجوع و استفادہ

مشرقی پنجاب کے ساتھ تعلق اور آمد و رفت کے آغاز کا تذکرہ کرتے ہوئے مولانا عبدالعزیز صاحب رائے پوری[1] تحریر فرماتے ہیں:۔

"حضرت مرحوم پنجاب علاقہ جالندھر میں طالب علمی کے وقت سے رائپور گوجران مولانا فضل احمد صاحب کے بڑے بھائی مولوی مولا بخش صاحب کے تعلق کی وجہ سے آیا کرتے تھے۔ حضرت عالی رائے پوری کے وصال کے بعد زیادہ تر آمد و رفت ہوئی۔ حضرت منشی رحمت علی صاحبؒ اکثر حضرت کو لوگوں کے تقاضے سے باہر دوسرے گاؤں لے جاتے مگر حضرت کسی کو بیعت

(۱) آپ حضرت حافظ محمد صالح صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے (جو حضرت گنگوہیؒ کے مجازین میں سے تھے) صاحبزادہ اور حضرتؒ مولانا عبدالقادر صاحب کے مجازین و خلفاء میں سے ہیں، پہلے رائپور گوجران کے مدرسہ کے مہتمم و روح رواں تھے اب چک ۱۲ لاپچہ وطنی ضلع منٹگمری میں مقیم ہیں، بہت سے علماء و مدرسین کے استاد اور مرجع طالبین ہیں،

Marfat.com

نہ کرتے، جو شخص آتا اس کو حضرت منشی صاحبؒ کی طرف متوجہ کر دیتے جو بالکل ہی پیچھے پڑا اور سفارش حضرت منشی صاحب نے کی اس کو بیعت کر لیتے، حضرت کے ہاتھ پر بیعت کرنے والوں کی تعداد اس وقت بہت کم تھی، میرے والد (حضرت حافظ محمد صالح صاحب) کے مرض الموت میں حضرت خود بخود تشریف لے آئے، جنازہ بھی پڑھایا، پھر حضرت منشی صاحب کے مرض الموت میں تشریف لائے اور علاج کے واسطے شہر جالندھر ان کو لے گئے، وہیں ان کا انتقال ہوا، وہیں دفن ہوئے، جنازہ حضرت کے حکم سے مولانا عبدالعزیز صاحب گمتھلوی نے پڑھایا حضرت منشی صاحبؒ کے انتقال کے بعد عام مخلوق کا دھیان حضرت کی طرف ہوا جن دنوں حضرت منشی صاحبؒ کے ساتھ مختلف دیہات میں حضرت کا دورہ ہوتا تھا، بندہ کو ساتھ جانے کی فرصت نہ تھی، جمعہ رخصت کے روز حاضری ہوتی،

حضرت منشی صاحب کی وفات کے بعد حضرت کا ایک سفر رائے پور گوجران سے شروع ہوا، بندہ اس سفر میں ساتھ تھا، حضرت رائے پور گوجران سے سلیم پور (ماسٹر منظور محمد صاحب کا گاؤں ملیان. لودی وال تہاڑہ، کشن پور، کوٹ محمد خاں، بڈو وال، دھرم کوٹ، جلال آباد، موگا سے گزرتے ہوئے جگراؤں تشریف لائے، ان سب مقامات پر بہت لوگ حضرت سے بیعت ہوئے چنانچہ اسی سفر میں ماسٹر منظور صاحب کو تہاڑہ اور لودی وال کے درمیان ایک جگہ بیٹھ کر بیعت فرمایا۔"(۱)

اس کے بعد تو مشرقی پنجاب کے دورے بکثرت اور تقریباً سالانہ ہونے لگے

(۱) مکتوب مولانا عبدالعزیز صاحب رائے پوری۔

Marfat.com

یہ دورہ بعض اوقات سات آٹھ مہینے تک کھنچ جاتا تھا، اس سفر کی پہلی منزل انبالہ ہوتی تھی جو متصل ضلع ہے۔ قیام عموماً حافظ صدیق صاحب کے پاس ہوتا تھا، لدھیانہ میں بن والی مسجد میں اسی طرح جالندھر میں اہل تعلق کے اصرار سے مضافات اور ان مرکزی قصبات میں بھی تشریف لے جاتے تھے جہاں مخلصین کا مجمع ہوتا، حضرت کے مزاج میں احباب وخدام کی دلداری، نازبرداری کی حد تک تھی، خلوص ومحبت کے ساتھ کوئی اپنے گاؤں یا قصبہ لے جانے کے لئے اصرار کرتا، یا دینی نفع متصور ہوتا تو تکلیف اٹھا کر بھی تشریف لے جاتے اور سفر میں سفر نکلتے رہتے، جہاں دینی مدارس یا ذکر شغل کرنے والوں کا اجتماع ہوتا، وہاں اور شوق ورغبت سے تشریف لے جاتے اور آپ کا سفر اصلاحی وتبلیغی دورہ بن جاتا جس میں صدہا اشخاص بیعت وتوبہ سے مشرف اور ذکر کی لذت سے آشنا ہوتے، چونکہ یہ سفر بڑے طویل اور بار بار ہوتے تھے اسلئے قدرے تفصیل سے ان کی روداد پیش کی جاتی ہے تاکہ کسی قدر ان کی اہمیت اور افادیت کا اندازہ ہوسکے۔

حضرت کے ایک خاص خادم مولانا عبداللہ صاحب[1] دھرم کوٹ ایک قدیم سفر کی روداد اپنے حافظہ کی مدد سے اس طرح لکھتے ہیں، اس سے حضرت کے اصلاحی ذوق احباب وخدام کی دل جوئی اور ان دینی مقاصد کے لئے جفاکشی کے تحمل کا بھی کسی قدر اندازہ ہوسکتا ہے۔

"بندہ تقریباً ۱۹۳۰-۳۱ء میں حضرت الاستاد مولانا محمد ابراہیم صاحب سلیم پوری کے

(۱) افسوس ہے کہ ۶ رمضان المبارک ۱۳۸۳ھ مطابق ۲۲ جنوری ۱۹۶۴ء بروز بدھ آپ کا لاہور میں انتقال ہوگیا۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ۔

Marfat.com

مدرسہ میں جگراؤں بسلسلۂ تدریس مقرر ہوا، کچھ دنوں بعد معلوم ہوا کہ حضرت اقدس تشریف لارہے ہیں، اس دفعہ حضرت بھاول نگریؒ سے ملاقات کر کے فیروزپور موگا اور جلال آباد شرقی ہوتے ہوئے بندہ کے سکونتی قصبہ دھرم کوٹ پہنچے اور وہاں سے حضرت الاستاذ مولانا قمرالدین صاحب جو کہ حضرت گنگوہیؒ سے بیعت اور حضرت شیخ الہند کے شاگردوں میں سے تھے اور اس وقت حضرت رائپوری کی طرف رجوع فرمایا تھا، ان کے گاؤں بھنڈر کلاں تشریف لیگئے اور یہ سارا سفر بھاول نگر سے چل کر فیروزپور اور موگا ہوتے ہوئے جلال آباد، عصر دھرم کوٹ، مغرب لوہ گڑھ اور نماز عشاء اور کھانا بھنڈر کلاں میں ہوا، اور رات حضرت مولانا کے ہاں ٹھہر کر صبح سویرے وہاں سے چلے، کوکری ہوتے ہوئے، چائے جتوال میں میاں غلام رسول کے ہاں نوش فرمائی، تقریباً دس بجے جگراؤں پہونچے اور معاً ہی فرمایا کہ صرف ایک گھنٹہ ہی ٹھہرنا ہے، پھر گیارہ بجے کی گاڑی سے لدھیانہ چلے جانا ہے طالب علموں نے بندہ کے اس حجرہ میں جو بظاہر قبر کا نمونہ تھا، نہایت نیچی چھت، ایک چارپائی سے زیادہ کی گنجائش نہیں اور چھت بھی کالی سیاہ، حضرت کے لئے چارپائی بچھا کر عرض کیا کہ حضرت تھوڑی دیر لیٹ جائیں تو ہم ہاتھ پاؤں ہی دبادیں، بندہ نے بھی عرض کیا کہ اگر قیام ایک ہی گھنٹہ رہنا ہے تو بہتر ہے کہ حضرت آرام فرمالیں اور طالب علموں کو بھی خدمت کی کچھ سعادت نصیب ہو جائیگی، چلنے تو بہر حال جانا ہی ہے، اور ویسے بھی کل سے مسلسل سفر ہو رہا ہے، حضرت نے منظور فرمالیا اور چارپائی پر کھڑے ہو کر جب چادر اتارنے کا ارادہ فرمایا تو حجرہ کی تنگی کی وجہ سے دونوں ہاتھ ہر دو

طرف کی دیوار سے لگ گئے، حضرت مولانا عبدالعزیز صاحب گمتھلوی جن کو احباب اس وقت صاحبزادہ صاحب کہا کرتے تھے، حضرت نے ان کو آواز دی اور فرمایا کہ عبداللہ کا یہ حجرہ ہمیں پسند آگیا ہے اس لئے خیال ہے کہ رات یہیں قیام کرلیں، حضرت مولانا عبدالعزیز صاحب گمتھلوی نے میری دلداری یا اپنی طبعی ذرہ نوازی کے پیش نظر نہایت ہی خوشی سے آمادگی کا اظہار فرمایا۔

میں نے عرض کیا کہ پھر اجازت ہو تو میں رائے پور گوجران کے حضرات کو بھی اس کی اطلاع کردوں تاکہ وہ بھی زیارت سے مشرف ہوجائیں، فرمایا کہ ہاں یہ تیری ہمت ہے۔ بعد از منظوری بندہ نے اپنے ایک طالب علم حافظ محمد دین سے کہا کہ یہ میری سائیکل لے لو اور جلد از جلد رائے پور گوجران پہونچو۔ جگراؤں سے تقریباً اٹھارہ میل کا سفر اور درمیان میں ستلج کا پاٹ بھی تھا حضرت شام کے کھانے پر قبل از مغرب بیٹھے ہی تھے کہ حضرت مولانا عبدالعزیز صاحب، مولانا قمرالدین صاحب، مولانا فضل احمد صاحب اور دیگر حضرات تشریف لے آئے، رات جگراؤں میں قیام فرمایا۔ صبح تقریباً آٹھ بجے لدھیانہ کا قصد تھا چائے وغیرہ سے فارغ ہو اسٹیشن پر تشریف لائے تو حضرت مولانا عبدالعزیز صاحب رائے پوری نے بندہ سے فرمایا اگر تو حضرت سے اجازت لے لے تو یہاں تو کچھ وقت ملا نہیں ہم سب خدام لدھیانہ چلے چلیں وہاں حضرت کا دو تین دن قیام ہے کچھ استفادہ کرسکیں گے میری عرض پر حضرت نے فرمایا کہ ساتھ چلنے میں تو کچھ حرج نہیں مگر ایک شرط ہے کہ اپنے قیام وطعام کا انتظام خود کرنا ہوگا، یہ نہیں کہ جس غریب

Marfat.com

کے ہاں میں ٹھہروں وہاں بن بلائی ایک بارات کی بارات اس کے سر پڑ جائے چنانچہ ہمارے ان شرائط کو قبول کر لینے پر حضرت نے اجازت فرمادی، بندہ حضرت مولانا عبدالعزیز صاحب، پیرجی عبداللطیف صاحب گڑ منڈی میں مدرسہ بستان الاسلام والے قاری احمد حسن صاحب کے ہاں ٹھہرے اور انھیں کے ہاں کھانا کھاتے رہے، حضرت مولانا فضل احمد صاحب منشی محمد شفیع صاحب کے ہاں ٹھہرے، مولانا قمرالدین صاحب اپنی برادری گوجروں میں جاکر ٹھہرے، میاں صدرالدین صاحب برادر اخیانی حضرت پیرجی عبداللطیف صاحب نے کہا کہ میں تو حضرت کے ساتھ ہی ٹھہروں گا اور ساتھ ہی کھانا کھاؤں گا، کیونکہ حضرت کا سامان بستر وغیرہ بھی سنبھالوں گا، تو حضرت نے فرمایا کہ ہاں آپ کو ساتھ ہی رکھیں گے، اس سفر میں حضرت کا قیام ملا عبدالرحمٰن سبزی والوں کی بیٹھک (جو کہ ہمارے حجرہ قبریہ سے کچھ زیادہ وسیع نہ تھی) میں رہا، جاتے ہی لدھیانہ والے دوستوں سے فرمایا کہ دیکھو ہم دعوت تو کسی کی کھائیں گے نہیں مگر جو دوست ملنے والے ہیں وہ اپنا کھانا لاکر میرے ساتھ کھائیں اور ایک ایک چپاتی میرے حصہ کی بھی لیتے آویں سب کی طرف سے دعوت بھی ہو جائے گی اور خصوصی دعوت کا بار بھی کسی ایک پر نہیں پڑے گا، چنانچہ تین چار روز کے قیام میں یہی سلسلہ رہا کہ خصوصی دعوت کسی کی قبول نہیں فرمائی اور بعد میں بھی مدتوں تک لدھیانہ میں یہی معمول رہا کہ حاجی علی محمد صاحب اپنے گھر سے، حاجی ولی محمد اپنے ہاں سے، حاجی ابراہیم اپنے ہاں سے اور حاجی قادر بخش اپنے ہاں سے پانچ پانچ سات سات، دس دس

Marfat.com

آدمیوں کا کھانا پکوا کر لے آتے اور حضرت کے ساتھیوں کو کھلاتے، بعد میں جو کچھ بچا کھچا ہوتا وہیں بیٹھ کر کھا لیتے اور کسی پر خاص بار بھی نہ ہوتا، چارپائیاں بستر اور دوسرا ضروری سامان اکثر حافظ احمد حسن صاحب ام المدارس والوں کے ہاں سے آجاتا۔ حافظ صاحب کے صاحبزادگان قاری عبدالرشید اور مولوی عبدالحمید صاحب یہ خدمت نہایت بشاشت سے انجام دیتے۔

ایک دوسرے سفر میں بندہ نے لدھیانہ سے اپنے گاؤں دھرم کوٹ تشریف لیجانے کیلئے عرض کیا بعد از منظوری رات کو عرض کیا گیا کہ حضرت اجازت فرمائیں تو مولوی عبدالرحیم صاحب کو رات کی گاڑی پر بھیج دیا جائے تاکہ حضرت کے کھانے کا صبح کو بسہولت انتظام ہو سکے، کھانے میں کوئی تکلف تو ہوتا نہیں تھا مگر ان دنوں بالخصوص بتھوے کا ساگ دسترخوان کا خصوصی جزو تھا جو کہ تبرک خوروں کے لئے بڑا ابتلا ہو جاتا تھا، رات کو تو حضرت نے اجازت نہ دی صبح چار بجے تقریباً جب حضرت وضو کے لئے اٹھے تو میں نے دوبارہ عرض کیا تب مولوی عبدالرحیم کو اس گاڑی پر بھیجنے کی اجازت فرما دی مگر اپنا سفر پہلی گاڑی پر ملتوی فرما دیا، وضو سے فارغ ہو کر جب حضرت اندر حجرہ میں تشریف لے گئے تو بندہ کو آواز دی گئی، حاضری پر فرمایا کہ آج ہم نے ارادہ یہ کیا ہے کہ جو کچھ آئے گا وہ اس سفر کے کرایہ کی مد میں تیرے حوالہ کیا جائے گا اور یہ لے لو، بس سوائے قبول کرنے کے چارہ نہ تھا مگر اسی طرح دوبارہ سہ بارہ آواز پڑتی رہی حتی کہ میری ساری جیبیں پر ہو گئیں، گیارہ بجے والی گاڑی پر تشریف لیجانا طے ہوا تھا، چنانچہ مولانا عبدالرحمٰن صاحب لدھیانوی اسٹیشن

پر تشریف لے آئے اور حضرت مع پچیس تیس خدام کے گیارہ والی گاڑی پر سوار ہو کر تقریباً ایک بجے موگا اسٹیشن پہنچے، اسٹیشن سے لاری پر دھرم کوٹ مدرسہ کی مسجد میں نماز پڑھی، حاجی علی محمد صاحب، بھائی الطاف صاحب غالباً مولانا حبیب الرحمٰن صاحب رائے پوری ساتھ تھے، رات کو قیام ہوا صبح چائے کے بعد وہاں سے چل کر جلال آباد تشریف لانا ہوا، جہاں پر بہت سے مرد اور کثیر تعداد میں عورتیں بیعت بھی ہوئیں اور جو پہلے سے بیعت تھیں اپنے اپنے حالات عرض کر کے ذکر وغیرہ کے سلسلہ میں حضرت سے ہدایات حاصل کیں، چونکہ جلال آباد حضرت مولانا عبدالعزیز صاحب رائے پوری کے ننھیال کا گاؤں تھا، اس لئے اکثر عورتیں اور مرد حضرت سے بیعت اور ہدایت یافتہ تھے اور تقریباً سارا گاؤں راجپوتوں کا تھا، اور ہر سال حضرت کا دورہ بھی ہوتا تھا حضرت کے توسل کی وجہ سے وہاں طبقۂ مستورات میں خاص طور پر ذکر وشغل اور دینداری کا شوق تھا،

ایک دفعہ لدھیانہ حاضر ہو کر بندہ نے جگراؤں تشریف لانے کے لئے عرض کیا، منظوری ہو جانے کے بعد حضرت مولانا محمد صاحب پہنچ گئے، اور انھوں نے پہلے رائے کوٹ تشریف لانے کی منظوری حاصل کر لی، بندہ دوبارہ حاضر ہوا، چونکہ دوستوں کو کھٹکا تھا، خاص کر عبدالرحمٰن صاحب لودھی والے اور سلیم پور نہاڑہ والے احباب کو کہ اس طرح کہیں ہمارا نمبر حذف نہ ہو جائے کیونکہ ان کا خیال جگراؤں کے بعد سلیم پور لودیوال کا تھا حضرت لیٹ چکے تھے، میں نے عرض کیا کہ حضرت اس طرح جگراؤں رہ نہ جائے، تو حضرت لیٹے ہوئے خوب

Marfat.com

ہنسے اور نہایت شفقت کے لہجہ میں فرمایا کہ نہیں نہیں جگراؤں رہے گا نہیں چنانچہ رائے کوٹ کے دو روزہ قیام کے بعد جگراؤں تشریف لائے اور وہاں سے سلیم پور لودیوال تہاڑہ، دانو وال ایک ایک دن قیام کرتے ہوئے جب لودیوال سے روانہ ہوئے تو ماسٹر منظور صاحب نے بیعت کے لئے بندہ سے فرمائش کی میرے گزارش کرنے پر ایک کھیت ہی میں بیٹھ کر جہاں بندہ نے اپنی چادر بچھا دی تھی اور ماسٹر صاحب کو دیکھ کر کچھ ساتھی اور بھی آگئے تھے منظور صاحب کو مع ساتھیوں کے منظور فرمالیا، ماسٹر منظور صاحب اور ان کے ساتھیوں کو توبہ کرانے کے بعد کہ بیل گاڑیاں راستہ پر آچکی تھیں، اس لئے آگے روانگی ہوئی، غالباً دانو وال ہوتے ہوئے بڑے کشن پور میں کچھ دیر قیام فرمایا، جہاں حضرت نے مع اپنے ساتھیوں کے کھانا تناول فرمایا، منشی ابراہیم اور ان کی اہلیہ محترمہ جو وہاں زنانہ اسکول میں ملازم تھیں، کے اصرار کی وجہ سے وہاں قیام ہوا مگر دو پہر ہی وہاں سے روانگی ہوئی، مولانا عبدالعزیز صاحب ملیانی اور حضرت مولانا غلام رسول صاحب جالندھری حضرت کے ساتھ گاڑی پر بیٹھے ہوئے تھے، بندہ بھی اسی گاڑی پر تھا، مولانا غلام رسول صاحب کچھ پنجابی اشعار حضرت کو سناتے رہے، کبھی کبھی حضرت مولانا عبدالعزیز صاحب کی بھی باری آجاتی تھی، گرمی خوب تھی، کوٹ محمد خاں پہنچکر، چونکہ ان لوگوں نے پہلے ہی سے لسی وغیرہ کا انتظام کر رکھا تھا، اور تکیہ میں چارپائی بھی بچھوا رکھی تھی، اس لئے حضرت نے تھوڑی دیر وہاں بڑھ کی چھاؤں میں آرام کیا اور حضرت کے ساتھیوں نے لسی، پانی نوش کیا، ہمارے دھرم کوٹ

Marfat.com

کے بعض قدیم طالب علم سید احمد علی اور سید ہدایت اللہ اور خوش محمد گاڑی کے ساتھ چل رہے تھے اور رخصتی مصافحہ کے وقت دعا کے لئے عرض گزار ہوئے، چونکہ وہ میرے بچپن کے ساتھی تھے' اس لئے میں نے خصوصی طور پر ان کی طرف متوجہ کرنے کے لئے چند ایک تعارفی کلمات کہہ دیئے حضرت نے فرمایا کہ بھئی میرے پاس کوئی پمپ تو ہے نہیں کہ چلتے چلاتے بھر دوں یہ کام تو محنت کا ہے، بہر حال بڈووال جو ایک سکھوں کا گاؤں تھا، اور اپنے عزیز واقارب بھی وہاں کافی رہتے تھے، وہ سب چشم براہ اور استقبال کے لئے باہر نکلے کھڑے تھے اس لئے وہاں حضرت مسجد میں تشریف لے گئے ویسے تو ہر جگہ ہی بیعت ہونے والوں کا تانتا یدخلون فی دین اللہ افواجاً کا منظر پیش کیا کرتا تھا مگر یہاں بالکل سکھوں کی آبادی میں رہنے والی لڑکیوں کی فرمائش پر حضرت ان کے گھر تشریف لے گئے اور وہاں جاکر انکو بیعت فرمایا۔

نماز ظہر مسجد میں باجماعت ادا کرنے کے بعد پھر دھرم کوٹ کی طرف روانگی ہوئی، سلیم پور سے دھرم کوٹ بارہ کوس کے فاصلہ پر ہے، بڈووال سے نکلنے کے بعد غالباً حضرت چھکڑے پر سوار نہیں ہوئے، پیدل ہی چلتے رہے اور دھرم کوٹ مدرسہ کی مسجد میں رونق افروز ہوئے، عصر کی نماز سے پہلے شہر کے اکثر لوگ زمیندار اور رئیس قسم کے زیارت کے لئے حاضر ہوئے پہلے نماز عصر کھڑی ہونے سے پہلے بندہ کو فرمایا کہ آج تو نے سارا دن دھوپ اور گرمی میں رکھا، لیکن اب تک نہ کچھ کھلایا نہ پلایا، جیسے اپنے ادنیٰ ترین خدام

Marfat.com

پر محض شفقت ہی سے تعبیر کر سکتے ہیں، میں نے عرض کیا کہ نماز سے فارغ ہو کر گھر چلیں گے اور جو کچھ غریبانہ ماحضر چائے وغیرہ ہو گا پیش کر دیا جائے گا، رات جلال آباد ٹھہرنا تھا اور جلال آباد سے مولوی حبیب اللہ اور دوسرے خاں صاحبان حضرت کو لینے کے لئے آئے ہوئے تھے، گھر کی طرف جانا ان کے لئے بہت ناگوار تھا مگر حضرت اقدس بے تکلف تشریف لے گئے اور چائے مٹھائی، بادام، کشمش وغیرہ پیش کی گئی تھیں تناول فرمائیں اور باداموں کے متعلق فرمایا کہ بھئی یہ چیز تو توڑ کر ہی کھائی جا سکتی ہے، اس لئے بچوں نے توڑ کر خود پیش کر دیئے، بچوں کے سلام کرنے کے وقت چونکہ محلوں کے بچے بھی ساتھ شامل ہو گئے تھے، اس لئے مزاحاً فرمایا کہ سب تیرے ہی بچے ہیں، احباب حضرت کا جملہ سن کر بہت محظوظ ہوئے۔ اٹھتے وقت گھر کے اندر بھی تشریف لے گئے مولوی عبدالرحیم کی والدہ اور بڑی خالہ سے احوال دریافت کرتے رہے وہاں سے چل کر جلال آباد رات کو قیام ہوا اور غالباً اگلا دن بھی وہاں ٹھہرے چونکہ وہاں کی اکثر عورتیں اور لڑکیاں پہلے سے حضرت مولانا حافظ محمد صالح صاحب سے بیعت تھیں اور حضرت کو بھی بسا اوقات یاد کرتی تھیں، اسلئے حضرت نے وہاں ان کی دلداری کے لئے زیادہ قیام فرمایا تھا، واپسی پر کچھ دیر جگراؤں ٹھہرے مگر شام کا کھانا کھانے کے بعد موٹر پر سوار ہو کر عشاء کی نماز لدھیانہ شاہی مسجد میں ادا فرمائی۔

اور ایک سفر حضرت نے اس طرح فرمایا تھا کہ دھرم کوٹ سے پنڈوری اور وہاں سے بڈووال اور وہاں سے جلال آباد، یہ سب گاؤں دو دو تین تین

Marfat.com

میل کے فاصلہ پر تھے۔"(۱)

مشرقی پنجاب کے ایک سفر کا حال بیان کرتے ہوئے مولانا محمد صاحب الوری فرماتے ہیں:۔

"ایک دفعہ لدھیانہ (مشرقی پنجاب) تشریف لائے، حافظ عبدالقدیر صاحب منصوری والے بھی ہمراہ تھے اور مولانا عبدالعزیز صاحب گمتھلوی بھی تھے، میں بھی رائے کوٹ سے حاضر ہوا تبلیغی جماعت کے مولوی نور محمد صاحب میواتی اور ان کے دو اور ساتھی تھے، اس وقت فقط حافظ مولوی عبدالمجید صاحب مدرسہ ام المدارس والے تبلیغ کا کام کرتے تھے حضرت کے اسفار جو مختلف سمتوں میں ہوتے تھے وہ تبلیغ کی غرض سے ہوتے تھے ان سے غرض علماء دین میں تبلیغی روح پیدا کرنا اور روحانی ترقی اور اخلاق فاضلہ سے خلق اللہ کو فہمائش کرنا ہوتا تھا اور حکمت عملی سے دین کی باتیں ان کے اذہان میں بٹھانا کہ باتوں ہی باتوں میں ان میں سے اخلاق رذیلہ نکال دیے جائیں اور اخلاق فاضلہ بھر دیئے جائیں، اس پر مزید یہ کہ ذکر کی کثرت سے ان میں جلا آجائے تا آنکہ پختگی پیدا ہو جائے اس طرح کوفت بھی محسوس نہیں ہوتی اور کام بھی ہو جاتا ہے، مناظرانہ شکل کو حضرت اقدس پسند نہ فرماتے تھے، مولانا امین الدین صاحب کے صاحبزادے مولوی سعید الدین صاحب مرحوم بھی اس سفر میں تھے ان سے حضرت فرماتے تھے کہ فجر کے بعد وعظ کہیں، وہ چالیس اسباق تبلیغی جو انھوں نے

(۱) مکتوب مولانا عبداللہ صاحب دھرم کوٹی۔

Marfat.com

مرتب کئے تھے سناتے تھے مگر ایسے مؤثر پیرایہ میں کہ خود حضرت اقدس بھی سنتے تھے اور حاضرین بھی سنتے تھے، پھر لوگ نوافل میں لگ جاتے تھے، پھر کھانا آجاتا پھر آرام، پھر نماز ظہر اول وقت ہو جاتی تھی، پھر حضرت اقدسؒ تو پڑھنے بیٹھ جاتے اور ہم لوگ شہر میں گشت کے لئے جاتے، مولوی نور محمد صاحب میواتی، بھائی صمد خاں میواتی اور تبلیغی جماعت کے لوگ بھی ہمراہ جاتے اور شہر کا گشت کر کے آتے، احقر جب ساتھ ہوتا تو مختلف محلوں میں بیان ہوتا، مولوی نور محمد صاحب احقر سے بیان کراتے، دین کی اہمیت کے متعلق بیان ہوتا مولوی نور محمد صاحب خوب محظوظ ہوتے اور واپس آکر حضرت سے بیان کرتے تو حضرت اقدس بہت خوش ہوتے، پھر حضرت رائے کوٹ تشریف لے گئے، مولوی نور محمد صاحب میواتی یہاں آکر بہت خوش ہوئے، گشت کے بعد آکر کہتے کہ یہاں تو مولانا کی برکت سے مسائل دین سے سب لوگ واقف ہیں، حضرت جتنے دن رہے نہایت خوش رہے، خوب ذکر ہوا اور لوگوں نے خوب بیعت کی اور پیدل حاضری دی، پھر چار کوس پر تلونڈی رائے ہے راہ میں ایک گاؤں(۱) پڑتا ہے، عرض کیا کہ یہ لوگ بیچارے غریب ہیں، لیکن یہ مخلصین کی جماعت ہے، یہ بھی چاہتے ہیں کہ حضرت ایک گھنٹہ ہمارے یہاں ٹھہر کر جائیں، میں ان سے وعدہ کر لوں؟ فرمایا ضرور ٹھہریں گے، نماز عصر ان کے ہاں پڑھیں گے اور چائے پئیں گے، وہ لوگ خوش و خرم اپنے گاؤں کو چلے گئے، گاؤں کے پاس آکر بیل گاڑی والے کو فرمایا کہ ہمیں برج میں

(۱) اس کا نام برج گوجران بتایا گیا ہے۔

لے چلو نماز عصر پڑھنا ہے ذرا ٹھہرنا بھی ہے، مولانا مفتی فقیر اللہ صاحب ساتھ تھے، حضرت اقدسؒ والے جھکڑے میں میں بھی بیٹھا تھا، حضرت ہشاش بشاش تشریف لے گئے، نماز کے بعد چائے لائی گئی، پی کر تلونڈی[1] رائے پہنچے برج والے چودھری مولا بخش کہنے لگے کہ ہمارے ساتھ ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالےٰ عنہ والا معاملہ ہوا کہ خود ہی نظر فرمائی ورنہ ہم غریب کہاں اور حضرت کا مجمع کہاں ؟!

رات تلونڈی رائے رہ کر دوسرے دن پھر برج میں سے ہوتے ہوئے رائے کوٹ تشریف لائے، بہت سے حضرات بیعت ہوئے، فرمایا کہ اب بس پر چلیں گے، میں نے عرض کیا کہ بس یہیں آجائے گی تو بہت خوش ہوئے شام کو لدھیانہ پہنچ کر حضرت اقدسؒ نے میواتیوں کے سامنے پھر رائے کوٹ کے علاقہ کی دینداری کی کیفیت خود سنائی۔ الحمدللہ ثم الحمدللہ[2]"

**مغربی پنجاب** مشرقی پنجاب سے آگے بھی تشریف لے جانا ہوتا، بھاول نگر (ریاست بھاول پور) میں حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے جلیل القدر خلیفہ حضرت مولانا اللہ بخش صاحب تشریف رکھتے تھے، وہیں ریاست میں مولانا سر رحیم بخش صدر کونسل ریاست بھاول پور اور ان کے بھائی چودھری عالم علیخاں صاحب جج بھاول پور[3] کا بھی قیام تھا، یہ سب حضرات حضرت

(۱) ضلع لدھیانہ میں مسلمان راجپوتوں کا ایک معروف گاؤں تھا۔ (۲) تحریر مولانا محمد صاحب انوری، (۳) چودھری عالم علی خاں صاحب ٹھسکہ میران صاحب تحصیل تھانیسر ضلع کرنال کے ایک زمیندار اور راجپوت خاندان کے ایک فرد اور مولانا سر رحیم بخش صاحب مرحوم پریذیڈنٹ (باقی حاشیہ صفحہ ۱۴۰ پر)

Marfat.com

شاہ عبدالرحیم صاحب قدس سرہ کے جاں نثار خادم اور عاشق صادق تھے حضرت کو ان حضرات سے بڑا ربط اور موانست تھی، ان حضرات کے ہاں بھی طویل قیام رہتا

(بقیہ حاشیہ ص۱۳۹ کا) کونسل ریاست بھاول پور کے چچازاد بھائی تھے، مولانا ہی کی سرپرستی میں تعلیم و تربیت پائی، ریاست بھاول پور میں ملازم ہوئے اور ڈسٹرکٹ جج تک ترقی کی، انگریزی تعلیم کا پورا اثر تھا، صرف بھائی کی موجودگی میں انکی خوشنودی کیلئے نماز پڑھ لیا کرتے تھے اور صاف کہتے تھے کہ میں تو اپنے بڑے بھائی کے ڈر سے نماز پڑھتا ہوں، مولوی صاحب کو ان کی اصلاح و دین داری کی بڑی فکر رہتی تھی، ۱۹۱۲ء میں ایک شادی کے موقع پر تمام اہل خاندان موضع میں موجود تھے، چودھری صاحب نے بڑے بھائی سے اجازت لی کہ بقیہ رخصت وہ کشمیر گزاریں، مولوی صاحب کی بڑی خواہش تھی کہ چودھری صاحب ایک مرتبہ حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب کی خدمت میں رائے پور حاضر ہوں شاید اللہ تعالےٰ قلب ماہیت فرمادے، آپ نے اپنی برادری کے ایک صاحب ملاں اللہ داد سے فرمایا کہ اگر تم میرے بھائی کو کشمیر کے بجائے رائے پور جانے پر راضی کرلو تو تمہارا مجھ پر بڑا احسان ہوگا، ملاں صاحب نے ایک پر فضا جگہ کی لالچ میں رائے پور چلنے پر راضی کرلیا لیکن انھوں نے کہا کہ میں چلتا تو ہوں لیکن آپ مجھے مولویوں وغیرہ کے پاس نہ لے جائیے گا۔ میں صرف سیر و تفریح کی غرض سے جا رہا ہوں، غرض چودھری صاحب رائے پور گئے حضرت بڑی خندہ پیشانی سے پیش آئے اور بڑی مسرت کا اظہار فرمایا، مجلس برخواست ہونے کے بعد چودھری صاحب نے شکایتاً کہا کہ آخر تم نے مولویوں میں مجھے پھنسا دیا لیکن دوسرے ہی دن بیعت کی درخواست کی، حضرت نے فرمایا کہ جلدی کیا ہے ابھی ٹھہرو، دوسرے روز وہاں زیادہ تقاضا ہوا اور بیعت ہوگئے، اس کے بعد ہی طبیعت یک لخت پلٹی، اسی وقت سے داڑھی رکھ لی اور نماز کی پابندی شروع کردی، انگریزی لباس بالکل ترک کردیا اور معمولی سیدھے سادے

(باقی حاشیہ صفحہ ۱۴۱ پر)

Marfat.com

## ضلع سہارنپور کے دورے

پنجاب کے دوروں کے علاوہ ضلع سہارنپور کے بکثرت تبلیغی، تنظیمی اور اصلاحی دورے ہوتے رہتے تھے جن میں اکثر حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب اور اہل تعلق اور خدام کی ایک بڑی جماعت ساتھ ہوتی، ایک دورہ کی مختصر یادداشت حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کے کاغذات میں اس طرح درج ہے:۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۴۰ کا) کپڑے پہننے شروع کر دیے، جہاں تقرر تھا وہیں تھوڑی سی آراضی پڑی ہوئی تھی اسکی کاشت کا اہتمام شروع کر دیا، اپنا کام اپنے ہاتھ سے کرتے، روئی گھر میں کاتی جاتی تھی اس کے کپڑے استعمال کرتے تھے، انگریزی تمدن اور معاشرت سے سخت نفرت ہو گئی، اکثر رخصت لے کر رائے پور حاضر ہوتے تھے، حضرت شاہ عبدالرحیم صاحبؒ کی وفات کے بعد ان کی وصیت کے مطابق ان کے خلیفہ حضرت بھاولنگری کی طرف رجوع ہوئے پنشن پانے کے بعد ضلع بھاولنگر میں ایک جگہ جواب ٹبہ عالمگیر کے نام سے مشہور ہے قیام اختیار فرمایا اور ایسی سادہ جفاکش اور درویشانہ زندگی اختیار کی جس کی ہمت اچھے اچھے مرتاض اور جفاکش صوفیوں کو بھی مشکل ہے ۱۹۴۳ء میں انتقال فرمایا اور وہیں مدفون ہوئے، حضرتؒ ان کے متعلق بڑے بلند کلمات فرماتے تھے اور ان اطراف کے اہل تعلق کو ان سے ملتے رہنے کی ہدایت فرماتے رہتے تھے، صوفی عبدالحمید صاحب جو وزیر زراعت پنجاب و صدر مسلم لیگ تھے ان کے فرزند ارجمند ہیں۔

چودھری صاحب کا خصوصی ذوق اور مشغلہ کلام پاک کی ترویج واشاعت تھی اور یہ ذوق ان کو اپنے شیخ کی تقلید میں ملا تھا۔ ان اطراف میں ریاست کے علاقہ میں ان کے شوق و ہمت سے قرآن مجید کی تعلیم و تجوید کی بڑی اشاعت ہوئی اور بہت سے مدرسے قائم ہوئے،

"دورۂ تنظیم دیہات حضرت اقدس مع زکریا مولوی احمد الدین و مولانا اشفاق صاحب وغیرہ ۱۰ رتفر ۲ر صفر ۱۳۵۵ھ کو لودھی پور، ۳ر صفر شنبہ کو ڈیکورہ، یکشنبہ ٹوڈرپور، دوشنبہ کو نتھن پور، سہ شنبہ کو دودھ گڑھ، چہارشنبہ کو دمجھیڑہ) پنجشنبہ کو جلکانہ، واپسی سہارنپور شب جمعہ ۹ر صفر"

اس طرح کے بکثرت دورے وقتاً فوقتاً ہوتے رہتے تھے جن میں صدہا اشخاص کو توبہ اور بیعت کا موقع ملتا، ہزاروں بندگان خدا علماء و صلحاء کی زیارت اور کسی نہ کسی حد تک ان کی صحبت سے مشرف ہوتے، نماز کی بڑی بڑی جماعتیں ہوتی تھیں، عوام اتباع سنت کا اہتمام دیکھتے، بیسیوں آدمیوں کو رات کو اٹھنے کی توفیق ملتی اور وہ دعا و عبادت کی لذت پاتے، فضا ذکر کی صداؤں سے گونجتی، دینی مکاتب اور مدارس کے قیام کا لوگوں کو خیال پیدا ہوتا، اس کا ذوق اور اس کی اہمیت آپ کو اپنے شیخ کی وراثت میں ملی تھی، خود اسکی بے حد تاکید فرماتے، ضلع سہارنپور میں بکثرت مکاتب و مدارس آپ کی ترغیب و تحریص سے قائم ہوئے، یہاں صرف ایک مدرسہ کے افتتاح کا منظر اور ان دَوروں سے جو دینی فائدہ پہنچتا تھا اس کا ایک ہلکا سا نمونہ پیش کیا جاتا ہے۔

چھٹمل پور ضلع سہارنپور کا مدرسہ کاشف العلوم آپ ہی کی تحریک سے قائم ہوا تھا، ۵ار ذیقعدہ ۱۳۶۵ھ (۱۱ر اکتوبر ۱۹۴۶ء) کو خود آپ ہی نے اس کا سنگ بنیاد رکھا مدرسہ کے ایک ذمہ دار اس کا حال بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

"گرمی کا موسم تھا اور ان دنوں حضرت کا قیام منصوری تھا، اراکین مدرسہ کا ایک وفد اس سلسلہ میں وہیں حاضر ہوا اور منصوری سے ہی سنگ بنیاد رکھنے کے لئے آپ چھٹمل پور تشریف لائے، ظہر عصر کے مابین ایک مجمع کی موجودگی میں آپ نے

واقف تھے۔ آپ کو معلوم تھا کہ وہاں کے دریاؤں کے (جن پر ملک کی شادابی و زرخیزی اور اہل ملک کی زندگی کا دارومدار ہے) دہانے اس علاقہ میں ہیں جو ہندستان کے حصہ میں آنے والا ہے، غرض آپ اس منصوبہ کے کمزور پہلوؤں اور آئندہ اس سے پیدا ہونے والی مشکلات اور الجھنوں سے خوب واقف تھے اور آپ کو حیرت تھی کہ مسلمانوں کے سیاسی رہنما کس طرح اس ناقص و مفلوج منصوبہ کو قبول کریں گے؟ ایک روز ۶ جمادی الثانیہ ۱۳۷۶ھ (۸ جنوری ۱۹۵۷ء) کو لاہور کی ایک مجلس میں تبصرہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:۔

"ہمیں تو تقسیم سے پہلے ہی معلوم تھا کہ تقسیم مسلمانوں کے لئے سراسر مضر ہے، کیونکہ میرا تو یہ ملک دیکھا ہوا تھا اور تمام نقشہ میرے ذہن میں تھا ہمارے قائد بیچارے صرف جغرافیائی حیثیت سے کچھ معلومات رکھتے[1] تھے ملک کا دورہ نہیں کیا تھا، ان کو کیا معلوم کہ تقسیم کس طرح صحیح ہوگی؟ نیز یہ بھی ظاہر ہے کہ جب دو بھائی مشترک چیز کو آپس میں تقسیم کرتے ہیں تو ہر ایک کو دوسرے سے نزاع ہی رہتا ہے کہ ہماری یہ چیز وہ لے گیا (اور دوسرا سمجھتا ہے) کہ ہماری یہ چیز وہ لے گیا، چنانچہ اب کشمیر کے متعلق بھی یہی نزاع ہو رہا ہے[2]۔"

اسی زمانہ میں ایک دوسری مجلس میں فرمایا:۔

"انگریز مسلمانوں کے سخت دشمن ہیں، انھوں نے قصداً تقسیم میں مسلمانوں کو نقصان پہنچایا، لیکن ہمارے مسلمان ایسے سیدھے ہیں کہ اسی انگریز سے جو

(۱) یعنی جتنا جغرافیہ کے نصاب کی کتابوں میں پڑھا تھا اس سے زیادہ ان کی معلومات نہ تھیں۔

(۲) بیاض مولوی علی احمد صاحب مرحوم،

Marfat.com

میں رہنے اور اپنے تعلیمی و تہذیبی مرکزوں کی حفاظت اور اس سرزمین سے وابستگی پر آمادہ نہ کر سکتی جس کے ہر چپہ پر ان کی صلاحیت اور ان کی قوت عملی کے نشان اور تاریخی یادگاریں ہیں۔

## تائیدِ غیبی اور حضرت کا جذبۂ تشکّر

اللہ تعالیٰ کی نصرت و تائید انسانوں کی عزیمت کی منتظر رہتی ہے یَزِدْکُمْ قُوَّۃً اِلٰی قُوَّتِکُمْ جب ان حضرات نے ہندستان میں رہنے کا فیصلہ کیا اور خاص طور پر سہارنپور کے مسلمانوں کو ثابت قدم رہنے اور حالات کا پامردی اور ہمت سے مقابلہ کرنے کا مشورہ دیا اور ہمت قلبی اور دعا سے پوری طرح اس مقصد کی طرف متوجہ ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے اس کا غیبی سامان فرمانا شروع کیا وَلِلّٰہِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ" اس وقت یو۔پی میں پنڈت گووند بلبھ پنت وزیر اعلیٰ تھے، یو۔پی (بالخصوص مغربی شمالی اضلاع) کی فضا اس قدر مسموم ہو چکی تھی اور فرقہ وارانہ عناصر اس قدر حاوی اور آزاد تھے کہ ان پر غالب آنا اور مسلمانوں کو محفوظ و مطمئن کر کے ان کو انخلا سے روکنا اور فرقہ پرست و دہشت انگیز جماعتوں اور افراد کو کنٹرول میں رکھنا معمولی حاکم ضلع اور پولیس افسر کا کام نہ تھا، اس کے لئے حکومت کی واضح اور طاقتور پالیسی اور فیصلہ اور حکام کی بے داغ دیانت و خلوص اور اعلیٰ انتظامی قابلیت کی ضرورت تھی، کانگریس کے ہائی کمانڈ کے فیصلہ اور حکومت کی پالیسی کے مطابق بقیہ مسلمان آبادی کا ہندستان میں رکھنا اور اس کے لئے پرامن فضا اور معتدل حالات پیدا کرنا طے شدہ تھا، گاندھی جی زندہ تھے اور روزانہ کی عبادتی تقریروں میں صاف طریقہ پر اسی کی تلقین کر رہے تھے، سہارنپور میں متعدد حکام ضلع (کلکٹر اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ) آئے لیکن کوئی نظم و نسق کو قائم رکھنے اور مسلمانوں کی حفاظت میں کامیاب نہ ہو سکا، خود حکام

Marfat.com

فضا اور جذبات سے متاثر تھے اور صاف دماغ سے کام نہیں کرتے تھے، بالآخر حکومت یو۔پی نے رائیشور دیال صاحب کو کلکٹر اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بنا کر بھیجا، پنتھ جی نے ان کی تعریف کی اور ان پر اعتماد ظاہر کیا، رائیشور دیال صاحب نے صاف طریقہ پر حکومت کے ذمہ داروں سے پوچھا کہ مسلمانوں کو ملک میں رکھنا منظور ہے یا نہیں؟ جواب اثبات میں ملا۔(۱) وہ یہ فیصلہ کر کے آئے کہ اس مقصد میں کامیاب ہونا ہے، وہ بہت صاف دماغ کے انسان اور قوی الارادہ اور جری حاکم تھے، انھوں نے آتے ہی اکثر فرقہ پرست لیڈروں اور شر انگیز عناصر کو جیل بھیج دیا، توازن برقرار رکھنے اور سیاسی مصلحت کی بنا پر چند مسلمانوں کو بھی حراست میں لے لیا، شہر کا گشت اور ضلع کا دورہ کیا اور صاف اعلان کیا کہ اگر کہیں فساد کا خطرہ محسوس ہوا یا کسی نے کسی پر دست درازی کی تو بے تکلف گولی چلادی جائیگی اور فساد انگیز عناصر کو سخت سزا دی جائے گی، ان کی بیدار مغزی، غیر جانبداری اور جرارت سے فضا میں فوراً سکون پیدا ہو گیا اور دہشت انگیزی کا سلسلہ ختم ہو گیا، مسلمانوں کے اکھڑے ہوئے قدم جم گئے اور مسلمان اپنے کو اس ضلع میں محفوظ محسوس کرنے لگے، رفتہ رفتہ سارے ملک میں حالات تبدیل اور پرسکون ہو گئے، سہارنپور کے مسلمانوں کے جم جانے نے پورے صوبہ کے لئے ایک مضبوط پشتہ کا کام کیا جو فوری طور پر کسی زبردست سیلاب کو روکنے اور اس کے پانی کو باندھنے کے لئے بنایا جاتا ہے، مظفر نگر، میرٹھ، بجنور، مراد آباد یہاں تک کہ یو۔پی کے وسطی اور مشرقی اضلاع کے صاحب بصیرت اور باخبر مسلمانوں نے اعتراف کیا کہ سہارنپور کے مسلمانوں کے عزم و ثبات نے (جس کا مرکز اور منبع انھیں شیوخ ثلاثہ کی عزیمت و قوت ایمانی تھی) آہنی حصار کا کام کیا اور ہم سب اسکی

(۱) اس واقعہ کو حضرت بکثرت بیان کرتے تھے۔

بدولت محفوظ رہے۔

احسان مندی و ممنونیت (احسان کا ماننا) اور اس کا اعتراف و تذکرہ کرنا حضرتؒ کے خمیر میں تھا، اس میں مسلم و غیر مسلم کی حضرت کے یہاں قید نہ تھی، کوئی راستہ چلتے بھی احسان کر دیتا تو اس کو ہمیشہ یاد رکھتے اور اس کا اتنا تذکرہ کرتے کہ محسن خود شرمندہ ہو جاتا مسلمانوں کا سہارنپور میں اور پھر اسکے نتیجہ میں پورے یو۔پی میں رہ جانا حضرت کے نزدیک ایسا اہم واقعہ اور مسلمانوں کی زندگی میں ایک ایسی فیصلہ کن اور انقلاب انگیز بات تھی کہ اس میں جس نے جتنا حصہ لیا اس کا احسان حضرت کے نزدیک ناقابل فراموش تھا، "مَنْ لَمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللهَ" کی تعلیم کے مطابق محسن کا شکریہ ضروری اور شرافت و ایمان کا تقاضہ تھا حضرت ہمیشہ بھری مجلس میں (جس میں اکثر ایسے حضرات بھی ہوتے تھے جو غیر مسلم کو کسی حالت میں شکریہ کا مستحق اور تعریف کے قابل نہیں سمجھتے تھے، بہت سے اس خیال کے ہوتے تھے کہ یہ سب سیاسی مصلحت اور نفاق تھا) پنڈت پنت کی اس پالیسی کی تعریف اور رامیشور دیال صاحب کا شکریہ اور ان کے کارنامہ کا تذکرہ فرماتے اور بعض اوقات بہت سے حضرات کے لئے جو آپ سے تصوف کے نکات اور عارفانہ ارشادات سننے کے شوق میں آتے تھے، ان باتوں کا سننا (جو ان کے نزدیک بزرگی اور مشیخت کے خلاف تھیں) بڑا مجاہدہ اور امتحان تھا لیکن حضرت لوگوں کی عقیدت اور بداعتقادی اور مدح و ذم سے بالکل مستغنی اور یکسو ہو کر بلا تکلف یہ تذکرہ فرماتے۔

راقم سطور کو خوب یاد ہے کہ جب حضرت ۱۹۴۸ء میں اس ناچیز اور مولانا محمد منظور صاحب نعمانی کی دعوت پر لکھنؤ تشریف لائے تو صبح و شام کی عمومی مجلسوں میں شہر کے بعض سربرآوردہ اور اعلیٰ تعلیم یافتہ حضرات اور بعض اونچے عہدہ دار تشریف لاتے،

Marfat.com

# نواں باب (۹)

## یو۔پی اور دہلی کے سفر، مشرقی پاکستان کا ایک سفر، اور آخری سفرِ حج

خوشا وقتِ شوریدگانِ غمش　　اگر ریش بینند و گر مرہمش
دمادم شرابِ الم درکشند　　وگر تلخ بینند دم درکشند

(شیخ سعدیؒ)

**یو۔پی کے سفر** مشرقی پنجاب سے مسلمانوں کا انخلا اور اس پورے علاقہ کا یکسر مسلمانوں سے خالی ہو جانا حضرت کے حساس درد مند و آشنا پرور دل کے لئے بڑا سانحہ تھا جس کو صرف قوت ایمانی اور تسلیم و رضا کے جذبہ اور ملکہ نے برداشت کیا، اب حضرت کے ارشاد و تربیت کا میدان یا تو سہارنپور، اسکے اطراف و نواح اور قریبی اضلاع تھے یا پاکستان جہاں کا سفر قانونی مراحل طے کئے بغیر ممکن نہ تھا، ایسی حالت میں اللہ تعالےٰ نے آپ کے فیوض و برکات اور ارشاد و تربیت کے لئے ایک دوسرا میدان مہیا فرما دیا، جو اگرچہ پہلے سے موجود تھا، مگر اس کا تعلق و انس آپ کی ذات گرامی سے تقسیم کے بعد سے ہوا، گویا وہ مشرقی پنجاب کے انقطاع کی تلافی تھی یہ یو۔پی کے وسطی اور مشرقی اضلاع تھے،

Marfat.com

## لکھنؤ کے سفر

یوں تو لکھنؤ کے بعض خدام کا تعلق اور ان کی آمد و رفت تقسیم سے پہلے سے شروع ہو چکی تھی، مولانا محمد منظور صاحب نعمانی مدیر "الفرقان" (جو اس وقت بریلی میں رہتے تھے) اور راقم سطور ۱۹۳۹ء کے آخر میں پہلی بار رائے پور حاضر ہوئے، اس کے بعد بھی یہ سعادت حاصل ہوتی رہی، لیکن حضرت کا پہلا سفر لکھنؤ ۱۹۴۶ء کی اخیر سردیوں میں ہوا، آپ دہلی سے حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب اور ایک بڑی جماعت کے ساتھ لکھنؤ تشریف لائے، دوسرے دن مولانا محمد یوسف صاحب بھی تشریف لے آئے دارالعلوم ندوۃ العلماء کے مہمان خانہ میں قیام رہا، وہیں سے چوبیس ۲۴ گھنٹے کے لئے (راقم سطور کے وطن) رائے بریلی تشریف لائے علماء و عمائد کی ایک بڑی جماعت ساتھ تھی جن میں حضرت شیخ الحدیث اور مولانا محمد یوسف کے علاوہ (جو حضرت کے ساتھ ہی تھے) پیر ہاشم جان صاحب مجددی، مولانا احتشام الحسن صاحب کاندھلوی، مولوی ظہیر الحسن صاحب کاندھلوی مرحوم، محمد شفیع قریشی صاحب (حال مقیم راولپنڈی) مولانا عبدالباری صاحب ندوی اور مولانا محمد منظور صاحب نعمانی بھی تھے، حضرت شاہ علم اللہ (جد امجد حضرت سید احمد شہیدؒ) کی مسجد کے سامنے دریا کے دوسرے کنارے یہ مبارک قافلہ اترا اور کشتی سے دریا عبور کر کے شاہ علم اللہ صاحبؒ کے دائرہ میں داخل ہوا۔ یہ ایک شب و روز کا قیام عجب کیف و سرور کا تھا جس کی لذت شرکاء سفر کو اور اہل شہر کو ابھی تک یاد ہے، دوسرے روز صبح لکھنؤ واپسی ہو گئی۔

یہ حضرت کی لکھنؤ کی پہلی آمد ہے، بیعت کا سلسلہ اسی وقت شروع ہوا۔

۱۲ ر جمادی الثانیہ ۱۳۶۷ھ (۲۲ ر اپریل ۱۹۴۸ء) کو دوبارہ تشریف آوری ہوئی، گرمیوں کا

زمانہ تھا، حضرت نے چند گھنٹے ڈاکٹر سید عبدالعلی صاحب[(۱)] کے مکان پر آرام فرمایا، پھر مولانا محمد منظور صاحب نعمانی کے مکان واقع احاطہ سلیمان قدر میں منتقل ہو گئے، صبح شام بڑی پُرکیف مجلسیں ہوتی تھیں، شہر کے جن عمائد و اہل علم کو اطلاع ہو سکی وہ اہتمام کے ساتھ شریک ہوتے تھے، اس سفر میں بھی متعدد خصوصی احباب[(۲)] داخل سلسلہ ہوئے۔

۱۶ رجمادی الثانیہ (۲۶ راپریل) کو حضرت ڈیڑھ دن کے لئے رائے بریلی تشریف لے گئے یہ رائے بریلی کا دوسرا سفر تھا، وہاں کے قیام میں طبیعت بہت شگفتہ اور بشاش رہی، مسجد میں خاندان کے بعض نوجوانوں کے سامنے دیر تک یقین و توکل کا مضمون بیان فرماتے رہے، واپسی میں بھی پیادہ پا اسٹیشن تک تشریف لائے، جن مقامات یا قبور کا تعلق حضرت سید صاحبؒ یا حضرت شاہ علم اللہ صاحبؒ کی تاریخ اور زندگی سے تھا ان کو خود جا کر ملاحظہ فرمایا۔ اس سفر میں حکیم صدیق احمد صاحب بریلوی اور بعض رامپوری احباب بھی ساتھ تھے۔

اس کے بعد لکھنؤ کے پانچ سفر اور ہوئے، ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۳ء تک ہر سال حضرت ازراہ شفقت و کرم و تعلق خصوصی لکھنؤ تشریف لاتے رہے، پہلے دو سفروں (۱۹۴۹ء و ۱۹۵۰ء)

---

(۱) مصنف کے بڑے بھائی اور مربی ڈاکٹر حکیم مولوی سید عبدالعلی صاحب ناظم ندوۃ العلماء نے عربی و فارسی کی ابتدائی تعلیم اپنے نانیہال قصبہ ہنسوہ ضلع فتحپور کے مدرسہ عربیہ میں مولانا عبدالحکیم صاحبؒ کیرانوی رحمۃ اللہ علیہ (ضلع مظفر نگر) سے حاصل فرمائی۔ اور دار العلوم ندوۃ العلماء کے اساتذہ سے بھی تعلیم پائی پھر حضرت شیخ الہندؒ کے درس حدیث میں باقاعدہ شریک ہو کر دار العلوم دیوبند سے سند فضیلت حاصل کی۔ طب کی تعلیم اپنے والد مولانا حکیم سید عبدالحیؒ نیز مسیح الملک حکیم اجمل خاں سے حاصل کی پھر لکھنؤ یونیورسٹی سے آنرز کے ساتھ بی۔ ایس سی کی ڈگری حاصل کی اور میڈیکل کالج لکھنؤ سے ایم۔ بی بی ایس کی بیعت کا تعلق حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ سے تھا مولانا کو آپ سے خصوصی تعلق تھا اور مولانا ہمیشہ لکھنؤ کی آمد پر آپ ہی کے مکان پر قیام فرماتے تھے تقریباً تیس برس ندوۃ العلماء کی نظامت کے عہدہ پر فائز رہے، مئی ۱۹۶۱ء کو وفات پائی اور حضرت شاہ علم اللہ کے روضہ رائے بریلی میں مدفون ہوئے۔ (۲) سید وصی علی صاحب آزادی سفر ...

میں قیام دار العلوم میں رہا، دونوں مرتبہ پندرہ ۱۵ بیس ۲۰ روز قیام فرمایا، احباب کی ایک بڑی تعداد (جن میں اکثر کا تعلق لکھنؤ کی تبلیغی جماعت سے تھا) بیعت سے مشرف ہوئی شہر کے بہت سے احباب شب میں وہیں قیام کرتے اور رات کا پچھلا حصہ دار العلوم کا مہمان خانہ اور مسجد ذکر سے گونجتے، حضرت اس منظر کو دیکھ کر بہت خوش ہوتے،

اس کے بعد کے تین مسلسل سفروں (۵۱-۵۲-۵۳ء) میں قیام شہر کے تبلیغی مرکز مسجد واقع کچہری روڈ میں ہوا، یہ مرکز نیا نیا تعمیر ہوا تھا اور ابھی عمارت نامکمل تھی کہ حضرت کے قیام نے اسکو رونق بخشی اور صحیح معنی میں مرکز بنا دیا اور لکھنؤ کی فضا (جو شیعیت و بدعات سے متاثر ہے) ذکر کی صداؤں سے اس قدر منور و معمور ہوئی جتنی شاید عرصہ سے نہ ہوئی ہو گی،

شورش عندلیب نے روح چمن میں پھونک دی

ہر سفر میں بہت سے احباب و مخلصین توبہ و بیعت سے مشرف اور ذکر سے مانوس ہوئے لکھنؤ میں حضرتؒ کا نظام الاوقات یہ تھا کہ فجر کی نماز کے بعد سیر کو تشریف لے جاتے ہر سیر میں دریائے گومتی کے کنارے والی سڑک پر ہوا خوری فرماتے، کم سے کم دو میل ہو جاتا، اس ہوا خوری میں خدام و محبین کی ایک جماعت ساتھ ہوتی، عموماً چودھری نعیم اللہ صاحب مرحوم (۱) ساتھ ہوتے اور جدید معلومات و تحقیقات اور اپنے سفر یورپ کے حالات سناتے چلتے، حضرت نہایت دلچسپی سے سنتے اور اپنے تاثرات بھی ظاہر فرماتے، بعض حضرات جو اس سیر میں خود حضرتؒ کی زبان سے کچھ سننا پسند کرتے تھے اور ان کو چودھری صاحب کا مسلسل گفتگو فرمانا ناگوار تھا اس پر

(۱) ہندوستان کے مشہور قانون داں چودھری نعمت اللہ صاحب مرحوم (سابق جج الہ آباد ہائی کورٹ) کے چھوٹے بھائی جو لکھنؤ میں وکالت کرتے تھے اور عرصہ تک لکھنؤ یونیورسٹی میں قانون کے استاد بھی رہ چکے تھے حضرتؒ سے بیعت کا تعلق رکھتے تھے اور نہایت محبت و خلوص کے آدمی تھے، کراچی میں وفات پائی۔ رحمہ اللہ

معترض ہوتے، حضرت فرماتے کہ مجھے ان باتوں سے فائدہ اور میری معلومات میں اضافہ ہوتا ہے، حضرت انکی دلداری فرماتے اور سلسلہ گفتگو جاری رہتا، واپسی پر ڈاکٹر زین العابدین قدوائی صاحب کے مکان پر (جو مرکز کے قریب ہی ہے) تشریف لاتے اور انکے لائق فرزند ڈاکٹر محمد آصف قدوائی (ایم اے، پی، ایچ، ڈی، جو اردو انگریزی کے اچھے ادیب و صاحب قلم ہیں اور جن کے بعض انگریزی تراجم اور اردو تصنیفات سامنے آچکی ہیں) کے پاس تھوڑی دیر بیٹھتے، حضرت کو ایسے لائق و ذہین نوجوان مسلمان فاضل کی مستقل بیماری و معذوری سے بڑا رنج تھا، آپ ان کی بڑی دلداری فرماتے اور قریب قریب روزانہ ان کو وقت دیتے۔

مرکز میں عصر کی نماز کے بعد مستقل مجلس ہوتی جس میں شہر کے بڑے چیدہ و ممتاز اصحاب اہل علم اور اعلیٰ عہدہ دار تشریف لاتے، بالعموم یہ راقم سطور یا مولانا محمد منظور صاحب نعمانی سلوک و تربیت کے سلسلہ یا اہل اللہ کے حالات کے متعلق کوئی سوال کرتے اور حضرت بڑے انبساط و بشاشت کے ساتھ اس کا جواب دیتے، اپنے سلسلہ کے مشائخ یا دوسرے اہل اللہ کے بڑے مؤثر و کیف آور واقعات ارشاد فرماتے، اس مجلس میں ڈاکٹر سید عبدالعلی صاحب مرحوم، شیخ ظہور الحسن صاحب (سابق ریونیو سکریٹری حکومت یو۔پی) مولانا عبدالباری صاحب ندوی، مولانا محمد اویس صاحب ندوی اور دوسرے علماء و مدرسین دارالعلوم ندوۃ العلماء بالعموم شریک ہوتے اور لطف اندوز ہوتے، اور بڑا فائدہ محسوس کرتے، لکھنؤ کی ایسی مفید و پرکیف مجلسیں دوسرے مقامات پر کم دیکھیں، حضرت نے بھی ان کا بعض دوسرے مقامات پر ذکر فرمایا، عشاء کے بعد بھی دیر تک مجلس رہتی، جن میں اکثر اوقات مولوی عبدالمنان صاحب دہلوی اپنے قوی حافظہ اور غزل سرائی سے حضرت کو بھی اور حاضرین مجلس کو بھی محظوظ کرتے، ایک دو مرتبہ جگر صاحب بھی تشریف لائے اور حضرتؒ نے ان سے کچھ سنانے کی فرمائش کی،

Marfat.com

جب انھوں نے تکلف اور آہستہ آواز سے پڑھا تو فرمایا کہ کھل کر بے تکلف پڑھئے، ان مجلسوں میں حضرت کی بے تکلفی، سادگی اور رسوم و تکلفات اور لوازم مشیخت سے دوری کا اظہار ہوتا تھا، ہنسی کی کوئی بات ہوتی تو بے تکلف ہنستے، کوئی لطیفہ سنایا جاتا تو اس کا لطف لیتے، اچھے اشعار پڑھے جاتے تو ان کا ذوق لیتے اور تعریف فرماتے، غرض یہ نہیں معلوم ہوتا تھا کہ آپ اس محفل سے الگ اور اس سطح سے بالاتر کوئی ہستی ہیں جو عروج میں محو اور نزول سے ناآشنا ہے۔

لکھنؤ کا قیام طویل ہوتا چلا جاتا تھا اور تعلق و عقیدت کا دائرہ بھی اسی طرح وسیع، آخری قیام ایک مہینہ رہا، ہر مرتبہ لکھنؤ سے پاکستان کے قصد سے روانگی ہوتی، اور یہیں سے اس کی تیاری شروع ہو جاتی۔

## بریلی، رام پور، مراد آباد

لکھنؤ سے واپسی پر اکثر بریلی، رام پور ٹھہر کر جانا ہوتا، ایک دو مرتبہ مراد آباد ٹھہرنا ہوا، بریلی میں حضرت کی طالب علمی اور ملازمت کا زمانہ گزرا تھا، اگرچہ فرماتے تھے کہ وہاں میرا کچھ جی نہیں لگا، مگر وہاں سے خوب واقف تھے اور وہاں آپ کے کئی مخلص موجود تھے، جن میں حکیم صدیق احمد صاحب حکیم عبدالرشید صاحب اور سید محمد یوسف صاحب منصور پوری مرحوم (جو وہاں بسلسلۂ ملازمت مقیم تھے) خاص طور پر قابل ذکر ہیں، حکیم صدیق احمد صاحب کے والد ماجد جناب حکیم مختار احمد صاحب امروہی آپ کے طب میں استاد رہ چکے تھے، قیام اکثر حکیم عبدالرشید صاحب کے یہاں رہتا جن کو حضرت سے نہایت درجہ کا اخلاص و محبت ہے، رام پور میں مولانا ذوالفقار احمد صاحب اور ان کے بھائی صاحبان میزبان ہوتے یہ سب بھائی جو تاجر اور شرفاء شہر میں سے ہیں اور رامپور کے قدیم باشندے ہیں، حضرت سے بیعت کا تعلق رکھتے تھے، آپ کا اور ہمراہی خدام کا قیام زیادہ تر گھیر مروان خاں مدرسہ مطلع العلوم کے سامنے رہتا، مولانا عبدالوہاب خاں فاضل رام پوری بھی آپ سے منسلک تھے

اور برابر شریک مجلس رہتے رامپور میں جماعت اسلامی کا بھی مرکز تھا، اس جماعت کے خواص بھی کبھی کبھی زیارت کے لئے آتے اور مجلس میں شریک ہوتے،

صبح ہوا خوری میں اکثر رامپور کے پرانے حالات اور نوابی عہد کا تذکرہ ہوتا، حضرت اپنی طالب علمی اور رام پور کے قیام کا تذکرہ فرماتے اور بعض واقعات سناتے،

مراد آباد ایک دو بار قیام رہا، وہاں سے سیدھے سہارنپور تشریف لے جاتے اور اکثر چند روز ٹھہر کر پاکستان روانہ ہو جاتے،

**دہلی کا قیام** یوں تو دہلی کا سفر حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب قدس اللہ سرہٗ کے خدام اور اہل تعلق کی درخواست پر اور پھر آخر میں حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ملاقات کیلئے بار بار ہوا، حضرت کی وفات کے بعد بھی اکثر حضرت شیخ الحدیث کے ساتھ نظام الدین مولانا محمد یوسف صاحب کے پاس ٹھہرنا ہوا، مگر تقسیم کے بعد کئی مرتبہ قصاب پورہ کے محبین و خدام کی درخواست پر نواب والی مسجد میں کئی کئی ہفتے قیام ہوا اور متعدد بار مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی مرحوم کے مکان پر اس خصوصی تعلق کی بنا پر جو مولانا کو حضرت سے اور حضرت کو مولانا سے تھا، کئی کئی روز قیام رہا اور اہل شہر نے فائدہ اٹھایا، آپ کا قیام اہل دہلی کی (جو تقسیم کا زخم کھائے ہوئے تھے اور حالات سے اکثر پریشان رہتے تھے) تقویت کا باعث ہوا، نواب والی مسجد میں مولانا عبدالسبحان صاحب نے تقسیم کے بعد سے مدرسہ سبحانیہ جو پہلے قرول باغ میں تھا منتقل فرما دیا تھا، ان کی وجہ سے اہل محلہ میں اچھا دینی ذوق اور محلہ میں اسلامی رونق پیدا ہو گئی تھی، حضرت مولانا عبدالسبحان صاحب کے متعلق بڑے بلند کلمات فرماتے تھے، اور ان کا بڑا احترام کرتے تھے، مولانا بھی حضرت کو اپنے شیخ کی طرح سمجھتے تھے، اور بیحد عقیدت مند تھے، انکے صاحبزادوں، مولوی عبدالمنان

Marfat.com

مولوی عبدالرحمٰن، مولوی عبدالحنان اور مولوی عبدالغفار صاحب سے حضرت کو بہت تعلق تھا، اہل محلہ میں حلیم الدین، رحیم الدین اور بدرالدین صاحبان بھی بڑا تعلق رکھتے تھے اور خدمت و میزبانی میں پیش پیش تھے، حاجی عبدالمجید صاحب موتی والے اور ان کے صاحبزادے حافظ عبدالجلیل صاحب پرانے تعلق کے لوگ تھے، مولانا حبیب الرحمٰن صاحبؒ لدھیانوی بھی روزانہ تشریف لاتے رہتے تھے اور دیر تک رہتے تھے، حضرت حافظ فخرالدین صاحبؒ اور حافظ مقبول حسن صاحب اور دوسرے صلحاء تشریف لاتے، ان سب کی وجہ سے حضرت کو یہاں بہت انبساط اور بے تکلفی تھی، آپ خود بھی وقتاً فوقتاً نظام الدین تشریف لے جاتے اور حضرات نظام الدین بھی برابر تشریف لایا کرتے، ۱۳۶۹ھ (۱۹۵۰ء) کا رمضان بھی نواب والی مسجد میں گزرا، مولوی عبدالرحمٰن صاحب نے قرآن مجید سنایا، حضرت بہت محظوظ ہوئے، اس وقت طاقت تھی، تراویح پوری کھڑے ہو کر پڑھتے اور بڑے ذوق و شوق سے ان کا قرآن مجید سنتے، ان کے بعد مولوی عبدالمنان صاحب یا کوئی دوسرے بھائی نوافل میں قرآن مجید پڑھتے، حضرت چارپائی پر آرام فرماتے ہوئے سنتے رہتے۔ حضرت شیخ الحدیثؒ کو سہارنپور میں جب اس کی اطلاع ہوئی کہ رات کا بڑا حصہ اس طرح بیداری میں گزر جاتا ہے اور آرام کا موقع نہیں ملتا، تو حکماً بعد کے سلسلہ کو رکوایا اور تاکید بلیغ کی کہ کوئی ایسی بات نہ کی جائے جس سے حضرت کی نیند میں خلل پڑے اور رات کو کچھ بھی آرام کا موقع نہ ملے۔

۱۳۷۲ھ (۱۹۵۳ء) کا رمضان منصوری پر ہوا، شاہ محمد مسعود صاحب نے ایک کوٹھی تھلینٹ لاج (کلھڑی محلہ) کرایہ پر لے رکھی تھی، پچاس ساٹھ خدام کا قیام تھا، مولوی عبدالمنان صاحب دہلوی نے قرآن مجید سنایا، تراویح کے بعد دیر تک مجلس

Marfat.com

رہتی اور اس میں حضرت کو بہت انبساط رہتا، عید کی نماز حافظ عبدالقدیر صاحب کی مسجد کلھڑی میں پڑھی، عید کے دو چار روز بعد سہارنپور تشریف لے آئے۔

## مشرقی پاکستان کا ایک سفر

حضرت نے مشرقی پاکستان کا بھی ایک سفر فرمایا، سید محمد جمیل صاحب جو حضرتؒ سے خادمانہ اور مخلصانہ تعلق رکھتے تھے ۱۹۵۳ء میں مشرقی پاکستان میں اکاؤنٹنٹ جنرل تھے، انھوں نے حضرت سے مشرقی پاکستان تشریف لانے کی درخواست کی اور نیازمندانہ اصرار کیا۔ حضرت نے انکے پاس خاطر سے منظور فرمالیا، دسمبر ۱۹۵۳ء میں یہ سفر ہوا۔ دہلی سے کلکتہ تشریف لے گئے، اور کلکتہ دو ایک دن قیام کرکے ہوائی جہاز سے ڈھاکہ تشریف لائے، مغرب کی نماز کے بالکل قریب جہاز ڈھاکہ پہنچا، ہوائی جہاز سے اترتے ہی جماعت کے ساتھ نماز پڑھی، اور سید محمد جمیل صاحب کی قیام گاہ پر تشریف لے آئے۔

ڈھاکہ میں خان بہادر حاجی شیخ رشید احمد صاحب مرحوم کے بڑے صاحبزادے حاجی متین احمد صاحب کا قیام تھا اور حضرت کے ڈھاکہ تشریف لے جانے کے بعد انھوں نے بیعت بھی کرلی تھی[1]۔ انھوں نے حضرتؒ سے درخواست کی کہ حضرت چاٹگام تشریف لے چلیں، اگرچہ ضعف بہت تھا لیکن تعلقات قدیم اور کمال شفقت

---

(۱) حاجی صاحب فرماتے ہیں کہ ۱۹۴۶ء میں جب میں زیارت حرمین شریفین سے مشرف ہوا تو والد بزرگوار (حاجی رشید احمد صاحب مرحوم) نے دہلی میں مجھ سے فرمایا کہ اب تجھ کو رائپور حضرت رائےپوری کی خدمت میں جانا ہے لیکن حالات نے اس کا موقع نہیں دیا اور تقسیم ہوگئی، یہی بات شیخ صاحب مرحوم نے ۱۹۴۵ء میں حاجی امین امین صاحب سے (جو حاجی متین صاحب کے عزیز دوست ہیں اور شیخ صاحب کے ساتھ سفر حج میں تھے) فرمائی تھی کہ تم کو اور متین کو رائپور بھیجیں گے بالآخر ڈھاکہ میں دونوں صاحب ایک وقت میں بیعت سے مشرف ہوئے۔

کی بنا پر آپ نے اس کو قبول فرمالیا، حضرت ایک مختصر قافلہ کے ساتھ جو بھائی الطاف، مولوی عبدالمنان صاحب، سید جمیل صاحب، حاجی متین صاحب اور چند رفقاء پر مشتمل تھا، چاٹگام کے لئے روانہ ہو گئے، وہاں شیخ صاحب مرحوم کی سابق قیام گاہ "آشیانہ" میں قیام ہوا خاندان کے دیگر افراد بیعت ہوئے، حضرت کی تشریف آوری کی خبر وہاں کچھ اس طرح پھیلی کہ قرب وجوار کے اور وہاں کے حضرات کی آمد کا تانتا بندھا رہا، جن میں علمائے کرام، سرکاری افسران اور تجارت پیشہ لوگ کثرت سے تھے، چاٹگام تین روز قیام رہا۔ مولانا عبدالوہاب صاحب مہتمم مدرسہ ہاٹ ہزاری کی درخواست پر انکے مدرسہ میں تشریف لے گئے، یہ سفر کار کے ذریعہ ہوا تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ آنے جانے میں صرف ہوا، دو گھنٹے وہاں لگے، فاصلہ ایک طرف کا چودہ میل کے قریب ہے، اس کے بعد حضرت مفتی عزیز الحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی درخواست پر ان کے مدرسہ پٹیہ بذریعہ ریل تشریف لے گئے، تقریباً تین گھنٹے وہاں قیام رہا، پورا دن آنے جانے میں صرف ہوا، صبح گئے تھے جمعہ کی نماز پڑھ کر وہاں سے روانہ ہوئے مغرب کے وقت واپس آ گئے، دونوں مدرسوں میں طلباء کی تعداد تعلیم و رہائش کے بندوبست کو دیکھ کر حضرت کو بہت مسرت ہوئی۔

چاٹگام میں حضرت حاجی رشید احمد صاحب(۱) کے مزار پر تشریف لے گئے، مزار پر بہت دیر تک قیام کیا، واپس آکر اپنے مجمع میں فرمایا کہ ہم حضرت شیخ صاحب کو ان کی زندگی میں اتنا اونچا نہیں سمجھتے تھے الحمد للہ مزار پر آکر طبیعت بہت خوش ہوئی۔

---

(۱) خان بہادر حاجی شیخ رشید احمد صاحب موجودہ صدی کی ایک عجیب جامع شخصیت تھی جو دست بکار و دل بیار اور دنیا نخورد و عقبیٰ برد کے اس زمانہ میں مصداق تھے، بیعت کا تعلق حضرت قطب الارشاد مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی سے تھا، اصلاح و تربیت اور صحبت و محبت بہت زیادہ مولانا خلیل احمد رحمۃ اللہ علیہ سے

(باقی حاشیہ صفحہ ۱۷۵ پر)

Marfat.com

# دسواں باب (۱۰)

## پاکستان کے سفر

درویش خدا مست نہ شرقی ہے نہ غربی
گھر میرا نہ دلّی، نہ صفاہاں، نہ سمرقند (اقبالؒ)

**پاکستان میں آپ کے ارادتمند** پچھلے ابواب واوراق سے معلوم ہو چکا ہے کہ حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے زمانہ سے پنجاب کے مشرقی حصہ کے اضلاع و قصبات آپ سے بڑی گہری عقیدت اور روحانی ارتباط رکھتے تھے، یہ سلسلہ پنجاب کے مغربی حدود تک پھیلا ہوا تھا، آپ کے دو جلیل القدر خلفاء منشی رحمت علی صاحبؒ اور مولانا اللہ بخش صاحب کا اسی صوبہ سے تعلق تھا، اول الذکر مشرقی پنجاب میں تھے اور آخر الذکر مغربی پنجاب میں، ان دونوں کے علاوہ علماء و مخلصین کی ایک بڑی تعداد اس سلسلہ سے وابستہ تھی، انبالہ، کرنال، لدھیانہ، جالندھر، فیروزپور، امرت سر کے بہت سے قصبات اور دیہات اور وہاں کے بہت سے مدارس اور ان کے علماء و مدرسین پہلے حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحبؒ سے، پھر ان کے جانشین حضرت مولانا عبدالقادر صاحب سے بیعت و محبت کا تعلق رکھتے تھے، اسی طرح لاہور، ملتان، لائل پور، بہاول پور اور پنجاب کے بہت سے شہروں اور قصبات میں اہل تعلق پھیلے ہوئے تھے یہ مخلصین وقتاً فوقتاً رائپور حاضر

ہوتے اور آپ تقریباً ہر سال پنجاب کا سفر فرماکر ان کو اپنی زیارت و شفقت سے بہرہ یاب فرماتے اور اپنی صحبت و تلقین سے ان کے قلوب میں تازگی و گرمی پیدا فرماتے رہتے، خود آپ کے اعزا و اقارب ضلع سرگودھا میں تھے اور ان میں بہت سے رائے پور حاضر نہیں ہو سکتے تھے، آپ ازراہ شفقت و صلہ رحمی اپنی ملاقات و تشریف بری سے ان کی دلداری بھی فرماتے رہتے۔

**ناقابل شکست رشتہ** ۱۹۴۷ء میں ملک تقسیم ہوا، خاندان بٹ گئے، وطنیت تبدیل ہو گئی، ایک طرف سے دوسری طرف جو گیا اس نے اپنے لئے نئی دنیا تعمیر کی، محبت و عقیدت وہ چیز ہے جو نہ تقسیم قبول کرتی ہے نہ تبادلہ پر راضی ہوتی ہے نہ پہاڑ اور دریا اس کی راہ میں حائل ہیں، نہ جغرافیائی و سیاسی حدود اس مقصد میں حارج،

اسکی زمیں بے حدود، اس کا افق بے ثغور

جو لوگ ہندستان سے پاکستان گئے انھوں نے ہندستان کی ہر چیز سے صبر کر لیا اور پاکستان کو اپنا وطن اور مدفن سمجھا لیکن جن شخصیتوں کی محبت و عقیدت ان کے دل و دماغ میں پیوست ہو گئی تھی اور جن سے ان کا روحانی رشتہ تھا ان کو وہ فراموش نہ کر سکے اور ان کی یاد کو اپنے دل سے نکال نہ سکے، بلکہ خونیں واقعات، دوستوں کی بے مہری دنیا کی بے ثباتی اور مال و دولت کی بے وفائی کے تجربوں نے ان بے غرض محسنوں اور سراپا شفقت بزرگوں اور مربیوں کی یاد اور زیادہ تازہ کر دی اور غفلت و مادیت کے حملہ اور خطرہ کے احساس نے ان مصلحین اور ان سے ربط و صحبت کی ضرورت کا احساس بدرجہا زیادہ بڑھا دیا۔

دوسری طرف سیاسی تبدیلیاں اور ملکی مصلحتیں، ان حضرات کے خلوص و محبت حمیت و

شفقت اور بے لوث و بے غرض جذبۂ خدمت گزاری اور نفع رسانی کے جذبہ میں ذرہ برابر فرق نہیں آیا، ان کا جس مخلص گروہ سے تعلق تھا اس کا قدیم زمانہ سے شعار و اعلان رہا ہے کہ۔

ما قصۂ سکندر و دارا نخوانده ایم
از ما بجز حکایت مہر و وفا مپرس

**پاکستان کے سفر** تقسیم کے بعد جب دونوں طرف سے آنے جانے والوں کو نئی مشکلات پیش آنے لگیں تو یہی آسان معلوم ہوا کہ آپ خود پاکستان تشریف لیجایا کریں اور کچھ روز وہاں کے مرکزی مقامات پر قیام فرما کر وہاں کے خدام واہل تعلق کو شاد کام فرما دیا کریں اور اس طرح اس دوری و مہجوری کی تلافی ہو جایا کرے جو ملک کے ناگزیر سیاسی حالات و واقعات نے پیدا کر دی ہے، آپ تقسیم کے بعد تقریباً ہر سال پاکستان تشریف لے جاتے اور کئی کئی مہینے قیام فرماتے۔[1] اس مدت میں پورے ملک میں پھیلے ہوئے مخلصین واہل تعلق ہر جگہ سے کھنچ کر آپ کے پاس جمع ہو جاتے اور اپنی اپنی توفیق وہمت اور حالات واستطاعت کے مطابق قیام کرتے اور نفع اٹھاتے ہر سفر میں صدہا کی تعداد میں نئے لوگ توبہ وبیعت سے مشرف اور ذکر و فکر سے مانوس ہوتے، جہاں آپ کا قیام ہوتا وہی جگہ ایک عظیم الشان خانقاہ بن جاتی، جو ہر وقت ذکر الٰہی سے معمور اور سکینت قلبی سے پر نور ہوتی، اور وہاں کی سادگی کا منظر اور ذکر و عبادت کی کثرت "صفۂ نبوی" کی یاد تازہ کرتی،

**تقسیم کے بعد پہلا سفر** تقسیم کے بعد حضرت کا پہلا سفر پاکستان ربیع الاول ۱۳۶۸ھ

(۱) ۱۹۵۶ء کا پورا سال پاکستان میں گزرا۔

Marfat.com

(جنوری ۱۹۴۹ء) میں ہوا، ۱۸ ربیع الاول ۱۳۶۸ھ (۱۸ جنوری ۱۹۴۹ء) کو آپ دہلی تشریف لے گئے اور ۲۶ ربیع الاول ۱۳۶۸ھ (۲۶ جنوری ۱۹۴۹ء) کو ہوائی جہاز سے کراچی روانہ ہوئے یکم فروری کو کراچی سے ملتان تشریف لے گئے، وہاں سے ۹ فروری کو لائل پور اور ۲۰ کو ڈھڈیاں تشریف لے گئے یہ حضرت کا پہلا سفر تھا، اسکے بعد لگاتار سفر ہوتے رہے جس میں زیادہ تر قیام لاہور ہوتا تھا(۱)

## مولانا عبداللہ صاحب فاروقی کا مکان

۱۹۵۱ء تک لاہور میں آپ کا قیام مولانا عبداللہ صاحب فاروقی مرحوم(۲) کے مکان

(۱) یادداشت حضرت شیخ الحدیث (۲) مولانا عبداللہ صاحب فاروقی مولانا محمد صاحب کے صاحبزادے تھے جن کا اوپر تذکرہ ہو چکا ہے اپنے والد بزرگوار سے عشق طبیعت وراثت میں پائی تھی حضرت شیخ الہندؒ کے خصوصی تلامذہ میں سے تھے اور حضرت ہی سے بیعت تھے طالب علمی کے زمانہ میں مولانا حبیب الرحمٰن مہتمم دارالعلوم دیوبند نے انکو حضرت گنگوہیؒ کی خدمت میں پیش کیا کہ آپکے خلیفہ کا لڑکا ہے اسکو بیعت فرمالیں، اس پر حضرت گنگوہیؒ نے فرمایا کہ اس کو محبت تو مولوی محمود حسن سے ہے میں بیعت کر کے کیا کروں گا۔ چنانچہ اصرار کر کے حضرت شیخ الہند ہی سے بیعت ہوئے شیخ الہندؒ کی وفات کے بعد حضرت مولانا عبدالقادر صاحبؒ سے رجوع کیا، حضرتؒ سے غایت درجہ کا تعلق تھا، بھاٹی دروازہ کے مسلم ہائی اسکول لاہور میں فارسی ٹیچر تھے اپنے والد صاحب کی طرح گریہ بہت غالب تھا، روتے روتے رخساروں پر نالیاں سی بن گئی تھیں، اکثر حافظ کے اشعار پڑھتے اور کبھی کبھی وجد میں آ کر حضرتؒ کو بھی سناتے تھے اخیر میں بہت زیادہ بیمار ہو گئے تھے، نہ بول سکتے تھے، نہ چل پھر سکتے تھے بس ایک رونا ہی رونا تھا، رائپور کا نام لیا اور چیخ نکلی ۱۹۵۷ء میں میو اسپتال میں انتقال ہوا، جنازہ صوفی صاحب کی کوٹھی پر بعد تراویح لایا گیا، نماز حضرت کے حکم سے مولانا عبدالعزیز صاحب گمتھلوی نے پڑھائی، مولوی عبدالوحید صاحب کہتے ہیں کہ میں نماز کیلئے حضرتؒ کے ساتھ کھڑا ہوا، حضرت فرما رہے تھے "بہت ہی مبارک آدمی تھے، ایسی طبیعتیں اور نسبتیں بہت ہی خال خال ہوا کرتی ہیں اور اس زمانہ میں تو بالکل ہی کم ہیں، میں ہی حضرت مولانا کو جانتا ہوں کہ حضرت مولانا کیا چیز تھے۔"

Marfat.com

(جنگڑ محلہ) میں رہا، مولانا اپنی قلیل تنخواہ کے باوجود اولوالعزمی اور بڑے ذوق و شوق سے میزبانی کے فرائض انجام دیتے اور اسکو اپنے لئے ایسی سعادت اور خوش بختی خیال فرماتے کہ کسی طرح اس میزبانی کے حق اور شرف سے دست بردار اور دوسروں کے حق میں ایثار کیلئے تیار نہ ہوئے حضرتؒ کی طبیعت نہایت حساس واقع ہوئی تھی اور شفقت اس میں کوٹ کوٹ کر بھری تھی مولانا کے دل کی فراخی کے ساتھ ان کے مکان کی تنگی اور آمدنی کی قلت کے ساتھ مہمانوں کی کثرت کا شدت سے احساس تھا، مگر یہ موضوع ان کیلئے بڑے حزن و ملال کا باعث بن جاتا تھا بعض اوقات پاؤں پکڑ کر اور رو کر عرض کرتے کہ ان کو اس دولت سے محروم نہ کیا جائے۔

## صوفی عبدالحمید صاحب کی کوٹھی

لیکن رفتہ رفتہ مہمانوں کی تعداد بڑھتی چلی گئی اور حضرتؒ کا احساس بھی تیز ہوتا گیا کہ خود مولانا کو اور ان کثیر التعداد مہمانوں کو تکلیف ہوتی ہے، ادھر صوفی عبدالحمید صاحب[1] نے اپنی وسیع کوٹھی میں قیام فرمانے کیلئے بڑے

(۱) صوفی عبدالحمید صاحب چودھری عالم علی خاں صاحب کے فرزند ہیں، تعلیم و تربیت اپنے عم نامدار مولوی سر رحیم بخش صاحب کی نگرانی میں پائی اور انھوں نے اپنے فرزند کی طرح تربیت و شفقت فرمائی، انکی حیات میں ان کے سکرٹری کی طرح رہے تقسیم سے پہلے پنجاب کی سیاسیات میں حصہ لیا، ۱۹۳۷ء تا قیام پاکستان مجلس قانون ساز کے ممبر رہے مجلس دستور ساز متحدہ ہندستان کے بھی ۱۹۴۷ء میں رکن منتخب ہوئے اور تا تقسیم ملک رہے۔ ۱۹۵۰ء میں پہلی مرتبہ پنجاب مسلم لیگ کے صدر منتخب ہوئے اور ۱۹۵۳ء تک رہے دوسری مرتبہ ۱۹۵۵ء میں صدارت کیلئے دوبارہ انتخاب ہوا اور نفاذ مارشل لا تک صدر رہے ۱۹۵۱ء میں پنجاب کے وزیر زراعت و خوراک مقرر ہوئے، دوسری مرتبہ پھر ۱۹۵۵ء میں اسی شعبہ کے وزیر ہوئے، مغربی پاکستان کے نئے صوبہ کی تشکیل ہونے اور ڈاکٹر خان صاحب کی وزارت عظمیٰ تک وزارت زراعت و خوراک پر فائز رہے ۱۹۱۲ء یا ۱۹۱۳ء میں اپنے والد صاحب کی معیت میں بھاولپور حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائپوریؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنے بڑے بھائی چودھری محمود خاں صاحب مرحوم کے ساتھ نابالغی کی حالت میں حضرتؒ سے بیعت ہو گئے، ۱۹۱۵ء میں رائپور حاضر ہوئے حضرت کا مرض وفات تھا، آٹھ دس روز قیام کیا، اس

(باقی حاشیہ صفحہ ۱۸۸ پر)

الحاح اور خلوص و عاجزی سے عرض کیا اور اس کے لئے سخت اصرار کیا، صوفی صاحب کے خاندان اور انکے عم محترم مولوی سر رحیم بخش صاحب مرحوم اور والد ماجد چودھری عالم علی خاں صاحب دونوں سے حضرت کو بہت قدیم اور گہرا تعلق تھا اور ان حضرات کو گنگوہ اور رائپور کے پورے سلسلہ سے عاشقانہ و خادمانہ تعلق تھا، بالخصوص چودھری عالم علی خاں صاحب جج بھاول پور کا تو حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحبؒ سے ایسا خصوصی تعلق تھا کہ آپ سے تعلق رکھنے والوں کو ان کے گھر سے کوئی تکلف نہیں ہوسکتا تھا۔ ۱۹۵۱ء کے سفر پاکستان میں آپ نے ان کی درخواست منظور فرمائی اور ان کی کوٹھی ۳۲ بی واقع گلبرگ روڈ لاہور میں قیام کرنا قبول فرمالیا، اس وقت سے (۱۹۵۱ء سے ۱۹۵۷ء تک مستقل، اور ۱۹۵۷ء سے ۱۹۶۰ء تک وقتاً فوقتاً) زمانہ قیام پاکستان میں صوفی صاحب کی کوٹھی پر قیام ہوتا رہا، اس میں حکومت کی تبدیلیوں، صوفی صاحب کے وزارت میں ہونے نہ ہونے سے کوئی فرق واقع نہیں ہوتا تھا جس بنا پر اس جگہ کا انتخاب ہوا تھا اور صوفی صاحب کو یہ دولت ملی تھی اس کا وزارت و حکومت اور عزت و وجاہت سے کوئی تعلق نہ تھا اور نہ ان عارضی تبدیلیوں سے صوفی صاحب

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۸۷) دفعہ حضرت نے دوبارہ بحالت بلوغ بیعت فرمایا، رحلت فرمانے کے وقت تک چار پانچ مرتبہ رائپور حاضری ہوئی، حضرتؒ کی وفات کے بعد حضرت شیخ الحدیث کی ہدایت اور توجہ دہانی پر ۱۹۴۲ء سے حضرت مولانا عبدالقادر صاحبؒ سے تعلق کی تجدید کی اور رائپور حاضر ہوتے رہے، پھر یہ تعلق اتنا بڑھا کہ ۱۹۵۱ء سے ۱۹۵۷ء تک انھیں کی کوٹھی حضرتؒ کی فرودگاہ اور پاکستان کے قیام کے دوران میں مستقل مستقر قرار پائی، پاکستان کے سفر کے سلسلہ میں صوفی صاحب ہی کی درخواست و اصرار قوی محرک ثابت ہوتی تھی۔

تقسیم سے پہلے بھی ریاست بھاول پور میں ریاست و زمین تھی، ضلع بھاول نگر میں بٹہ عالمگیر جان کے والد صاحب کا آباد کیا ہوا ہے ان کی ملکیت میں تھا۔

Marfat.com

یہ اشعار اکثر پنجابی زبان کے ہوتے، اکثر یہ سعادت محمد شفیع صاحب ملتانی کے حصہ میں آتی بڑے دردو سوز اور بڑے ذوق وشوق سے قصائد سناتے، اکمل صاحب نے اکثر اپنا کلام سنایا اور حضرتؒ نے بڑا لطف لیا، ملفوظات کے مجموعہ میں بار بار ان اشعار کے سننے کا تذکرہ اور یہ غزلیں اور قصائد نقل کئے گئے ہیں اور یہ راقم سطور ان مجلسوں میں حاضر رہا ہے۔

**کوٹھی حاجی متین احمد صاحب** ۱۹۵۵ء میں حضرت کے ایک دوسرے مخلص خادم حاجی متین احمد صاحب (فرزند اکبر جناب حاجی رشید احمد صاحب میمن سیٹھی مرحوم) تاجر ڈھاکہ کی درخواست پر ان کی کوٹھی واقع ایمپریس روڈ مقابل ریڈیو پاکستان لاہور میں بھی (جو ان کو نئی نئی الاٹ ہوئی تھی اور نہایت وسیع تھی) قیام منظور فرمایا اور ۱۹۵۵ء کے بعد لاہور کے قیام کے دوران میں زیادہ تر اسی کوٹھی میں قیام رہا اور اسی کوٹھی میں زندگی کے آخری دن اور آخری ساعت گزری اور وہیں سے سفر آخرت اختیار فرمایا، ان چار برسوں میں کبھی کبھی کچھ روز کے لئے صوفی صاحب کی خواہش پر ان کی کوٹھی پر چند روز پھر قیام رہا۔

حاجی صاحب کی کوٹھی نسبتاً شہر کے مرکزی حصہ میں واقع ہے اور ہر طرف سے آنے جانے والوں کو سہولت حاصل ہے، مہمانوں کی کثرت کا یہاں بھی وہی حال تھا عموماً حاجی عبدالعزیز صاحب انبالوی (حال مقیم کراچی) کھانے کے منتظم ہوتے تھے، شام کو کوٹھی کے وسیع صحن میں عمومی مجلس ہوتی تھی، مغرب کے بعد بالعموم رفیق احمد خان صاحب جن کو اللہ تعالیٰ نے خبروں کو ذہن نشین کرنے اور ترتیب کے ساتھ سنانے کا خاص ملکہ عطا فرمایا ہے اور وہ اخبارات کے مطالعہ اور جدید معلومات کی فراہمی کا

خاص اہتمام کرتے تھے، حضرت کو تازہ خبریں اور جدید معلومات سناتے اور حضرت بڑی توجہ سے ان کی باتیں سنتے، دور سے سننے والے کو محسوس ہوتا کہ ریڈیو اردو میں خبریں سنا رہا ہے اور کہیں کا پروگرام لگا دیا گیا ہے،

حضرت کے زمانۂ قیام میں آپ کی کمزوری اور نقل و حرکت سے معذوری کی بنا پر نماز جمعہ بھی بڑی جماعت کے ساتھ قیام گاہ پر ہوتی، یہ خدمت بھی دوسری نمازوں کی طرح آزاد صاحب کے سپرد تھی۔

جب تک قوت تھی کبھی کبھی سلطان فاونڈری جس کے مالک حاجی محمد اسلم صاحب مولوی محمد اکرم صاحب اور محمد افضل صاحب حضرت کے بڑے مخلص خادم ہیں، نیز ان کی کوٹھی واقع ماڈل ٹاؤن تشریف لے جاتے، حضرت ان تینوں صاحبان اور ان کے بھائیوں سے بہت خوش تھے، ان کی سمجھ اور سلیقہ مندی اور اپنے کام میں مستعدی اور کارگزاری سے بہت خوش رہا کرتے تھے، حاجی متین احمد صاحب کی کوٹھی کے زمانۂ قیام میں خصوصاً آخری ایام میں ان حضرات نے حضرتؒ کی راحت و سہولت اور علاج میں بڑی جانفشانی سے کام لیا، آخری ایام میں حضرت نے ایک موقع پر خوش ہو کر فرمایا کہ "تم تینوں بھائیوں نے مجھے نباہ دیا۔"

چودھری عبدالحمید صاحب مرحوم (۱) بھی بڑے مخلص اور بڑی محبت کرنے والے تھے

(۱) راہوں ضلع جالندھر کے راجپوت زمینداروں اور شرفا میں تھے، رائے پور والوں سے قرابتیں بھی تھیں، عرصہ تک سرگودھا کے ڈپٹی کمشنر اور ڈپٹی مجسٹریٹ رہے، تحریک ختم نبوت میں باوجود حاکم ضلع ہونے کے علماء کے اکرام میں فرق نہیں آنے دیا، آخر میں کمشنر بحالیات ہو گئے تھے، حضرتؒ سے مخلصانہ و خادمانہ تعلق تھا، رحمہ اللہ،

پاکستان کے سفر کی تحریک کرنے والوں اور رائے پور آکر لے جانے والوں میں پھر لاہور کے زمانہ قیام میں خدمت اور مصارف کرنے والوں میں ان کا بھی نمایاں حصہ ہوتا تھا، ان کے اچانک انتقال پر حضرت کو بڑا صدمہ ہوا، بعض مرتبہ انھیں کی کار پر رائے پور سے لاہور کا پورا سفر ہوا۔"

**لائل پور**

لائل پور میں حضرت کے بعض ممتاز ترین اہلِ تعلق اور بڑی محبت کرنے والے خادم تھے، یہیں مولانا محمد صاحب انوری مقیم[1] ہیں جو حضرت کے ممتاز مجازین میں ہیں، مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی (جن سے اور جن کی اولاد سے حضرت کو بڑا گہرا تعلق تھا) کے فرزند مولانا انیس الرحمٰن صاحب کا بھی یہیں قیام ہے، حاجی اسماعیل اور ان کے بھائی محمد ابراہیم صاحب جن کو حضرت سے بڑی محبت اور حضرت کو ان پر بڑی شفقت تھی، لدھیانہ سے لائل پور ہی منتقل ہوئے اور اب یہاں کاروبار کرتے ہیں، ان خدام و محبین کے تعلق اور اصرار سے پاکستان کے اکثر سفروں میں لائل پور کا قیام ضرور ہوتا، اول اول مولانا محمد صاحب انوری کے دولت خانہ واقع سنت پورہ میں قیام ہوا کرتا تھا، اخیر میں خالصہ کالج میں قیام رہنے لگا، جہاں کی وسیع مسجد میں مولانا انیس الرحمٰن صاحب نے تعلیم قرآن کا مدرسہ قائم کیا ہے اور مسجد سے متصل حجرے بنائے ہیں، یہاں حضرت کو بڑا انس اور انبساط رہتا اور کئی مہینے قیام فرماتے، مہمانوں کی تعداد بھی بہت

---

(۱) مولانا محمد صاحب حضرت مولانا انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ممتاز تلامذہ میں ہیں، شہرۂ آفاق مقدمہ بہاولپور میں حضرت شاہ صاحبؒ کے دست راست اور وکیل کی حیثیت سے کام کیا اور بڑی تفصیل سے اسکی روداد مرتب کی جو تقسیم کے حادثہ میں ضائع ہوگئی، پہلے رائے کوٹ (ضلع لدھیانہ مشرقی پنجاب) میں قیام تھا، اب لائل پور محلہ سنت پورہ (جو اب ان کے قیام کی برکت سے سُنت پورہ ہوگیا ہے) میں مصروف ارشاد و اصلاح ہیں، نفع اللہ بہ،

بڑھ جاتی، ۱۳۷۵ھ و ۱۳۷۸ھ (۱۹۵۶ء اور ۱۹۵۹ء) کا رمضان بھی وہیں گزرا، بڑی رونق اور بڑا مجمع تھا، حضرت نے ایک دو بار ایسے اشارے بھی فرمائے تھے جن سے معلوم ہوتا تھا کہ حضرت یہاں دفن ہونا بھی پسند فرماتے ہیں، ایک بار فرمایا کہ میرا انتقال ہو جائے تو جہاں بچے قرآن شریف پڑھتے ہیں وہیں دفن کر دینا، قرآن سنتا رہوں گا۔

**آمد و رفت کا منظر** پاکستان کا سفر زندگی کے آخری برسوں میں ایک بڑا معرکۃ الآرا مسئلہ بن گیا تھا، ہر سال پاکستان کے مخلصین و محبین کا ایک وفد آتا جو پاکستان تشریف لے چلنے کے لئے اصرار کرتا، اس وفد کے رکن رکین اکثر صوفی عبدالحمید صاحبؒ ہوتے جن کا حضرت بڑا لحاظ فرماتے تھے، سلطان فاؤنڈری کے مالکان میاں محمد اسلم، مولوی محمد اکرم و محمد افضل صاحب بھی ہوتے، حضرت کی صحت کی کمزوری اور نقل و حرکت کی دشواری کی بنیاد پر ہندستان کے خدام اور رائے پور کے اہل تعلق کو اس سفر میں سخت تامل ہوتا اور کئی دن تک محبت کی کشاکش رہتی، حضرت اپنی طبعی مروت اور احباب و خدام کی دلداری کی بنا پر کسی فریق کو صاف جواب نہ دیتے اور کسی کو مایوس نہ فرماتے لیکن اداشناس سمجھتے کہ پاکستان میں خدام کی کثیر تعداد کی موجودگی انکے خلوص و گرم جوشی، حلقۂ ذکر کی سرگرمی اور ان غریبوں کی دلداری کی بنا پر جو تقسیم کے بعد سے اپنی محرومی اور دینی مراکز سے دوری پر ہمیشہ ماتم کناں رہتے ہیں، آپ کا رجحان پاکستان جانے کی طرف ہے، بالآخر پاکستانی احباب کا اصرار غالب آتا اور سفر کا فیصلہ ہو جاتا، سفر کا عزم سن کر ضلع سہارنپور اور رائپور کے اطراف و نواح کے عقیدت مند پروانوں کی طرح ہجوم کرتے، آنے والوں کا تانتا بندھ جاتا، بیعت کرنے والے اس کثرت سے جمع ہو جاتے کہ بار بار دستار اور چادر پھیلا کر کثیر مجمع کو توبہ و بیعت کی تلقین کی جاتی، اگر کار پر سفر ہوتا تو اس کا اہتمام کیا جاتا کہ مصافحہ کرنے والوں کی کثرت اور عقیدت مندوں کے ہجوم سے حضرت کو اذیت نہ ہو،

کار کے سفر میں اکثر لدھیانہ مولوی سعید الرحمٰن صاحب (فرزند مولانا حبیب الرحمٰن صاحبؒ) کے یہاں ایک شب یا کچھ وقت ٹھہر کر جانا ہوتا، کاروں کا ایک چھوٹا سا کارواں ہوتا جس میں صوفی صاحب، چودھری عبدالحمید صاحب مرحوم اور محمد افضل صاحب وغیرہ کی کاریں ہوتیں ریل سے سفر ہوتا تو فرسٹ کلاس کے کئی کمپارٹمنٹ ریزرو کرائے جاتے جنرل شاہ نواز (ڈپٹی منسٹر ریلوے) کی طرف سے سہارنپور اور امرت سر کے اسٹیشنوں پر سہولت بہم پہنچانے کے لئے ہدایات جاری ہو جاتیں، سہارنپور کے اسٹیشن پر رخصت کرنے والوں کا اتنا کثیر مجمع ہوتا کہ حضرت شیخ الحدیث کو بار بار اس کو نظم و ضبط میں رکھنے اور حضرت کو سکون کے ساتھ سوار ہو جانے کیلئے مجمع کو بار بار ہدایات دینے اور زجر و تنبیہ فرمانے کی ضرورت پیش آتی، لاہور کے اسٹیشن پر استقبال کرنے والوں کا اتنا عظیم مجمع ہوتا جو کسی بڑی سیاسی شخصیت کی آمد کے موقع پر نہیں ہوتا، ریلوے حکام وہاں بھی سہولت مہیا کرتے۔ اس دورِ آخر میں آپ کی محبوبیت اور عوام کی عقیدت کے مناظر نے اس دور کی یاد تازہ کر دی، جب سارا شہر ایک عالم ربانی کے لئے نکل پڑتا تھا اور خلیفۂ وقت بھی محو حیرت رہ جاتا تھا[1] اور ثابت کر دیا کہ دین اور خلوص میں اب بھی وہ کشش ہے جو کسی دنیاوی وجاہت میں نہیں،

شہانِ بے کلہ و خسروان بے کمرانند

(۱) حضرت عبداللہ بن مبارک کے استقبال و اعزاز کے واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔

Marfat.com

# گیارہواں باب (۱۱)

## علالت، پاکستان کا آخری سفر، اور سفر آخرت

فقیرانہ آئے صدا کر چلے ۔۔۔ میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے
جو تجھ بن نہ جینے کو کہتے تھے ہم ۔۔۔ سو اس عہد کو ہم وفا کر چلے
(میر تقی میر)

**علالت کا سلسلہ** حضرتؒ کو وفات سے کئی سال پہلے سے فشار الدم (ہائی بلڈ پریشر) کی شکایت تھی لیکن اس کا پورا احساس اور اندازہ نہیں ہو سکا تھا، ۱۶ ارشوال ۱۳۷۴ھ (۸ رجون ۱۹۵۵ء چہار شنبہ) کو جب آپ منصوری پر شاہ محمد مسعود صاحب کی کوٹھی پر تھے پہلا دورہ پڑا، اس روز آپ نے مچھلی تناول فرمائی تھی، شام کو سانس لینے میں تکلیف اور تنگی کا احساس ہوا تکلیف بہت بڑھ گئی تو ایک مقامی ڈاکٹر گوئل کو بلایا گیا، اس نے THROM BOSIS CORONONJ تجویز کیا، علاج سے افاقہ ہوا اور چند روز کے بعد مخلصین کے اصرار سے آپ پہاڑ پر سے تشریف لے آئے اور کھلی ہوئی تازہ آب وہوا کے خیال سے بہٹ کے قریب شاہ محمد مسعود صاحب کی گانگرو والی کوٹھی میں جو نہر پر واقع ہے قیام فرمایا، ۱۰ ارجولائی کو رات کے تین بجے شدید دورہ پڑا، وہ صبح تک رہا، خدام اور تیمار داروں کو مایوسی ہو گئی، حکیم عبد الرشید صاحب بریلوی جو وہاں موجود تھے یٰسین پڑھنے لگے، فجر کی نماز کا وقت تنگ ہو رہا تھا کہ حضرت نے ہاتھ اٹھا کر نماز پڑھنے کے لئے اشارہ فرمایا، پھر افاقہ ہو گیا،

۷ار جولائی کو آپ سہارنپور تشریف لے آئے اور مدرسہ مظاہر العلوم کے مہمان خانہ میں قیام اختیار فرمایا جس کا کرایہ تیس ۳۰ روپے ماہوار کے حساب سے مدت قیام میں ادا فرماتے رہے، یہ اس طویل علالت کا آغاز تھا جس کا اختتام ۱۴ ربیع الاول ۱۳۸۲ھ چہارشنبہ (۱۶ اگست ۱۹۶۲ء) کو وفات پر ہوا،

**ڈاکٹر برکت علی مرحوم** ۱۹۵۳ء میں جب آپ منصوری سے واپسی پر بارش سے بھیگ گئے[1] اور بعد مغرب رعشہ کا حملہ ہوا تو پہلی مرتبہ شہر سہارنپور کے تجربہ کار و حاذق معالج ڈاکٹر برکت علی صاحب دیکھنے آئے، اس وقت سے اپنی وفات تک[2] ڈاکٹر صاحب ہی معالج رہے انھوں نے جس دل سوزی، خلوص، فکر اور محنت سے علاج کیا اسکی نظیر اس زمانہ میں ملنی مشکل ہے، وہ حضرتؒ کے پورے مزاج شناس ہو گئے تھے، ان کی اجازت کے بغیر کوئی سفر نہیں ہوتا تھا نہ کسی دوا کا استعمال۔ پاکستان کے قیام میں بھی وقتاً فوقتاً ان سے مشورہ کیا جاتا رہتا اور ان کو حالات سے مطلع رکھا جاتا، پورے دس برس ڈاکٹر صاحب دوا و غذا کے نگراں اور معالج و مشیر طبی رہے، ان کی اس مخلصانہ و بے عذر خدمت، گہرے قلبی تعلق اور حذاقت کی بنا پر حضرتؒ کو ان سے بڑا قلبی تعلق ہو گیا تھا اور ڈاکٹر صاحب کو بھی حضرتؒ کی ذات سے بڑی گرویدگی اور عقیدت پیدا ہو گئی تھی،

حضرتؒ کی اصل علالت فشار الدم اور تھرمبوسس کی شکایت تھی، جسم کی فربہی اور فالج کے اثر نے نقل و حرکت سے بالکل معذور بنا دیا تھا، تقریباً ۱۹۵۸ء سے ہاتھوں

---

(۱) دہرہ دون اور سہارنپور کے درمیان اچانک بارش آگئی، کار پر صرف ہڈ تھا، کھڑکیاں نہیں تھیں، ناچیز راقم سطور بھی ہم سفر اور ہم رکاب تھا۔ (۲) ۸ر شعبان ۱۳۸۰ھ پنجشنبہ (۲۶ر جنوری ۱۹۶۱ء) کو ڈاکٹر برکت علی صاحب کا انتقال ہوا۔

اور پاؤں کو جنبش دینا بھی بڑا مشکل تھا، لیکن اس سب کے ساتھ چہرہ دمکتا ہوا، دماغ نہ صرف محفوظ بلکہ حاضر، قلب نہ صرف بیدار بلکہ قوی اور مصروف افاضہ و افادہ، اگر کوئی حضرتؒ کو تکیوں کے سہارے سے بیٹھا ہوا دیکھتا تو سمجھتا کہ ایک شیخ وقت مسند ارشاد پر متمکن ہے اور سن رسیدگی کے تقاضائے طبعی کے علاوہ اس میں کوئی ضعف اور معذوری نہیں۔

**بے نظیر خدمت**

اس معذوری کے ساتھ کہ ہاتھ کا ہلانا اور بدن کا کھجانا بھی مشکل تھا اللہ تعالیٰ نے حضرت کے لئے ایسی خدمت و نگہداشت کا انتظام فرمایا اور ایسے مخلص، جاں نثار، ہر وقت کے حاضر باش، مزاج داں و مزاج شناس خادم میسّر فرمادیے جو شاید اس زمانہ میں کسی بڑے سے بڑے رئیس اور امیر کو نصیب نہ ہوئے ہوں امراء کو خدام کی بڑی سے بڑی تعداد حاصل ہوسکتی ہے لیکن وہ اس عقیدت و محبت اور دل سوزی و خلوص کو کہاں سے لاسکتے ہیں جو خدا کے مقبول بندوں کے ان مخلص خدام کے پاس ہوتا ہے جو اس خدمت کو اپنے لئے سرمایۂ سعادت و ذریعہ نجات تصور کرتے ہیں، ان خدام میں مولانا عبدالمنان صاحب، راؤ الطاف الرحمٰن(۱)، صوفی برکت اور حافظ عبدالرشید خاص طور پر قابل ذکر ہیں، جو ہر وقت اٹھاتے بٹھاتے اور چارپائی کے قریب ہی رہتے، پانچوں وقت وضو کرانا، تمام اعضاء کو پانی پہنچانا (حضرت خود ہاتھ کو حرکت نہیں دے سکتے تھے) باہر لانا لے جانا یہ سب ان حضرات کا کام تھا اور جو ان کے ساتھ شامل ہوجائے، متفرق خدمات گرمیوں میں پنکھا جھلنے کیلئے ہر شخص سعادت سمجھ کر تیار رہتا

(۱) راؤ الطاف الرحمٰن خاں حضرت کے قدیم ترین و مخلص و ہر وقت خدام میں ہیں، حضرت شاہ عبدالرحیم صاحبؒ سے قرابت کا تعلق بھی ہے بچپن سے حضرت کی خدمت میں ہیں، مہمانوں کے لیٹنے اور بستر وغیرہ کا انتظام ہمیشہ سے انکے ذمہ ہے

Marfat.com

ان خدام میں قاری محمد شبیر صاحب لکھنوی خاص طور پر بڑے مستعد و جفاکش تھے۔

مولانا عبدالمنان صاحب کو دواؤں کا استعمال کراتے کراتے ایسا تجربہ اور حضرت کے مزاج کا اندازہ ہوگیا تھا کہ وہ ایک اچھے تیماردار اور چھوٹے موٹے معالج بن گئے تھے۔

**دوسرے معالج** پاکستان کے قیام کے دَوران میں ڈاکٹر محمد عالم صاحب (استاد مڈیکل کالج لاہور) جو حضرت سے بیعت و محبت کا تعلق رکھتے تھے اور حضرت کی بھی ان پر بڑی شفقت تھی، دوا علاج کے نگراں و مہتمم بن جاتے کسی پیچیدگی اور مرض کی شدت کی حالت میں مختلف اوقات میں کرنل ضیاء اللہ، ڈاکٹر پیرزادہ سے مشورہ لیا جاتا مرض وفات میں ڈاکٹر محمد اختر، ڈاکٹر محمد یوسف، ڈاکٹر پیرزادہ وغیرہ شریک علاج رہے۔

ڈاکٹر برکت علی صاحب ہی کے مشورہ و اصرار سے اس بنا پر کہ رائے پور بروقت طبی امداد کا پہونچنا بہت مشکل، ایک مرتبہ ۲۲ ربیع الاول ۱۳۷۸ھ سے ۲۸ ربیع الاول ۱۳۷۹ھ (۸ اکتوبر ۱۹۵۸ء سے ۲ اکتوبر ۱۹۵۹ء) تک ایک سال، اور دوسری مرتبہ ۲۴ ربیع الثانی ۱۳۸۰ھ سے ۲۹ شعبان ۱۳۸۰ھ (۱۶ اکتوبر ۱۹۶۰ء سے ۱۶ فروری ۱۹۶۱ء) تک پانچ مہینے بہٹ ہاؤس[1] میں قیام رہا اور ڈاکٹر برکت علی صاحب ہی کا علاج رہا، کوئی خاص شکایت یا دَورہ نہیں پڑا صرف احتیاط اور دوا و غذا کے نظام کا اہتمام رکھا جاتا تھا کسی

(۱) بہٹ ہاؤس شاہ محمد مسعود صاحب رئیس بہٹ کے اس مکان کا نام ہے جس کو انکے والد شاہ زاہد حسن صاحب مرحوم نے حضرتؒ ہی کے قیام سہارنپور کی نیت سے بڑی عالی حوصلگی اور اہتمام سے بنوایا تھا، نہایت وسیع آرام دہ اور مستحکم عمارت ہے جس میں بیک وقت کئی خاندان رہ سکتے ہیں، پل نخران کے قریب واقع ہے، آخری برسوں میں حضرت نے مہینوں اس کوٹھی میں قیام فرمایا، اور آپ کے خدام کی کثیر التعداد جماعت اور مہمانوں کی بڑی تعداد اسی میں مقیم رہتی تھی۔

ان کے حالات سننے پر زور سے ہنسے، پیر حضرت مہر علی شاہ کے بارے میں فرمایا کہ میں انھیں بہت بڑا مانتا ہوں، ایسے لوگوں کو میری آنکھیں ترستی ہیں، اس پر بہت گریہ طاری ہوا اور آنکھیں اشک بار ہو گئیں"۔(۱)

"ایک مرتبہ حضرت خواجہ محمد سلیمان تونسوی خواجہ شمس الدین سیالویؒ اور پیر مہر علی صاحب گولڑوی کا تذکرہ تھا صوفی محمد حسین صاحب نے عرض کیا کہ سنا ہے کہ جب حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑویؒ حضرت خواجہ شمس الدین سیالویؒ کی خدمت میں بیعت کرنے کی غرض سے جا رہے تھے تو راستہ میں کسی شخص نے ان سے کہا کہ آپ تو سید ہیں اور وہ جاٹ ہیں، آپ ان کے پاس کیوں جاتے ہیں؟ یہ جملہ سنتے ہی حضرت پر رقت طاری اور گریہ شروع ہو گیا، حاضر الوقت خدام بھی رونے لگے، قدرے سکون کے بعد فرمایا پھر؟ صوفی صاحب نے کہا کہ پیر صاحب نے اس کو جواب دیا میاں جاٹ سخی ہوا کرتا ہے، امید ہے کہ میں اس جاٹ کے پاس جاؤں گا تو خالی ہاتھ واپس نہ آؤں گا، حضرت پر رقت طاری ہوئی، خاصی دیر کے بعد فرمایا "بڑے مبارک لوگ تھے وہ بڑے سچے لوگ تھے وہ! اب تو دنیا خالی ہو گئی"۔(۲)

"ایک دن عصر کے وقت حضرت مولانا احمد علی صاحبؒ کے ایک مرید مولوی خدا بخش صاحب آئے، وہ بہت رو رہے تھے، حضرت سے دعا چاہی، خدام نے بتایا کہ یہ حضرت مولانا احمد علی صاحب کے مرید ہیں، حضرت پر رقت طاری ہوئی اور فرمایا "وہ بہت اچھے گئے"۔ ایک شخص نے مصافحہ کیا اور دعا کی درخواست

---

(۱) روایت سید انور حسین صاحب زیدی (۲) یادداشت صوفی محمد حسین صاحب مجلس ۳۰ جون ۱۹۶۲ء

ہوئی، ۲۷ر جولائی کو افاقہ ہوگیا اور بخار اتر گیا، ۲۷،۲۸ر جولائی کو حضرت شیخ الحدیث کے نام لاہور سے جو تار آیا اس سے افاقہ کی خوشخبری ملی اور خدام کو ایک گونہ اطمینان اور زندگی کی از سر نو امید ہوئی۔

## مسلمانوں کے حالات کی فکر

راقم سطور ٹھیک انھیں تاریخوں میں جب حضرت لاہور کیلئے روانہ ہوئے تھے، حجاز کیلئے روانہ ہوا وہاں سے ۱۰ر جون ۱۹۶۲ء کو میری واپسی ہوئی، حضرت کی نازک علالت کا حال معلوم ہوا، باوجود خواہش وکوشش کے ۲۸ر جولائی ۱۹۶۲ء سے پہلے لکھنؤ سے روانگی نہیں ہوسکی، یہ سفر سخت ذہنی تشویش اور پریشانی کے عالم میں کیا گیا، سہارنپور پہنچ کر ہر وقت یہ خطرہ تھا کہ خدانخواستہ کوئی غمناک خبر نہ سننے میں آئے، کسی سے پوچھنے کی ہمت نہیں ہوتی تھی، الحمد للہ افاقہ کی اطلاع ملی اور جان میں جان آئی، رات ہی کو لاہور روانگی ہوگئی، حاجی یعقوب علی خاں صاحب میر آل علی صاحب اور ماسٹر محمود الحسن صاحب کاندھلوی رفیق سفر تھے، بارڈر ہی پر مولانا عبدالجلیل صاحب سے خیریت وافاقہ کی خبر سن کر مزید اطمینان ہوا۔

میں ۳۰ر جولائی کو دوپہر کے قریب پہنچا تھا، نماز ظہر کے بعد یاد فرمایا اور حاضری ہوئی، مصافحہ کرتے ہوئے سب سے پہلے جو الفاظ فرمائے وہ یہ تھے کہ "ہم تو مر کر بچے ہیں" اسی وقت مجھ سے حجاز کے حالات پوچھنے لگے، کتنے روز کہاں ٹھہرے؟ کیا کہا، کیا پیغام دیا؟ میں عرض کرتا رہا، حجاز کے مالی استحکام، اقتصادی اصلاح وتنظیم اور صنعتی ترقی کیطرف خاص اشارہ تھا اور اسی کے متعلق خاص طور پر دریافت فرماتے تھے، آواز نہایت کمزور اور پست تھی، مخدوم زادگان مولانا عبدالجلیل ومولانا عبدالوحید صاحبان کی مدد اور ترجمانی سے سمجھ میں آتا تھا،

Marfat.com

دوسرے روز پھر بعد ظہر طلب فرمایا، حاضرین مجلس سے ارشاد فرمایا کہ ان سے حالات پوچھو، حضرت کو بولنے میں تعب محسوس ہوتا تھا، میں کچھ عرض کرتا رہا، اس وقت سید محمد جمیل صاحب[1] (سابق اکاؤنٹنٹ جنرل پاکستان) بھی حاضر تھے، مجھ سے ان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ پاکستان کے صحیح حالات یہ سنائیں گے، انھوں نے عرض کیا کہ حضرت پاکستان کو عیسائیت سے بڑا خطرہ ہے، فرمایا کہ تم موجود ہو تو خطرہ نہیں ہے۔

## ہندستان کی واپسی کی خواہش اور رائپور کا تقاضا

اس افاقہ سے پہلے بھی جب حرارت اور غفلت کا غلبہ نہیں تھا، ہندستان کی واپسی کا تذکرہ ہوتا رہتا تھا اور جب کوئی تقریب یا مناسبت پیدا ہوتی، ہندستان واپس چلنے کی خواہش اور آمادگی کا اظہار فرماتے، حاجی نجم الدین صاحب (مالک مدراس بوٹ ہاؤس دہلی) حاضر خدمت ہوئے اور ہندستان تشریف لے چلنے کا ذکر کیا تو پوری آمادگی اور خواہش کا اظہار فرمایا، شاہ محمد مسعود صاحب اور راؤ عطاء الرحمٰن خاں کو خط لکھنے اور لے جانے کیلئے کئی بار فرمایا، انکی آمد کا انتظار بھی فرماتے رہے، اس کے بعد ٹمپریچر پھر بہت اونچا ہو گیا اور غفلت وغنودگی طاری ہو گئی، اس سے افاقہ ہوا تو واپس چلنے کا تقاضا قوی ہو گیا، صوفی عبدالحمید صاحب سے (جو پاکستان کے اہل تعلق میں خصوصی مقام رکھتے ہیں اور اکثر انھیں کی تحریک سے پاکستان تشریف لانا ہوا اور زیادہ تر انھیں کے یہاں قیام ہوا) خاص طور پر اس خواہش کا اظہار فرمایا اور ہندستان واپس لے چلنے کا تقاضہ فرمایا صوفی صاحب فرماتے ہیں

(۱) سید جمیل صاحب کی خاص توجہ پاکستان کو عیسائیت کے اثرات اور اسکی تبلیغ واشاعت کے خطرات سے محفوظ کرنے کے مسئلہ پر ہے انھوں نے اس مسئلہ کو اپنا موضوع اور مقصد زندگی بنا رکھا ہے اور اس سلسلہ میں ان کی مساعی جمیلہ بحمداللہ بہت مفید و نتیجہ خیز ثابت ہو رہی ہیں، ایدہ اللہ بنصرہ

Marfat.com

"ہفتہ بھر ہائی ٹمپریچر کے بعد چار روز کا وقفہ ہوا، نارمل ہونے کے دوسرے روز مجھے بلایا، فرمایا بھائی مجھے جانے دو، یہ لوگ(۱) مجھے لینے کے لئے آئے ہوئے ہیں، میرے نزدیک تو اسکی کوئی اہمیت نہیں ہے کہ یہاں مرجاؤں یا وہاں مرجاؤں لیکن حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد تھا کہ مولوی صاحب زندگی میں اکٹھے رہے، دل چاہتا ہے کہ مرنے کے بعد بھی اکٹھے رہیں، اس لئے رائے پور کا تقاضا ہے، میں نے عرض کیا کہ حضرت ابھی کل تو حضرت کا بخار نارمل ہوا ہے کمزوری بہت ہے موسم بھی خراب ہے، جس وقت بھی حضرت کی طبیعت میں قوت آگئی اور موسم اچھا ہوا حضرت کی روانگی میں انشاء اللہ کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی، اتنے میں حاجی متین صاحب آگئے، انھوں نے عرض کیا کہ حضرت رمضان تو یہیں کرنا ہے حضرت نے فرمایا کہ نہ یہ بات نہ کہو، اس پھر میں نے دوبارہ عرض کیا کہ جب حضرت ارادہ فرمائیں گے اسی وقت روانگی ہوجائے گی، اس پر حضرت نے مسرت کا اظہار فرمایا"

## علالت کا دوبارہ اشتداد اور مستقل غشی

صوفی صاحب سے یہ گفتگو غالباً شنبہ، ۴ اگست ۱۹۶۲ء کو ہوئی، اس روز دوپہر اور شام کو بیٹھ کر کھانا کھایا، چہارشنبہ ۸ اگست سے بیہوشی شروع ہوگئی چند روز معمولات سب جاری رہے عصر کے بعد کتاب بھی ہوتی رہی، جماعت کے ساتھ نماز بھی پڑھی، پھر اندازہ ہوگیا کہ غفلت اور غشی ہے اور اس حالت میں تکلیف دینا نہ شرعاً ضروری ہے نہ طبی حیثیت سے مناسب و ممکن حسب معمول حضرت کی چارپائی صحن میں آتی، خدام اور اہل تعلق جن کی تعداد تین سو کے قریب ہوگی، چارپائی کو حلقہ میں لیکر ذرا فاصلہ سے خاموشی سے بیٹھ جاتے مغرب کی نماز کا وقت آتا تو حسب معمول جماعت کثیر

(۱) محمد محسن (فرزند ڈاکٹر برکت علی صاحب) اور راؤ سلیم خاں رائے پوری مراد ہیں۔

نہ ہوئی۔

الٹی ہوگئیں سب تدبیریں، کچھ نہ دوا نے کام کیا

لاہور کے مشہور سرجن ڈاکٹر ریاض قدیر صاحب نے بھی طبی معائنہ کیا کہ شاید عمل جراحی کی ضرورت ہو لیکن اسکی ضرورت محسوس نہ ہوئی اور انھوں نے کسی فوری تشویش کا اظہار بھی نہ کیا، راقم سطور نے یہ دیکھ کر کہ ایلوپیتھی اور یونانی طریق علاج اور ان کے مقامی ماہرین فن کی تدبیر وسعی ناکام ہو چکی ہے بعض اوقات ہومیوپیتھک علاج سے محیّر العقول نتائج نکلے ہیں، اپنے عزیز دوست ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی کو (جنھوں نے اس طریق علاج میں ذہن رسا پایا ہے اور حضرت سے بیعت و محبت کا تعلق رکھتے ہیں) لکھنؤ تار دے کر لاہور بلایا، ڈاکٹر صاحب ۱۲ راگست کو لاہور پہونچے لیکن مرض اس مرحلہ پر پہونچ گیا تھا اور حالت اتنی نازک ہو چکی تھی کہ علاج کے تبدیل کرنے کی ہمت نہ پڑی،

اس عرصہ میں جو احباب واعزا و اہل تعلق حضرت کی زیارت کے لئے دور دور سے آتے ان کو دور سے حضرت کا دیدار کرنے اور مجلس میں شریک ہونے پر اکتفا کرنا پڑتا ملاقات و تعارف کا کوئی موقع نہ تھا، محب گرامی مولانا محمد ناظم صاحب ندوی (شیخ جامعہ عباسیہ بھاول پور) برادرزادہ عزیز محمد الحسنی مدیر "البعث الاسلامی" اسی دوران میں بھاول پور لکھنؤ سے حاضر ہوئے، یہی انتظار رہا کہ کچھ افاقہ ہو تو حضرت ؒ سے مصافحہ اور شرف ملاقات حاصل کیا جائے لیکن حالت دن بدن گرتی چلی گئی اور اس کی نوبت نہ آئی، ۱۳ ایام ۱راگست کو مولانا مفتی محمد شفیع صاحب اور ماہر القادری صاحب جو کراچی سے لاہور آئے ہوئے تھے زیارت و عیادت کے لئے حاجی متین احمد صاحب کی کوٹھی پر تشریف لائے لیکن حالت ہی ایسی نہ تھی کہ تعارف ہوتا، صرف چند منٹ پاس کھڑے ہو کر اور زیارت

Marfat.com

کے عزم سے اچانک ایک روز قبل اپنا پاسپورٹ لینے سرگودھا تشریف لے گئے، یہ حادثہ ان کی غیر موجودگی میں پیش آیا، حضرتؒ کے اعزا (خصوصی بھائی صاحب اور بھتیجے بھانجے) نے یہ طے فرمایا کہ حضرت کی تدفین اپنے وطن آبائی ڈھڈیاں میں ہوگی، اس وقت مولانا عبدالعزیز صاحب کی (جو رائے پور لے جانے کے سلسلہ میں سب سے زیادہ مؤثر ہو سکتے تھے) غیر موجودگی اور نعش کے دوسرے ملک میں منتقل کرنے اور وقت پر پہونچانے کی مشکلات کے پیش نظر حاضرین اور اہل ہندستان میں سے کوئی ہندستان کے مسئلہ اور رائے پور میں تدفین ہونے پر زور نہ دے سکا، لاہور کے بعض احباب نے یہ تجویز پیش کی کہ حضرت کو اسی شہر میں حضرت مولانا احمد علی صاحبؒ کے قریب دفن کیا جائے، یہ مرکزی اور سرحدی شہر ہے، ہندستان سے آنے جانے والوں کو بھی فاتحہ خوانی اور زیارت میں آسانی ہوگی اور کہیں منتقل کرنا بھی نہ پڑے گا مگر اعزا نے اس تجویز سے اتفاق نہ کیا اور ان کا جذبہ اور کشش نیز تعلق نسبی و خاندانی غالب رہا، اور اسی تجویز کی اطلاعیں ٹرنک کال سے جا بجا کر دی گئیں، طے کیا گیا کہ نماز جنازہ ½ ۵ بجے عصر کو کوٹھی کے سامنے کے میدان میں ہو جائے، پھر براہ لائل پور و سرگودھا جنازہ ڈھڈیاں جائے، دوسری نماز جنازہ لائل پور میں اور تیسری سرگودھا میں ہو، تاکہ ان دونوں مقامات کے اہل تعلق و احباب و خدام نماز میں شریک ہو سکیں، اسی کا اعلان شہر میں ہو گیا۔

جب جنازہ تیار ہو کر باہر آ گیا تو اس وقت مولانا عبدالعزیز صاحب (جنھوں نے خبر راستہ میں سن لی تھی) تشریف لائے، اس وقت ان کا عجیب حال تھا، انھوں نے رائے پور نہ لے چلنے پر اپنے تعجب و افسوس کا اظہار کیا اور دوستوں سے احتساب بھی

Marfat.com

# چودھواں باب (۱۴)

## حضرت رائے پوری اور ان کے معاصرین

ما قصۂ سکندر و دارا نہ خواندہ ایم
از ما بجز حکایت مہر و وفا مپرس (خواجہ حافظ)

**معاصرت کی نزاکت** حضرت مولانا عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ کے حصہ میں ارشاد و تربیت کا جو زمانہ اور خدمت و افادۂ خلق کیلئے جو علاقہ آیا وہ ان نامور و ممتاز مشائخ و علماء سے معمور تھا جو خود مرجع طالبین اور مرکز ارشاد و اصلاح تھے، ایسی حالت میں سب سے نیازمندانہ و مخلصانہ تعلقات کا قائم رکھنا اور سب کی نظر میں وقیع و مقبول اور معتمد علیہ ہونا بڑا مشکل کام ہے، یہ بلند درجے کے اخلاص، للّٰہیت و بے نفسی، نیز منجانب اللہ مقبولیت، کمال ذاتی، استقامت اور جامعیت کے بغیر ممکن نہیں، بزرگان دین و مشائخ کے تذکرے میں اکثر یہ روایت دہرائی گئی ہے کہ ایک بزرگ اپنے شیخ کے حکم سے یا اشارہ غیبی سے کسی علاقہ میں تشریف لے گئے اور وہاں قیام کرنے کا فیصلہ فرمایا، وہاں ایک بزرگ پہلے سے مقیم اور ارشاد و تربیت میں مشغول تھے، انھوں نے پانی کا ایک بھرا ہوا پیالہ ان نو وارد بزرگ کی خدمت میں بھیجا، اشارہ تھا کہ پیالہ لبالب ہے، اس میں اب کسی اضافہ کی گنجائش نہیں، ان نو وارد بزرگ نے اس میں ایک گلاب کا پھول ڈال دیا،

Marfat.com

اشارہ تھا کہ میں اس طرح سے رہوں گا جیسے پھول پانی پر تیرتا ہے اور اس کا کوئی وزن محسوس نہیں ہوتا، اس واقعہ کی تاریخی حیثیت کچھ بھی ہو لیکن یہ ایک بڑی حقیقت کی بڑی لطیف تعبیر ہے کہ ہر چند کہ عارف شیرازی نے فرمایا ہے:۔

"دہ درویشے در گلیمے بگنجند" (دس فقیر و مرد خدا ایک کملی میں سما سکتے ہیں)

پھر بھی اہل قلب کے درمیان (جن کی ذکاوت حس اور لطافت روح کے سامنے بادشاہوں کی نازک دماغی کوئی حقیقت نہیں رکھتی) رہنے کے لئے ایسی بے نفسی، ایسی سبک روحی، ایسی جامعیت اور ایسی روشن ضمیری کی ضرورت ہے کہ کوئی بداندیش یا کوئی غالی معتقد بھی انکے آپس کے تعلقات میں رخنہ نہ ڈال سکے اور ان کے قلب صافی پر کبھی میل نہ آسکے، ........

........ حضرت مولانا عبدالقادر صاحبؒ نے اس نازک مرحلہ کو بڑی کامیابی کے ساتھ طے کیا، اگرچہ بعض حضرات سے طرز تربیت کا اختلاف تھا، بعض حضرات سے ذوق کا، بعض حضرات سے سیاسی مسلک و خیالات کا، اور یہ بالکل قدرتی امر تھا کہ:۔

"ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است

## مشترک احترام و اعتماد

لیکن اس کے باوجود نہ کسی بزرگ کے ساتھ نیازمندی و عقیدت میں فرق آیا، نہ ان معاصر بزرگوں کے ہاں آپ کا جو احترام و اعتماد تھا اس میں تغیر ہوا، تعلقات کی نوعیت کچھ ایسی تھی کہ اگر ان معاصر شخصیتوں میں سے آپ کے یہاں کسی شخصیت کا تذکرہ ہوتا تو ناواقف یا نووارد سمجھتا کہ ایک مرید اپنے شیخ کا تذکرہ کر رہا ہے اور اگر ان بزرگوں میں سے کسی کے یہاں آپ کا ذکر خیر ہوتا تو معلوم ہوتا کہ کسی شیخ وقت کا تذکرہ ہو رہا ہے، ہر جگہ دیکھنے والوں کو "ویؤثرون علی انفسھم" کا منظر نظر آتا اور حقیقت یہ ہے کہ یہی اہل دین و مخلصین کا شیوہ ہے اور یہی ان کا اور اہل دنیا کا امتیاز

Marfat.com

کہاں حضرت شیخ الہندؒ سے محبت اور بیعت تھی، اب میرے پاس ہیں، ابھی چل ہی رہے ہیں"۔ بعض دفعہ اس مضمون پر تقریر فرمائی اور یہ پڑھا:۔

"پڑ رہیئے، پڑ مر رہیئے ہر دے دربار"

مولوی محمد یحییٰ صاحب لکھتے ہیں:۔

"مجھ سے ایک روز فرمایا کہ تمہارے دادا بزرگوار (مولانا اللہ بخش بھاولنگری) بھی آخر عمر تک ذکر و فکر میں مرمٹے تھے تم بھی اسی راہ میں جان دیدینا، فرمایا دیکھو ذکر اذکار مرتے دم تک نہ چھوڑنا، تمہارے داداصاحب رحمۃ اللہ علیہ ہر وقت چلتے پھرتے بھی مراقب رہتے تھے اور بڑی ہمت کے ساتھ ذکر اذکار کرتے رہنا، یہ نعمت اور نسبت اللہ کے نام کی برکت سے حاصل ہوئی، اس لئے اللہ کے نام کو نہ چھوڑنا۔"

مولانا عبدالوحید صاحب راوی ہیں کہ:۔

"گھوڑا گلی کے زمانہ قیام میں ایک مرتبہ مرض کا شدید حملہ ہوا، نہ کھڑے ہوسکتے تھے، نہ بیٹھنے کی طاقت تھی، سانس پھولتی تھی اور نیم بیہوشی کا عالم تھا اسی حالت میں میں نے عرض کیا کہ عشا کی نماز کا وقت ہے وضو کروادیں، اشارہ فرمایا کہ ہاں، ہم[1] دونوں بھائیوں نے اٹھانے کی کوشش کی مشکل سے تھام کر غسلخانہ تک لے گئے، وضو کرانے جب بیٹھے تو فرمایا کون ہو میں نے اپنا نام اور مولانا عبدالجلیل صاحب کا نام بتایا۔ یہ سن کر فرمایا، بیٹا میرا کچھ ٹھیک نہیں کس وقت چل پڑوں تمہیں صرف ایک ہی نصیحت کرتا ہوں، اللہ کے ذکر کو

(۱) مولوی عبدالوحید صاحب۔ مولوی عبدالجلیل صاحب۔

Marfat.com

دانتوں سے مضبوط پکڑ لینا چاہے کچھ نظر آئے یا نہ آئے، نہ نظر آئے تو بہت اچھا ہے، اور اس میں کسی کی نہ ماننا، چاہے کوئی کتنے ہی دلائل دے مجھے تم اس میں تجربہ کار سمجھو، ارے ابھی تمہیں تجربہ نہیں ہوا، تم نے اپنے ماموں اور چچا کو دیکھا نہیں؟ کتنا غبی، کتنا کند ذہن، چند روز اللہ کا نام لیا کتنی برکتیں ہوئیں"

## اپنی سعی و محنت کی ضرورت

تصوف کے بعض حلقوں اور عوام میں بزرگانِ دین کے بعض خصوصی واقعات و کیفیات کی بناء پر یہ خیال پھیلا ہوا ہے کہ اہل قلوب جس وقت جس کو دولت باطنی عطا فرمانا چاہیں بلا استعداد و ذاتی سعی و محنت عطا فرما سکتے ہیں، ایسے واقعات کی صحت اور امکان میں شبہ نہیں جب کسی صاحب باطن نے اپنی یا طالب کی کسی خاص کیفیت پر جو بعض اوقات سعی و محنت کی قائم مقام بن جاتی ہے باذن خداوندی اس نسبت باطنی، یا کسی خاص حال کا اضافہ فرمایا لیکن یہ کوئی عمومی ضابطہ اور اختیاری چیز نہیں ہے عمومی طور پر اپنی ذاتی سعی و محنت ہی کی ضرورت ہوتی ہے اور اسی میں دوام و استقلال ہے۔ حضرت اسی پر بہت زور دیا کرتے تھے، ایک مرتبہ فرمایا کہ ہم نے حضرت مخدوم شیخ علی صابر پیران کلیریؒ کے مزار پر مراقبہ کیا، ہمارے دل میں تو یہی آواز آئی کہ "اپنا کرنا، اپنا بھرنا"[1]

مولانا عبداللہ صاحب دھرم کوٹ مشرقی پنجاب کے ایک دورہ کا حال بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:-

"چلتے چلتے فیضیاب ہونے والوں کے سلسلہ میں ایک واقعہ یاد آتا ہے کہ رمضان شریف کا غالباً آخری ہفتہ رائے پور میں ہوا اسی موقع پر ایک صاحب

(۱) تحریر مولوی عبدالجلیل صاحب

Marfat.com

تونسہ شریف کے رہنے والے چوہدری میں اہل مدیا سیالکوٹ کے حضرتؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے، پہلے وہ کسی اور بزرگ کی خدمت میں گئے ہوئے تھے ان بزرگ نے فرمایا کہ تمہارا حصہ رائے پور ہے وہاں جاؤ، رائے پور کا نقشہ آپ کے سامنے ہی ہے، خاص طور پر رمضان شریف میں سب حضرات مہمان اکثر اوقات ذکر، نماز، تلاوت، مراقبہ بالخصوص ذکر بالجہر میں مشغول رہتے تھے یہ منظر دیکھ کر وہ صاحب کہنے لگے کہ ہم سے تو یہ چکی نہ پیسی جا سکے گی، غالباً کسی نے حضرت سے ذکر کر دیا ہوگا، شام کے کھانے کے بعد حضرت نے فرمایا کہ دوست آتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے حصہ کی پڑیا بنی بنائی رکھی ہے مل جائے گی جیب میں ڈال کر لے آئیں گے مگر یہاں بغیر محنت کے کچھ حاصل نہیں ہوتا اس راستہ میں محنت لازمی ہے، غالباً اس کے بعد آیت وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا پڑھ کر مزید روشنی ڈالی، مگر چند دنوں بعد حضرت کے کانوں میں پھر یہی الفاظ ڈالے گئے کہ فلاں بزرگ دوستوں کی یہاں شب و روز محنت دیکھ کر گھبراتے اور کہتے ہیں کہ اتنی محنت یہاں کون کرے، دوبارہ بڑے جوش سے فرمایا کہ اگر کوئی گھر آپ لوگوں کو ایسا معلوم ہو جہاں دو روٹیاں پکی پکائی مل جاتی ہوں تو میں بھی ٹوکری پکڑ کر تمہارے ساتھ چلنے کو تیار ہوں تاکہ کچھ حاصل کر سکوں مگر دوست صرف چکی ہی پیسنے کی شکایت کرتے ہیں، مگر میں کہتا ہوں کہ چکی پیسنے کا ہنر تو بہت روز میں آتا ہے پہلے تو زمین کو جوتنا ہے، اچھا بھلا بیج گھر سے نکال کر کھیت میں بکھیرنا ہے پھر سینچنا ہے۔ تاکہ کھیتی بڑھ کر پکنے کی حد تک پہنچے اور پک جائے تو پھر کاٹنا اور گاہنا اور غلہ کو بھوسے سے علیحدہ کرنا ہے پھر چکی پینا

Marfat.com

حالات تو بہت گندے ہیں، ان حالات کا ملاحظہ فرما کر حضرت مجھے ضرور اپنے دربار سے نکال دیں گے. بس یہ کیف ایسا غالب ہوا کہ گندم جو اس وقت کٹنے کے قریب تھی اس میں جا کر چھپ کر رونے لگا، تمام داڑھی اور قمیص بھی بھیگ گئی، روتا روتا بے ہوش ہو گیا، جب سورج غروب ہونے لگا، فوراً ایک نہر سے جو پانی سے بھری تھی وضو کر کے مسجد میں آ گیا، جماعت سے فراغت کے بعد متصل ہی مولانا عبدالمنان صاحب نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا کہ مولوی صاحب سنت پڑھ کر فوراً اندر آ جانا، حضرتؒ اقدس نے آپ کو بلوایا ہے، بس پھر تو میں پسینہ پسینہ ہو گیا اور یقین آ گیا کہ اب کے تو حضرت تجھ کو ضرور نکالیں گے، کانپتا ہوا جب حاضر ہوا تو حضرت نے ہنس کر فرمایا آئیے مولانا تشریف لائیے، بندہ سامنے بیٹھ گیا، فرمایا آگے آؤ، بندہ ذرا آگے کھسکا پھر فرمایا آگے قریب ہو جاؤ، بندہ پھر قریب ہوا، اسی طرح کئی دفعہ آگے بڑھا اور کئی دفعہ حضرت اقدسؒ نے فرمایا، حتٰی کہ حضرت اقدس نے بالکل اپنی جھولی میں لے لیا، اس وقت جو میرا کیف تھا احاطۂ تحریر سے باہر ہے اور جو حضرت اقدس کے الطاف و پیار تھے بس وہ بھی احاطۂ تحریر سے باہر ہیں، اپنی چھاتی سے لگا کر محبت بھرے انداز میں فرمایا، مولوی صاحب آپ فکر نہ کریں اور اتنا مت روئیں مجھے کچھ معلوم نہیں ہوتا میں نے بے تکلفی سے عرض کیا کہ پھر حضرت کو کیسے معلوم ہو گیا کہ میں روتا ہوں، فرمایا یہ تو آپ سے تعلق کی وجہ سے ایسا ہو جاتا ہے، پھر فرمایا آپ تو ماشاء اللہ فائز المرام ہیں، اس کے بعد عشاء تک برابر راز و نیاز کی باتیں تنہائی میں ہوتی رہیں

Marfat.com

حضرت کے کمرہ کے سامنے کمرہ میں دعا مانگنی شروع کی کہ یا اللہ تیرے حبیب محمد مصطفےٰ صلعم کا واسطہ ہے کہ میری ملاقات اسی وقت کرا دے یہ دعا دل میں مانگ ہی رہے تھے کہ حضرت نے کروٹ لی اور فرمایا باہر کون ہے؟ وہ خاموش رہے، پھر دوبارہ پوچھا تو یہ چلے گئے، فرمایا کہ بھلے مانس! میں آدمی ہی تو ہوں، کوئی ہوّا نہیں ہوں، ایسی ہی ضرورت تھی تو خود آ کر اٹھا لیتے، توبہ توبہ، اتنی بڑی ذات کا واسطہ دیا، پھر شفقت فرما کر پاس بٹھایا اور سب بات سنی اور فرمایا کہ خوب کر لو جب کر چکے تو مصافحہ کر کے ان کو رخصت کر دیا۔"

**مولانا سعید احمد صاحب ایک واقعہ کا ذکر کرتے ہیں:۔**

"ایک دفعہ لاہور میں کھانسی، نزلہ، زکام بخار سے میں بہت بیمار ہو گیا تھا، تمام رات نیند نہیں آتی تھی، دن بھی بے چینی سے گزرتا، ڈاکٹروں نے کہا کہ سخت ترین انفلوئنزا ہے اور بہت خطرناک ہے، میں نے اس مرض کی حضرت اقدس کو شکایت بھجوائی کہ دعا فرما دیں، رات کو عشاء کے بعد ایک آدمی میری چارپائی پر معلوم ہوا اور آواز آئی کہ میں سکینہ ہوں، ڈر کے مارے میں پہلو نہیں بدلتا تھا کہ کھانسی آوے گی اور تکلیف ہو گی مگر وہ آدمی میرے پہلو بدلتا تھا اور کہتا تھا کہ بے فکر رہو، تم تندرست ہو، جب رات کے تین بجے تو مجھ سے کہا گیا کہ اٹھو اور شکر کے نفل پڑھو جب میں اٹھا تو ایسا تندرست تھا کہ گویا بیمار ہوا ہی نہیں تھا، یہ حضرت کی دعا یا توجہ تھی،

"ایک دفعہ مجھے خارش کا مرض شدید ہو گیا، ڈاکٹروں اور حکیموں سے بڑے بڑے علاج کروائے مگر افاقہ نہیں ہوا حضرت نے مجھے علاج کرانے کیلئے

Marfat.com

رائے پور بلوالیا، وہاں بہت علاج ہوا اور حکیم صاحب نے بڑی کڑوی دوائیں پلائیں مگر کچھ بھی افاقہ نہ ہوا، رات کو نیند نہیں آتی تھی اور کھجلا رہا تھا، حضرت پیشاب کرنے کو جارہے تھے، مولوی عبدالمنان صاحب سے دریافت فرمایا کہ یہ کون جاگ رہا ہے؟ بتایا گیا کہ سعید احمد کھجلا رہا ہے، اس کو نیند نہیں آتی، تمام رات جاگتا ہی رہتا ہے۔ حضرت اقدس نے فرمایا اللہ تعالٰے اپنے مخلص بندوں کے اسی طرح درجات بلند فرماتے ہیں، ہمارے مولوی صاحب کے درجات بلند ہورہے ہیں، مولوی عبدالمنان صاحب سے میں نے پوچھا کہ حضرت کیسے فرما رہے تھے انھوں نے جب مجھے بتایا تو حضرت کے کلمات میں مجھے بجلی کی کرنٹ کی طرح اثر معلوم ہوا۔"[1]

نسبت کی قوت، برقی تاثیر اور انقلاب حال کے واقعات متعدد اہل تعلق نے سنائے ہیں ان سب کا نقل کرنا مشکل ہے، یہاں پر صرف ایک دو واقعے نقل کئے جاتے ہیں جن کے راوی حضرت کے خادم خاص مولانا عبدالمنان صاحب ہیں۔

مولانا موصوف بیان فرماتے ہیں:۔

"غالباً ۱۹۳۶ء کا واقعہ ہے شبیر صاحب نومسلم بھاولپوری مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور میں پڑھتے تھے، میرے ہم سبق تھے، ہندو خاندان کے تھے اب جہاں دارالطلبہ جدید ہے وہاں پہلے خام کمرے تھے وہیں ہم لوگ رہتے تھے، وہاں سے حاجی شاہ کمال کے قبرستان کو جو سڑک جاتی ہے اس پر ایک مندر بھی ہے، اسی طرف سیر کرتے ہوئے مولوی صاحب ایک مرتبہ نکلے، وہاں ایک ہندو فقیر کی ان پر نظر پڑ گئی جس سے ان کے دل میں اسلام کے خلاف انحراف کے جذبات پیدا

(۱) مکتوب مولانا سعید احمد ڈونگوی

Marfat.com

ہونے لگے، یہ بات آکر انھوں نے مجھ سے کہی، میں نے ان کو حضرت شیخ (۱) کے پاس جانے کا مشورہ دیا بلکہ ان کو ساتھ لے کر گیا، حضرت شیخ اس وقت اوپر اپنے کمرے میں تھے، فرمایا کیسے آئے ہو؟ حالات عرض کئے، حضرت شیخ نے حضرت اقدس نوراللہ مرقدہٗ کی خدمت اقدس میں لیجانے اور حالات عرض کرنے کی ہدایت فرمائی احقر ان کو لے کر رائے پور حاضر ہوا، حضرت رحمۃ اللہ علیہ سے حالات عرض کئے، فرمایا کہ اب آرام کرو، صبح جب حضرت اقدس سیر کو تشریف لے گئے تو احقر اس وقت سو رہا تھا، سیر سے واپسی پر خانقاہ کے باہر لوہے کے پھاٹک سے کچھ اوپر کھڑے ہو کر احقر کو یاد فرمایا کہ مولوی عبدالمنان کہاں ہیں؟ کسی نے عرض کیا کہ حضرت سو رہے ہیں، بلائے گئے، فرمایا کہ تم بھی عجیب آدمی ہو، جس کام کے واسطے آئے تھے، وہ تمہیں یاد نہیں، میں نے عرض کیا کہ حضرت اب کرتے ہیں ——— مولوی شبیر صاحب سیر میں ساتھ ہی تھے، حضرت نے ان کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ احقر کچھ بھی نہیں، بعضے اللہ کے بندے ایسے ہوتے ہیں کہ یوں اشارہ کریں (ان کے دل کی طرف انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا) تو اس کا قلب جاری ہو جاتا ہے ——— بس اتنا فرمایا کہ تم ایسی جگہوں میں نہ جایا کرو ان ہندو فقیروں کے پاس۔

مولوی صاحب کا بیان ہے کہ اس اشارے کے بعد ایسا معلوم ہوتا تھا کہ قلب میں ایمان پھر عود کر آیا ہے اور بحمد اللہ سارے شبہات و خدشات وساوس زائل ہو گئے اور اس کے بعد اس کیفیت نے پھر کبھی عود نہیں کیا ——— مولانا موصوف بھاول پور میں بیکانیر گیٹ میں مقیم ہیں۔"

(۱) یعنی شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا مدظلہٗ

مولانا عبدالمنان صاحب خود اپنا حال بیان کرتے ہیں۔

"مجھ پر کچھ ایسی کیفیت طاری ہوگئی تھی کہ ہندو ہونے کو جی چاہتا تھا، سبق پڑھتے پڑھتے بیچ میں اٹھ کر چلا جاتا تھا، میں نے یہ کیفیت اپنے مشفق استاد حضرت مولانا حافظ عبداللطیف صاحب (ناظم مدرسہ مظاہر علوم) سے عرض کی، حضرت مولانا نے حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی خدمت میں بھیجا، شیخ نے فرمایا کہ تم حضرت کی خدمت میں جاؤ، حضرت تم پر بہت مہربان ہیں، میں نے عرض کیا کہ میں تو نہیں جاتا مجھے ڈر معلوم ہوتا ہے، آپ خط لکھ دیں، حضرت نے ازراہ کرم والانامہ تحریر فرمادیا، احقر اس کو لے کر رائے پور کے ارادے سے چلا، معلوم ہوا کہ حضرت کا قیام بہٹ میں ہے، یہ میری بہٹ کی پہلی حاضری تھی، حضرت کا قیام شاہ زاہد حسن صاحب مرحوم کے مکان پر تھا، گرمی کا موسم تھا، گیارہ بجے کے قریب دن میں پہنچا، حضرت آرام فرمارہے تھے، ظہر سے کچھ پہلے دروازہ کھلا تو حاضر ہوا، فرمایا مولوی صاحب کیسے آئے میں خاموش رہا، فرمایا کچھ بولو تو سہی! میں نے وہ پرچہ سامنے کردیا، فرمایا اس میں کیا لکھا ہے، میں نے کہا آپ پڑھ لیجئے آپ ہی کے نام پرچہ ہے، فرمایا کچھ تو بتاؤ، عرض کیا حضرت کسی کی چیز بھی پکڑ دینے کو جی نہیں چاہتا، اس پر بہت ہنسے، پرچہ لے کر رکھ لیا، ظہر عصر کی نماز حضرت کے ساتھ پڑھی، عصر میں اتفاق سے حضرتؒ کے بائیں جانب تھا، حضرت نے دعا کے بعد میری طرف دیکھا، یہ بجز اس کے مجھ پر رقت طاری ہوگئی، حضرت یہ دیکھ کر تشریف لے گئے، میں وہیں بیٹھا روتا رہا، تھوڑی دیر کے بعد جب سکون ہوا تو حاضر خدمت ہوا تو فرمایا صوفی صاحب کیا حال ہے؟ عرض کیا

